تَعۡلِیۡمُ الۡقُرۡاٰن

قَدۡ سَمِعَ اللّٰهُ (۲۸)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ
لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومتِ پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القرآن **رجسٹریشن نمبر:013**

میں نے چوہدری عبدالسلام کے ترجمہء قرآنِ کریم (تعلیم القرآن) کے پارہ نمبر 28 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اور احتیاط سے پڑھا ہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں اعرابی لفظی اور رسم الخط کی کوئی ایسی غلطی نہیں جس سے قرآنِ کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی واقع ہو

قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ (٢٨) کاآسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش خدمت ہے۔
قرآن پاک کاترجمہ سیکھنے کیلئے گرامر کاآنابہت ضروری ہے۔ پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات
لگائے گئے ہیں۔اسے پڑھیں یاکسی اور گرامر کی کتاب کامطالعہ کریں۔
قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیاگیاہے۔ پھر الفاظ کے ترجمہ کوملاکر
بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔ فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب
اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔
اگر کوئی کوتاہی نظر آئے توآگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔
پورے قرآن مجید کااسی انداز میں ترجمہ کرنے کاارادہ ہے دعاکریں اللہ پاک مجھے
ہمت اور صحت عطافرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کاسبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام
435رضابلاک علّامہ اقبال ٹاؤن لاہور
موبائل نمبر:0322-4655866

اٰيَاتُهَا: ۲۲	سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا: ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ	یقیناً اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں جھگڑ رہی تھی اور اللہ کی طرف شکایت کر رہی تھی

قَدْ، حرف تحقیق (یقیناً) سَمِعَ اللّٰهُ (سَمِعَ، اَللّٰهُ) سَمِعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَمِعَ يَسْمَعُ، مصدر سَمْعٌ، سننا، اس نے سن لی، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے سن لی)

قَوْلَ الَّتِيْ (قَوْلَ، اَلَّتِيْ) قَوْلَ، مضاف، اسم مصدر، بات، قول، اَلَّتِيْ، مضاف الیہ، اسم موصول واحد مؤنث، اس عورت کی جو (اس عورت کی بات جو) تُجَادِلُكَ (تُجَادِلُ، كَ) تُجَادِلُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَادَلَ يُجَادِلُ، مصدر مُجَادَلَةٌ، جھگڑا کرنا، وہ جھگڑ رہی تھی، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ سے جھگڑ رہی تھی) فِيْ زَوْجِهَا (فِيْ، زَوْجِ، هَا) فِيْ، حرف جار، کے بارے میں، زَوْجِ، مجرور، مضاف، شوہر، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنے (اپنے شوہر کے بارے میں) وَ، حرف عطف (اور) تَشْتَكِيْٓ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اِشْتَكٰى يَشْتَكِيْ، مصدر اِشْتِكَآءٌ، شکایت کرنا (وہ شکایت کر رہی تھی) اِلَى اللّٰهِ (اِلٰى، اَللّٰهِ) اِلٰى، حرف جار، سے، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ	اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) يَسْمَعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَمِعَ يَسْمَعُ، مصدر سَمْعٌ، سننا (وہ سن رہا تھا) تَحَاوُرَكُمَا (تَحَاوُرَ، كُمَا) تَحَاوُرَ، مضاف، اسم و مصدر، گفتگو، سوال وجواب، كُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مذکر حاضر، تم دونوں کی (تم دونوں کی گفتگو)

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝۱	یقیناً اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب (اللہ)

سَمِيْعٌ، اللہ کا صفاتی نام، سَمْعٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب سننے والا)

بَصِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ	وہ لوگ جو تم میں سے اپنی بیویوں کو ماں کہہ دیتے ہیں وہ (عورتیں) اُن کی مائیں نہیں ہیں

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) يُظٰهِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ظَاهَرَ يُظَاهِرُ، مصدر مُظَاهَرَةٌ، ظہار کرنا، ماں کہہ دینا (وہ ماں کہہ دیتے ہیں) مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے) مِنْ نِّسَآئِهِمْ (مِنْ، نِسَآءِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ، سے، ضرورتاً، کو، کیا جاتا ہے، نِسَآءِ، مجرور، مضاف، عورتیں، بیویوں، واحد، اِمْرَاَةٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی بیویوں کو) مَا، نافیہ (نہیں)

هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب (وہ (عورتیں) اُمَّهٰتِهِمْ (اُمَّهَاتِ، هِمْ) اُمَّهَاتِ، مضاف، مائیں، واحد، اُمٌّ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی مائیں)

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ؕ	نہیں ہیں ان کی مائیں مگر وہ عورتیں جنہوں نے انہیں جنا ہے

اِنْ، نافیہ (نہیں) اُمَّهٰتُهُمْ (اُمَّهَاتُ، هُمْ) اُمَّهَاتُ، مضاف، مائیں، واحد، اُمٌّ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی مائیں) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) الّٰٓـِٔيْ، اسم موصول جمع مؤنث، واحد، اَلَّتِيْ (وہ عورتیں جنہوں نے) وَلَدْنَهُمْ (وَلَدْنَ، هُمْ) وَلَدْنَ، فعل ماضی جمع مؤنث غائب وَلَدَ يَلِدُ، مصدر وِلَادَةٌ، پیدا کرنا، جننا، اُنہوں (عورتوں) نے جنا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اُنہوں نے جنا انہیں)

وَ اِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ	اور بلاشبہ وہ یقیناً ایک نامعقول بات اور جھوٹ

وَزُوۡرًا ؕ	کہتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّهُمۡ (اِنَّ، هُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بلاشبہ وہ) لَيَقُوۡلُوۡنَ (لَ، يَقُوۡلُوۡنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، يَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، وہ کہتے ہیں (یقیناً وہ کہتے ہیں) مُنۡكَرًا، اِنۡكَارٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (ایک نامعقول، ناپسندیدہ، بری) مِنَ الۡقَوۡلِ (مِنۡ، اَلۡقَوۡلِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلۡقَوۡلِ، مجرور، حاصل مصدر (بات) وَ، حرف عطف (اور) زُوۡرًا، اسم (جھوٹ)

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوۡرٌ ۝	اور بلاشبہ اللہ یقیناً بے حد معاف کرنے والا بہت بخشنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) لَعَفُوٌّ (لَ، عَفُوٌّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، عَفُوٌّ، اللہ کا صفاتی نام، عَفۡوًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بے حد معاف کرنے والا) غَفُوۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفۡرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

وَالَّذِيۡنَ يُظٰهِرُوۡنَ مِنۡ نِّسَآئِهِمۡ ثُمَّ يَعُوۡدُوۡنَ لِمَا قَالُوۡا فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّتَمَآسَّا ؕ	اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں کو ماں کہہ دیتے ہیں پھر وہ اس سے رجوع کر لیتے ہیں جو اُنہوں نے کہا تو اس سے پہلے کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں ایک گردن (غلام) کا آزاد کرنا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) يُظٰهِرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ظَاهَرَ يُظَاهِرُ، مصدر مُظَاهَرَةٌ، ظہار کرنا، ماں کہہ دینا (وہ ماں کہہ دیتے ہیں)

مِنۡ نِّسَآئِهِمۡ (مِنۡ، نِسَآءِ، هِمۡ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ، سے، ضرورتاً، کو، کیا جاتا ہے، نِسَآءِ، مجرور، مضاف، عورتیں، بیویوں، واحد، اِمۡرَاَةٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی بیویوں کو) ثُمَّ، حرف عطف (پھر) يَعُوۡدُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَادَ يَعُوۡدُ، مصدر عَوۡدًا وَّ عَوۡدَةٌ، واپس آنا، رجوع کرنا (وہ رجوع کر لیتے ہیں) لِمَا (لِ، مَا) لِ، حرف جار بمعنی، مِنۡ، سے، مَا، مجرور،

اسم موصول، جو (اس سے جو) قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا) فَتَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ(فَ، تَحْرِیْرُ، رَقَبَۃٍ) فَ، جوابِ شرط، حرفِ عطف، تو، تَحْرِیْرُ، مضاف، مصدر ہے، آزاد کرنا، رَقَبَۃٍ، مضاف الیہ، ایک گردن کا، جان، غلام (تو ایک گردن (غلام) کاآزاد کرنا ہے)

مِنْ قَبْلِ(مِنْ، قَبْلِ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، قبل، پہلے (اس سے پہلے)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) یَتَمَآسَّا، فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب تَمَآسَّ یَتَمَآسُّ، مصدر تَمَآسٌّ، ایک دوسرے کو ہاتھ لگانا، ازدواجی زندگی میں ایک دوسرے کو چھونا (دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں)

ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ	یہ (کفارہ) ہے اس کے ساتھ تم کو نصیحت کی جاتی ہے

ذٰلِكُمْ، اسم اشارہ ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر خطاب کیلئے (یہ) تُوْعَظُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر وَعَظَ یَعِظُ، مصدر وَعْظًا، نصیحت کرنا، تبلیغ کرنا (تم کو نصیحت کی جاتی ہے)

بِهٖ(بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ)

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۳﴾	اور اللہ اس سے خوب باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

بِمَا(بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خبر دار، خوب باخبر)

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ	پھر جو (غلام) نہ پائے تو دو مہینوں کے لگاتار روزے رکھنا ہے اس سے پہلے کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں

فَمَنْ(فَ، مَنْ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنْ، شرطیہ اسم موصول، جو (پھر جو)

لَمْ یَجِدْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب وَجَدَ یَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا وَّ وُجُوْدٌ، پانا،

(وہ نہ پائے) فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ (فَ، صِيَامُ، شَهْرَيْنِ، مُتَتَابِعَيْنِ) فَ، حرف عطف، جوابِ شرط، تو، صِيَامُ، مضاف، مصدر ہے، روزہ رکھنا، شَهْرَيْنِ، مضاف الیہ، موصوف، شَهْرٌ، کا تثنیہ، دو مہینوں کے، مُتَتَابِعَيْنِ، شَهْرَيْنِ، کی صفت، تَتَابُعٌ، مصدر سے اسم فاعل تثنیہ مذکر، پے درپے، لگاتار، متواتر (تو دو مہینوں کے لگاتار روزے رکھنا)

مِنْ قَبْلِ (مِنْ، قَبْلِ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، قبل، پہلے (اس سے پہلے)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) يَتَمَآسَّا، مضارع تثنیہ مذکر غائب تَمَآسَّ يَتَمَآسُّ، مصدر تَمَآسٌّ، ایک دوسرے کو ہاتھ لگانا (وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں)

فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ	پھر جو (روزوں کی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے

فَمَنْ (فَ، مَنْ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنْ، شرطیہ موصولہ، جو (پھر جو)

لَمْ يَسْتَطِعْ، فعل مضارع مجزوم منفی جحد بلم واحد مذکر غائب اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ، مصدر اِسْتِطَاعَةٌ، استطاعت رکھنا، طاقت رکھنا، (وہ طاقت نہ رکھے)

فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا (فَ، اِطْعَامُ، سِتِّيْنَ، مِسْكِيْنًا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اِطْعَامُ، مضاف، مصدر، کھانا کھلانا، سِتِّيْنَ، مضاف الیہ، موصوف، ساٹھ، مِسْكِيْنًا، صفت تمیز، مسکین (تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے)

ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ	یہ اس لئے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھو

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) لِتُؤْمِنُوْا (لِ، تُؤْمِنُوْا) لِ، لام تعلیل، کہ، تُؤْمِنُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا، تم ایمان رکھو (تاکہ تم ایمان رکھو)

بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلِهٖ (رَسُوْلِ، هٖ) رَسُوْلِ، مضاف، رسول، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،

اس کے (اس کے رسول)

وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ	اور یہ اللہ کی حدیں ہیں

وَ، حرف عطف (اور تِلْكَ، اسم اشارہ واحد مؤنث بعید (یہ) حُدُوْدُ اللّٰهِ (حُدُوْدُ، اَللّٰهِ) حُدُوْدُ، مضاف، حدیں، آڑ، واحد، حَدٌّ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی حدیں)

وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴﴾	اور کافروں کیلئے دردناک عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) لِلْكٰفِرِيْنَ (لِ، اَلْكٰفِرِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْكٰفِرِيْنَ، مجرور، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ (کافروں کیلئے)

عَذَابٌ اَلِيْمٌ (عَذَابٌ، اَلِيْمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِيْمٌ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ قَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ	بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل کئے جائیں گے جس طرح وہ لوگ ذلیل کئے گئے جو ان سے پہلے تھے بلاشبہ ہم نے واضح آیات نازل کی ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِيْنَ، اِنَّ، کا اسم، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) يُحَآدُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَآدَّ يُحَآدُّ، مصدر مُحَآدَّةٌ، مخالفت کرنا (وہ مخالفت کرتے ہیں) اَللّٰهَ، اللہ کا ذاتی نام (اللہ) وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلَهٗ (رَسُوْلَ، هٗ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) كُبِتُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب بمعنی مضارع كَبَتَ يَكْبِتُ، مصدر كَبْتًا، تحقیر کرنا، نیچے گرانا، ذلیل کرنا، يُحَآدُّوْنَ، کا جزائیہ اس لئے ترجمہ (وہ ذلیل کئے جائیں گے) كَمَا (كَ، مَا) كَ، حرف تشبیہ و حرف جار، جیسا، و مانند، طرح، مَا، مجرور، اسم موصول، جس (جس طرح) كُبِتَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب كَبَتَ يَكْبِتُ، مصدر كَبْتًا، ذلیل کرنا، تحقیر کرنا اَلَّذِيْنَ، کی وجہ

سے ترجمہ (وہ ذلیل کئے گئے) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

مِنْ قَبْلِهِمْ (مِنْ، قَبْلِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے پہلے) وَ، حرف عطف (اور) قَدْ، حرف تحقیق (بلا شبہ)

اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (ہم نے نازل کی ہیں)

اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ (اٰیٰتٍ، بَیِّنٰتٍ) اٰیٰتٍ، موصوف، آیات، نشانیاں، واحد، اٰیَةٌ، بَیِّنٰتٍ، اٰیٰتٍ، کی صفت، واضح، روشن، کھلی (واضح آیات)

وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۚ	اور کافروں کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) لِلْكٰفِرِیْنَ (لِ، اَلْكٰفِرِیْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْكٰفِرِیْنَ، مجرور، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ (کافروں کیلئے)

عَذَابٌ مُّهِیْنٌ (عَذَابٌ، مُهِیْنٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، مُهِیْنٌ، صفت، اِهَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ذلیل کرنے والا (ذلیل کرنے والا عذاب)

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ	اور جس دن اللہ اُن سب کو زندہ کر کے اُٹھائے گا پھر وہ انہیں اُس سے آگاہ کرے گا جو اُنہوں نے عمل کئے

يَوْمَ، ظرف زمان (جس دن) مراد روز قیامت، يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ (يَبْعَثُ، هُمْ، اَللّٰهُ) يَبْعَثُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَعَثَ يَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، بھیجنا، زندہ کر کے اٹھانا، وہ زندہ کر کے اٹھائے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ ان کو زندہ کر کے اٹھائے گا) جَمِيْعًا، هُمْ، ضمیر کی تاکید (سب)

فَيُنَبِّئُهُمْ (فَ، يُنَبِّئُ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، يُنَبِّئُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَبَّاَ يُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، آگاہ کرنا، بتانا، وہ آگاہ کرے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (پھر وہ انہیں آگاہ کرے گا) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے)

اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ط	اللہ نے اسے شمار کر رکھا اور وہ اسے بھول گئے

اَحْصٰىهُ اللّٰهُ (اَحْصٰى، هُ، اَللّٰهُ) اَحْصٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحْصٰى يُحْصِيْ، مصدر اِحْصَآءٌ، شمار کرنا، محفوظ کرنا، اس نے شمار کر رکھا ہے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے اسے شمار کر رکھا) وَ، حرف عطف (اور) نَسُوْهُ (نَسُوْا، هُ) نَسُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب نَسِيَ، يَنْسٰى، مصدر نِسْيَانٌ، بھولنا، وہ بھول گئے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے بھول گئے)

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۞ ع	اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے

وَ، حرف عطف (اور) اللّٰهُ، فاعل (اللہ) عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ (عَلٰى، كُلِّ، شَيْءٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر)

شَهِيْدٌ، شَهَادَةٌ وَّ شُهُوْدًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (گواہی دینے والا، گواہ، شاہد)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ط	کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

اَلَمْ تَرَ (اَ، لَمْ تَرَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَرَ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ نے نہیں دیکھا (کیا آپ نے نہیں دیکھا)

اَنَّ اللّٰهَ (اَنَّ، اَللّٰهَ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اَنَّ، کا اسم، اللہ (بے شک اللہ)

يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، موصولہ (جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو) فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ	تین آدمیوں کی کوئی سرگوشی نہیں ہوتی مگر وہ اُن کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ کی مگر وہ اُن کا چھٹا ہوتا ہے

وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ	اور نہ اس سے کم اور نہ زیادہ مگر وہ اُن کے ساتھ ہوتا ہے ہے وہ جہاں کہیں ہوں

مَا، نافیہ (نہیں) يَكُوْنُ، فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوتی)
مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ (مِنْ، نَجْوٰى، ثَلٰثَةٍ) مِنْ، حرف جار، برائے عموم، نَجْوٰى، مجرور، مضاف، اسم مصدر، سرگوشی، راز کی بات کرنا، کانا پھوسی، ثَلٰثَةٍ، مضاف الیہ، اسم عدد مذکر کیلئے،
تین (آدمیوں) کی (تین (آدمیوں) کی کوئی سرگوشی) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)
هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) رَابِعُهُمْ (رَابِعُ، هُمْ) رَابِعُ، مضاف اسم عدد، چوتھا، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا چوتھا) وَ، حر عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ)
خَمْسَةٍ، اسم عدد مذکر کیلئے (پانچ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)
سَادِسُهُمْ (سَادِسُ، هُمْ) سَادِسُ، مضاف، اسم عدد، چھٹا، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا چھٹا) وَ، حر عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ)
اَدْنٰى، دَنِيٌّ، مصدر سے اسم تفضیل، جب، اَكْثَرَ، کے مقابلے میں استعمال ہو تو معنی، اصغر، یعنی، کم، ہوتے ہیں، مِنْ ذٰلِكَ (مِنْ، ذٰلِكَ) مِنْ، حرف جار، سے، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس سے)
وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) اَكْثَرَ، كَثْرَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ)
اِلَّا، حرف استثنا (مگر) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)
مَعَهُمْ (مَعَ، هُمْ) مَعَ، مضاف، ساتھ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے ساتھ)
اَيْنَ مَا (اَيْنَ، مَا) اَيْنَ، ظرف مکان شرطیہ، اور، مَا، موصولہ (جہاں کہیں)
كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوں)

ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	پھر وہ انہیں قیامت کے دن اُس سے آگاہ کر دے گا جو اُنہوں نے عمل کئے

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) يُنَبِّئُهُمْ (يُنَبِّئُ، هُمْ) يُنَبِّئُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَبَّاَ يُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، آگاہ کرنا، بتانا، وہ آگاہ کردے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں آگاہ کردے گا) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے) يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (يَوْمَ، اَلْقِيٰمَةِ) يَوْمَ، مضاف، ظرف زمان، دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن)

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝	یقیناً اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم، اللہ (یقیناً اللہ) بِكُلِّ شَيْءٍ (بِ، كُلِّ، شَيْءٍ) بِ، حرف جار، کو، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو) عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَ يَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۡ وَ اِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَ يَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْ لَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ	کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جنہیں سرگوشی کرنے سے منع کیا گیا پھر وہ اس کی طرف واپس لوٹتے ہیں جس سے انہیں منع کیا گیا اور وہ گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی باہم سرگوشی کرتے ہیں اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو وہ آپ کو ان (الفاظ) کے ساتھ سلام کہتے ہیں جن کے ساتھ اللہ نے آپ کو سلام نہیں کہا اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ اللہ ہمیں اس پر کیوں نہیں عذاب دیتا جو ہم کہتے ہیں

اَلَمْ تَرَ (اَ، لَمْ تَرَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَرَ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ نے نہیں دیکھا (کیا آپ نے نہیں دیکھا)

اِلَى الَّذِيْنَ (اِلٰى، اَلَّذِيْنَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہیں

(ان لوگوں کی طرف جنہیں) نُهُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْيًا، منع کرنا (انہیں منع کیا گیا) عَنِ النَّجْوٰى (عَنْ، اَلنَّجْوٰى) عَنْ، حرف جار، سے، اَلنَّجْوٰى، مجرور، اسم مصدر، سرگوشی کرنا، سرگوشی، کانا پھوسی (سرگوشی کرنے سے) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

يَعُوْدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَادَ يَعُوْدُ، مصدر عَوْدًا وَّ عَوْدَةٌ، واپس لوٹنا (وہ واپس لوٹتے ہیں)

لِمَا (لِ، مَا) لِ، حرف جار، بمعنی اِلٰى، کی طرف، مَا، موصولہ، مجرور، جس (اس کی طرف جس)

نُهُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْيًا، منع کرنا (انہیں منع کیا گیا)

عَنْهُ (عَنْ، هُ) عَنْ، حرف جار، سے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے)

وَ، حرف عطف (اور) يَتَنٰجَوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَنَاجٰى يَتَنَاجٰى، مصدر تَنَاجِيٌ، باہم سرگوشی کرنا (وہ باہم سرگوشی کرتے ہیں) بِالْاِثْمِ (بِ، اَلْاِثْمِ) بِ، حرف جار، کی، اَلْاِثْمِ، مجرور، گناہ، جمع، اٰثَامٌ (گناہ کی) وَ، حرف عطف (اور) اَلْعُدْوَانِ، مصدر (ظلم، ستم، زیادتی) وَ، حرف عطف (اور)

مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ (مَعْصِيَتِ، اَلرَّسُوْلِ) مَعْصِيَتِ، مضاف، مصدر میمی، نافرمانی کرنا،

اَلرَّسُوْلِ، مضاف الیہ، رسول کی (رسول کی نافرمانی) وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، ظرف زمان مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) جَآءُوْكَ (جَآءُوْ، كَ) جَآءُوْ، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، وہ آتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (وہ آپ کے پاس آتے ہیں)

حَيَّوْكَ (حَيَّوْا، كَ) حَيَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب حَيَّ يُحَيِّيْ، مصدر تَحِيَّةٌ، سلام کہنا، دعا دینا، وہ سلام کہتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ کو سلام کہتے ہیں)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کے ساتھ، مَا، مجرور، اسم موصول، جن (ان (الفاظ) کے ساتھ جن)

لَمْ يُحَيِّكَ (لَمْ يُحَيِّ، كَ) لَمْ يُحَيِّ، فعل مضارع منفی جحد بلمواحد مذکر غائب حَيَّ يُحَيِّيْ، مصدر تَحِيَّةٌ، دعا دینا، سلام کہنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اس نے سلام نہیں کیا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (اس نے آپ کو سلام نہیں کہا) بِهِ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس،

ضمیر کا مرجع، مَا، ہے (ان کے ساتھ) اللّٰهُ، فاعل (اللہ) وَ، حرف عطف (اور)
يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)
فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ (فِيْ، اَنْفُسِ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، اَنْفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، دلوں،
واحد، نَفْسٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے دلوں میں)
لَوْ لَا، تمنی اور عرض کیلئے (کیوں نہیں) يُعَذِّبُنَا (يُعَذِّبُ، نَا) يُعَذِّبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب
عَذَّبَ يُعَذِّبُ، مصدر تَعْذِيْبٌ، عذاب دینا وہ عذاب دیتا، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (وہ ہمیں عذاب دیتا)
اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، بمعنی، عَلٰى، پر، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس پر جو)
نَقُوْلُ، فعل مضارع جمع متکلم قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (ہم کہتے ہیں)

حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ	انہیں جہنم کافی ہے

حَسْبُهُمْ (حَسْبُ، هُمْ) حَسْبُ، مضاف، مصدر ہے، بمعنی کافی ہونا، کافی،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (انہیں کافی ہے) جَهَنَّمُ (جہنم، دوزخ)

يَصْلَوْنَهَا ۚ	وہ اُس میں داخل ہوں گے

يَصْلَوْنَهَا (يَصْلَوْنَ، هَا) يَصْلَوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب صَلٰى يَصْلٰى، مصدر صَلِيًّا، بھوننا، داخل
ہونا، وہ داخل ہوں گے، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، جَهَنَّمُ، ہے،

فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۞	پس وہ بُرا ٹھکانہ ہے

فَبِئْسَ (فَ، بِئْسَ) فَ، حرف عطف، پس، بِئْسَ، فعل ذم واحد مذکر غائب، اس فعل کی گردان نہیں
آتی (پس وہ بُرا ہے) اَلْمَصِيْرُ، صَيْرٌ، مصدر، سے اسم ظرف مکان (لوٹنے کی جگہ، ٹھکانہ)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۭ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم آپس میں سرگوشی کرو تو تم گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشی نہ کرو اور تم آپس میں نیکی اور

	تقوٰی کی سرگوشی کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا(يَا،اَيُّهَا،الَّذِيْنَ،اٰمَنُوْٓا) يَا،حرف ندا،اے،اَيُّهَا،جب منادٰی پر،اَلْ،داخل ہو تو مذکر کیلئے،يَا،کے ساتھ،اَيُّهَا،بڑھادیتے ہیں،الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا،منادٰی،اَلَّذِيْنَ،اسم موصول جمع مذکر،وہ لوگو جو،اٰمَنُوْٓا،فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ،مصدر اِيْمَانًا،ایمان لانا،ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِذَا،ظرف زمان مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) تَنَاجَيْتُمْ،فعل ماضی جمع مذکر حاضر تَنَاجٰی يَتَنَاجٰی، مصدر تَنَاجِیٌ،باہم سرگوشی کرنا،آپس میں سرگوشی کرنا،اِذَا،کی وجہ سے ترجمہ (تم آپس میں سرگوشی کرو) فَلَا تَتَنَاجَوْا(فَ،لَا تَتَنَاجَوْا) فَ،حرف عطف،تو،لَا تَتَنَاجَوْا،فعل نہی جمع مذکر حاضر تَنَاجٰی يَتَنَاجٰی،مصدر تَنَاجِیٌ،باہم سرگوشی کرنا،تم سرگوشی نہ کرو (تو تم سرگوشی نہ کرو)

بِالْاِثْمِ(بِ،اَلْاِثْمِ) بِ،حرف جار،کی،اَلْاِثْمِ،مجرور،گناہ،جمع،اٰثَامٌ (گناہ کی)

وَ،حرف عطف (اور) اَلْعُدْوَانِ،مصدر ہے (ظلم،ستم،زیادتی) وَ،حرف عطف (اور)

مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ(مَعْصِيَتِ،اَلرَّسُوْلِ) مَعْصِيَتِ،مضاف،مصدر میمی،نافرمانی کرنا،نافرمانی، اَلرَّسُوْلِ،مضاف الیہ،رسول کی (رسول کی نافرمانی) وَ،حرف عطف (اور)

تَنَاجَوْا،فعل امر جمع مذکر حاضر تَنَاجٰی يَتَنَاجٰی،مصدر تَنَاجِیٌ،آپس میں سرگوشی کرنا (تم آپس میں سرگوشی کرو) بِالْبِرِّ(بِ،اَلْبِرِّ) بِ،حرف جار،کی،اَلْبِرِّ،مجرور،مصدر،نیکی کرنا،نیکی (نیکی کی) وَ،حرف عطف (اور) اَلتَّقْوٰی،اِتِّقَآءٌ،مصدر سے اسم (پرہیزگاری،تقوٰی،نفس کا اس چیز سے بچانا جس کا خوف ہو)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝	اور تم اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے

وَ،حرف عطف (اور) اِتَّقُوْا،فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی يَتَّقِیْ،مصدر اِتِّقَآءٌ،ڈرنا (تم ڈرو) اَللّٰهَ،خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) اَلَّذِیْ،اسم موصول واحد مذکر (جس) اِلَيْهِ(اِلٰی،هِ) اِلٰی،حرف جار،کی طرف، هِ،مجرور،ضمیر واحد مذکر غائب،اس،ضمیر کا مرجع،اَللّٰهَ،ہے (اس کی طرف) تُحْشَرُوْنَ،فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر حَشَرَ يَحْشُرُ،مصدر حَشْرًا،جمع کرنا،اکٹھا کرنا (تم اکٹھے کئے جاؤ گے)

اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْئًا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	یقیناً سرگوشی شیطان کی طرف سے ہے تاکہ وہ ان لوگوں کو غمگین کردے جو ایمان لائے حالانکہ وہ انہیں ہرگز کچھ بھی نقصان پہنچانے والا نہیں ہے مگر اللہ کے حکم سے

اِنَّمَا(اِنَّ، مَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، مَا، کافہ ہے جو حصر کیلئے ہے (بے شک، اس کے سوا نہیں، تحقیق، یقیناً) اَلنَّجْوٰى، اسم مصدر (سرگوشی کرنا، سرگوشی، کانا پھوسی)

مِنَ الشَّيْطٰنِ(مِنْ، اَلشَّيْطٰنِ)مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، اَلشَّيْطٰنِ، مجرور، شیطان (شیطان کی طرف سے) لِيَحْزُنَ(لِ، يَحْزُنَ)لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يَحْزُنَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب حَزَنَ يَحْزُنُ، مصدر حُزْنٌ، دکھی ہونا، غم میں مبتلا کرنا، غمگین کرنا، وہ غمگین کردے (تاکہ وہ غمگین کرے) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حالیہ (حالانکہ) لَيْسَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب، اس کی فعل امر اور فعل مضارع کی گردان نہیں آتی (وہ نہیں ہے) بِضَآرِّهِمْ (بِ، ضَآرِّ، هِمْ)بِ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید نفی، ہرگز، ضَآرِّ، مجرور، مضاف، ضَرٌّ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، نقصان پہنچانے والا، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (انہیں ہرگز نقصان پہنچانے والا) شَيْئًا (کچھ بھی، کسی چیز کا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

بِاِذْنِ اللّٰهِ(بِ، اِذْنِ، اَللّٰهِ)بِ، حرف جار بمعنی مِنْ، سے، اِذْنِ، مجرور، مضاف، اذن، حکم، مشیت، اِذْنِ، کا استعمال مشیت کے مفہوم بغیر نہیں ہوتا، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے حکم سے)

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝	اور ایمان والوں کو پس چاہیے کہ وہ اللہ پر توکل کریں

وَ، حرف عطف (اور) عَلَى اللّٰهِ(عَلٰى، اَللّٰهِ)عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

فَلْيَتَوَكَّلِ(فَ، لْ، يَتَوَكَّلِ)فَ، حرف عطف، پس، لْ، لام امر، چاہیئے کہ، لازم ہے کہ، يَتَوَكَّلِ، فعل مضارع واحد غائب تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ، مصدر تَوَكُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا، وہ توکل کریں (پس چاہیئے کہ وہ

توکل کریں) اَلْمُؤْمِنُوْنَ، اِیْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومنوں) واحد، اَلْمُؤْمِنُ،

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم سے کہا جائے کہ مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو تو تم جگہ کشادہ کردیا کرو اللہ تمہارے لئے کشادگی کردے گا	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِیْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْۤا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھادیتے ہیں، الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا، منادیٰ، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِذَا، ظرف زمان مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) قِیْلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (کہا جائے) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے) تَفَسَّحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَفَسَّحَ یَتَفَسَّحُ، مصدر تَفَسُّحٌ، کھل کر بیٹھنا کشادگی اور فراخی پیدا کرنے کیلئے، کشادگی پیدا کرنا (تم کشادگی پیدا کرو)

فِی الْمَجٰلِسِ (فِیْ، اَلْمَجٰلِسِ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلْمَجٰلِسِ، مجرور، مجلسوں، واحد، اَلْمَجْلِسُ (مجلسوں میں) فَافْسَحُوْا (فَ، اِفْسَحُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اِفْسَحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر فَسَحَ یَفْسَحُ، مصدر فَسْحًا (بیٹھنے کیلئے) جگہ بنانا، کشادہ کردینا (تو تم کشادہ کردیا کرو)

یَفْسَحِ اللّٰهُ (یَفْسَحِ، اَللّٰهُ) یَفْسَحِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب فَسَحَ یَفْسَحُ، مصدر فَسْحًا، جگہ بنانا، کشادہ کردینا، وہ کشادگی کردے گا، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ کشادگی کردے گا)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

اور جب کہا جائے تم کھڑے ہو جاؤ تو تم کھڑے ہو جایا کرو اللہ درجات بلند کردے گا تم میں سے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور اُن لوگوں کے جنہیں علم دیا گیا	وَ اِذَا قِیْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، ظرف زمان مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)
قِيْلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ ترجمہ (کہا جائے)
اُنْشُزُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر نَشَزَ يَنْشُزُ، مصدر نَشْزًا، اٹھنا، اٹھ کھڑے ہونا (تم اٹھ کھڑے ہو جاؤ)
فَانْشُزُوْا (فَ، اُنْشُزُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اُنْشُزُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر نَشَزَ يَنْشُزُ، مصدر نَشْزًا، اٹھ کھڑے ہونا، تم اٹھ کھڑے ہو جایا کرو (تو تم اٹھ کھڑے ہو جایا کرو)
يَرْفَعِ اللّٰهُ (يَرْفَعِ، اَللّٰهُ) يَرْفَعِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَفَعَ يَرْفَعُ، مصدر رَفْعًا، بلند کرنا، اٹھانا، وہ بلند کرے گا، اَللّٰهُ، فاعل ہے، اللہ (اللہ بلند کرے گا) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کے جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)
مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے)
وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کے جنہیں)
اُوْتُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءً، دینا (انہیں دیا گیا)
اَلْعِلْمَ، اسم مصدر (علم، دانش) دَرَجٰتٍ (درجات) واحد، دَرَجَةٌ،

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑪	اور اللہ اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب باخبر ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو) تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو) خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب باخبر، خبردار)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم رسول سے سرگوشی کرو تو تم اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ پیش کرو

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْۤا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادی پر، اَلْ، داخل ہو تو

مذکر کیلئے ،یَا، کے ساتھ ،اَیُّھَا، بڑھادیتے ہیں،الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا، منادیٰ،اَلَّذِیْنَ،اسم موصول جمع مذکر،وہ لوگو جو،اٰمَنُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا،ایمان لانا،ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِذَا، ظرف زمان مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) نَاجَیْتُمُ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر نَاجٰی یُنَاجِیْ، مصدر مُنَاجَاۃٌ، سرگوشی کرنا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم سرگوشی کرو) اَلرَّسُوْلَ (رسول) فَقَدِّمُوْا (فَ،قَدِّمُوْا) فَ، حرف عطف، تو، قَدِّمُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر قَدَّمَ یُقَدِّمُ، مصدر تَقْدِیْمٌ، آگے بھیجنا، پیش کرنا، تم پیش کرو (تو تم پیش کرو)

بَیْنَ یَدَیْ (بَیْن، یَدَیْ) بَیْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، یَدَیْ، مضاف الیہ، اصل میں،یَدَیْنِ، تھا،اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، دونوں ہاتھوں کے،واحد،یَدٌ (دونوں ہاتھوں کے درمیان، آگے، سامنے، پہلے) نَجْوٰىکُمْ (نَجْوٰی، کُمْ) نَجْوٰی، مضاف،اسم مصدر، سرگوشی کرنا، سرگوشی، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر،اپنی (اپنی سرگوشی) صَدَقَةً (صدقہ، خیرات) جمع،صَدَقَاتٍ،

ذٰلِكَ خَیْرٌ لَّكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ	یہ تمہارے لئے بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے

ذٰلِكَ،اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) خَیْرٌ (بہتر، اچھا)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

وَ، حرف عطف (اور) اَطْهَرُ، طَهَارَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ پاکیزہ)

فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ⑫	پھر اگر تم (صدقہ) نہ پاؤ تو یقیناً اللہ بے حد بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

فَاِنْ (فَ،اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر،اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (پھر اگر) لَمْ تَجِدُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر وَجَدَ یَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا وَّ وُجُوْدٌ، پانا (تم نہ پاؤ) فَاِنَّ اللّٰهَ (فَ،اِنَّ،اَللّٰهَ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً،اَللّٰهَ،اِنَّ، کا اسم، اللہ (تو یقیناً اللہ) غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بے حد بخشنے والا)

رَحِیْمٌ ،اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ	کیا تم ڈر گئے کہ اپنی سرگوشی سے پہلے صدقات پیش کرو

ءَاَشْفَقْتُمْ (ءَ،اَشْفَقْتُمْ)ءَ،استفہامیہ، کیا،اَشْفَقْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَشْفَقَ يُشْفِقُ، مصدر اِشْفَاقٌ، ڈرنا، تم ڈر گئے (کیا تم ڈر گئے) اَنْ، مصدرریہ (کہ)

تُقَدِّمُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر قَدَّمَ يُقَدِّمُ، مصدر تَقْدِيْمٌ، آگے بھیجنا، پیش کرنا (تم پیش کرو)

بَيْنَ يَدَيْ (بَيْن، يَدَيْ) بَيْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان،يَدَيْ، مضاف الیہ، اصل میں،يَدَيْنِ، تھا، يَدٌ، کا تثنیہ ،اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، دونوں ہاتھوں کے (دونوں ہاتھوں کے درمیان،آگے،سامنے،پہلے)نَجْوٰىكُمْ (نَجْوٰى، كُمْ)نَجْوٰى، مضاف،اسم مصدر، سرگوشی کرنا، سرگوشی ،كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر،اپنی (اپنی سرگوشی) صَدَقٰتٍ (صدقات) واحد،صَدَقَةٌ،

فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ	پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا اور اللہ نے تم پر مہربانی فرمائی تو تم نماز قائم کرو اور تم زکوٰۃ دو اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو

فَاِذْ (فَ،اِذْ)فَ، حرف عطف، پھر،اِذْ،اسم ظرف زمان، جب (پھر جب)

لَمْ تَفْعَلُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر فَعَلَ يَفْعَلُ، مصدر فِعْلًا، کرنا،کام کرنا،لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم نے (ایسا) نہ کیا) وَ، حرف عطف (اور) تَابَ اللّٰهُ (تَابَ،اَللّٰهُ)تَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَابَ يَتُوْبُ، مصدر تَوْبَةٌ، توبہ کرنا، صلہ میں، عَلٰى، ہے اس لئے معنی،توبہ قبول کرنا، مہربانی فرمانا،اس نے مہربانی فرمائی،اَللّٰهُ، فاعل،اللہ (اللہ نے مہربانی فرمائی)

عَلَيْكُمْ (عَلٰى، كُمْ)عَلٰى، حرف جر،پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

فَاَقِيْمُوا (فَ،اَقِيْمُوْا،اَلصَّلٰوةَ)فَ، حرف عطف، تو،اَقِيْمُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر

اِقَامَةٌ، قائم کرنا، تم قائم کرو، اَلصَّلٰوةَ، نماز (تو تم نماز قائم کرو) وَ، حرف عطف (اور)

اٰتُوا الزَّكٰوةَ (اٰتُوْا، اَلزَّكٰوةَ) اٰتُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، ادا کرنا، تم دو،

اَلزَّكٰوةَ (تم زکوۃ دو) وَ، حرف عطف (اور) اَطِيْعُوا اللّٰهَ (اَطِيْعُوْا، اَللّٰهَ) اَطِيْعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر

اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، حکم ماننا، تم اطاعت کرو، اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ

(تم اللہ کی اطاعت کرو) وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلَهٗ (رَسُوْلَ، هٗ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول،

هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے رسول)

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝١٣	اور اللہ اس سے خوب باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو

ع ۲

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب باخبر، خبردار)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ	کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جنہوں نے اُن لوگوں کو دوست بنایا جن پر اللہ نے غضب کیا

اَلَمْ تَرَ (اَ، لَمْ تَرَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَرَ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى،

مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ نے نہیں دیکھا (کیا آپ نے نہیں دیکھا)

اِلَى الَّذِيْنَ (اِلٰى، اَلَّذِيْنَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، اُن لوگوں کو

جنہوں نے (اُن لوگوں کی طرف جنہوں نے) تَوَلَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر حاضر تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر

تَوَلِّيٌ، دوستی کرنا، دوست بنانا (اُنہوں نے دوست بنایا) قَوْمًا (ایسی قوم، اُن لوگوں)

غَضِبَ اللّٰهُ (غَضِبَ، اَللّٰهُ) غَضِبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب غَضِبَ يَغْضَبُ، مصدر غَضْبًا،

غضب ناک ہونا، غصے ہونا، غضب کرنا، اس نے غضب کیا، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے غضب کیا)

عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾	وہ (منافق) نہ تم میں سے ہیں اور نہ ان (یہودیوں) سے ہیں اور وہ جھوٹ پر قسمیں کھاتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں

مَا هُمْ (مَا، هُمْ) مَا، نافیہ (نہ) هُمْ، ضمیر جمع ذکر غائب، وہ، مرجع منافق ہیں (وہ نہ)

مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان، مرجع یہود ہیں (ان سے) وَ، حرف عطف (اور)

يَحْلِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَلَفَ يَحْلِفُ، مصدر حَلْفًا، قسم کھانا (وہ قسمیں کھاتے ہیں)

عَلَى الْكَذِبِ (عَلٰى، اَلْكَذِبِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلْكَذِبِ،

مجرور، جھوٹ، جھوٹی بات (جھوٹ پر) وَ، حالیہ (حالانکہ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتے ہیں)

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ	اللہ نے ان کیلئے بہت سخت عذاب تیار کیا ہے

اَعَدَّ اللّٰهُ (اَعَدَّ، اَللّٰهُ) اَعَدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعَدَّ يُعِدُّ، اِعْدَادٌ، تیار کرنا، اس نے تیار کیا ہے، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے تیار کیا ہے) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے) عَذَابًا شَدِيْدًا (عَذَابًا، شَدِيْدًا) عَذَابًا، موصوف، عذاب، شَدِيْدًا، صفت، شَدٌّ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت سخت (بہت سخت عذاب)

اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾	یقیناً وہ برا ہے جو وہ عمل کرتے رہے ہیں

اِنَّهُمْ (اِنَّ، هُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)

سَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَآءَ يَسُوْٓءُ، مصدر سَوْٓءٌ، برا ہونا (وہ برا ہے)

مَا، موصولہ (جو) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ رہے ہیں)
يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کرتے)

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾	اُنہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنالیا پس اُنہوں نے اللہ کی راہ سے روکا سو اُن کیلئے رسوا کرنے والا عذاب ہے

اِتَّخَذُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، پکڑنا (اُنہوں نے بنالیا)
اَيْمَانَهُمْ (اَيْمَانَ، هُمْ) اَيْمَانَ، مضاف، قسموں، واحد، يَمِيْنٌ، اصل معنی، دائیں ہاتھ کے ہیں، حلف اسی سے مستعار لیا گیا ہے، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی قسموں)
جُنَّةً (ڈھال، آڑ) جمع، جُنَنٌ، فَصَدُّوْا (فَ، صَدُّوْا) فَ، حرف عطف، پس، صَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صَدًّا وَّ صُدُوْدًا، روکنا، اُنہوں نے روکا (پس اُنہوں نے روکا)
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (عَنْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ سے) فَلَهُمْ (فَ، لَ، هُمْ) فَ، حرف، عطف، سو، لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (سو اُن کیلئے)
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (عَذَابٌ، مُهِيْنٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، مُهِيْنٌ، صفت، اِهَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، رسوا کرنے والا (رسوا کرنے والا عذاب)

لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ	اُن کے اموال اللہ کے مقابلے میں اُن کے ہرگز کچھ بھی کام نہیں آئیں گے اور نہ اُن کی اولاد

لَنْ تُغْنِيَ، فعل مضارع منفی تاکید بہ لن واحد مؤنث غائب اَغْنٰى يُغْنِيْ، مصدر اِغْنَاءٌ، کام آنا، اَمْوَالُهُمْ اَوْلَادُهُمْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہرگز کام نہیں آئیں گے) عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، اصل ترجمہ، سے، ضرورتًا ترجمہ، کے، کیا جاتا ہے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کے)

اَمْوَالُهُمْ (اَمْوَالُ، هُمْ) اَمْوَالُ، مضاف، اموال، واحد، مَالٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اموال) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) اَوْلَادُهُمْ (اَوْلَادُ، هُمْ) اَوْلَادُ، مضاف، اولاد، واحد، وَلَدٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی اولاد) مِنَ اللّٰهِ (مِنْ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، برائے تقابل، کے مقابلے میں، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے مقابلے میں) شَيْئًا (کچھ بھی)

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ؕ	یہ لوگ دوزخ کے رہنے والے ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہ لوگ) اَصْحٰبُ النَّارِ (اَصْحٰبُ، اَلنَّارِ) اَصْحٰبُ، مضاف، ساتھی، والے، رہنے والے، واحد، صَاحِبٌ، اَلنَّارِ، مضاف الیہ، آگ کے، دوزخ کے (دوزخ کے رہنے والے)

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلنَّارِ، ہے (اس میں) خٰلِدُوْنَ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے) واحد، خَالِدٌ،

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ؕ	جس دن اللہ ان سب کو (دوبارہ زندہ کر کے) اُٹھائے گا تو وہ اس کے سامنے قسمیں کھائیں گے جس طرح وہ تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں اور وہ گمان کریں گے کہ یقیناً وہ کسی چیز پر (قائم) ہیں

يَوْمَ، ظرف زمان (جس دن) مراد قیامت کا دن، يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ (يَبْعَثُ، هُمْ، اَللّٰهُ) يَبْعَثُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَعَثَ يَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، بھیجنا، اٹھانا، وہ (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کو، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ اُن کو (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا) جَمِيْعًا تاکید کیلئے (سب، سارے) فَيَحْلِفُوْنَ (فَ، يَحْلِفُوْنَ) فَ، حرف عطف، تو، يَحْلِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَلَفَ يَحْلِفُ، مصدر حَلْفًا، قسم کھانا، وہ قسمیں کھائیں گے (تو وہ قسمیں کھائیں

گے)لَهٗ (لَ،هٗ)لَ،حرف جار،کیلئے،کے سامنے،هٗ،مجرور،ضمیر واحد مذکر غائب،اس(اس کے سامنے)
کَمَا(كَ،مَا)كَ،حرف تشبیہ،مانند،طرح،جیسے،مَا،موصولہ،جس(جس طرح)
یَحْلِفُوْنَ،فعل مضارع جمع مذکر غائب حَلَفَ یَحْلِفُ،مصدر حَلْفًا،قسم کھانا(وہ قسمیں کھاتے ہیں)
لَکُمْ (لَ،کُمْ)لَ،حرف جار،کیلئے،کے سامنے،کُمْ،مجرور،ضمیر جمع مذکر حاضر،تمہارے(تمہارے سامنے)وَ،حرف عطف(اور)یَحْسَبُوْنَ،فعل مضارع جمع مذکر غائب حَسِبَ یَحْسَبُ،مصدر حِسْبَانٌ،خیال کرنا،گمان کرنا(وہ گمان کریں گے)
اَنَّهُمْ (اَنَّ،هُمْ)اَنَّ،حرف مشبہ بالفعل،بے شک،یقیناً،هُمْ،ضمیر جمع مذکر غائب،وہ(یقیناً وہ)
عَلٰی شَیْءٍ(عَلٰی،شَیْءٍ)عَلٰی،حرف جار،پر،شَیْءٍ،مجرور،کسی چیز،کسی شے(کسی چیز پر)

اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْکٰذِبُوْنَ ۱۸	سن لو یقیناً وہ لوگ ہی جھوٹے ہیں

اَلَا،حرف تنبیہ(سن،جان لو،خبردار ہو جاؤ)اِنَّهُمْ (اِنَّ،هُمْ)اِنَّ،حرف مشبہ بالفعل،بے شک،یقیناً،هُمْ،ضمیر جمع مذکر غائب،وہ(یقیناً وہ)هُمْ،تاکید کیلئے،ضمیر جمع مذکر غائب(وہی)
اَلْکٰذِبُوْنَ،کِذْبٌ،کَذْبٌ،مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر(جھوٹ بولنے والے،جھوٹے)واحد،اَلْکَاذِبُ،

اِسْتَحْوَذَ عَلَیْهِمُ الشَّیْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِکْرَ اللّٰهِ ؕ	شیطان نے اُن پر قابو پالیا سو اُس نے انہیں اللہ کی یاد بُھلادی

اِسْتَحْوَذَ،فعل ماضی واحد مذکر غائب اِسْتَحْوَذَ یَسْتَحْوِذُ،مصدر اِسْتِحْوَاذٌ،قابو پانا،غالب آنا(اس نے قابو پالیا)عَلَیْهِمُ (عَلٰی۔هِمْ)عَلٰی،حرف جار،پر،هِمْ،مجرور،ضمیر جمع مذکر غائب،اُن(اُن پر)
اَلشَّیْطٰنُ،فاعل(شیطان)فَاَنْسٰهُمْ (فَ،اَنْسٰی،هُمْ)فَ،حرف عطف،سو،اَنْسٰی،فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْسٰی یُنْسِیْ،مصدر اِنْسَاءٌ،بُھلادینا،اُس نے بُھلادی،
هُمْ،ضمیر جمع مذکر غائب،اُنہیں(سو اُس نے اُنہیں بُھلادی)
ذِکْرَ اللّٰهِ(ذِکْرَ،اَللّٰهِ)ذِکْرَ،مضاف،اسم مصدر،ذکر،یاد،اَللّٰهِ،مضاف الیہ،اللہ کی(اللہ کی یاد)

اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ	یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہ لوگ) حِزْبُ الشَّيْطٰنِ (حِزْبُ، اَلشَّيْطٰنِ) حِزْبُ، مضاف، گروہ، جماعت، جمع، اَحْزَابٌ، اَلشَّيْطٰنِ، مضاف الیہ، شیطان کا (شیطان کا گروہ)

اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ⑲	سن لو یقیناً شیطان کے گروہ (کے لوگ) وہی خسارہ اٹھانے والے ہیں

اَلَا، حرف تنبیہ (خبر دار، سن لو، یاد رکھو) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (یقیناً)

حِزْبَ الشَّيْطٰنِ (حِزْبَ، اَلشَّيْطٰنِ) حِزْبَ، مضاف، گروہ، جماعت، اَلشَّيْطٰنِ، مضاف الیہ، شیطان کے (شیطان کے گروہ) هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی) اَلْخٰسِرُوْنَ، خُسْرَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خسارہ اٹھانے والے، نقصان اٹھانے والے) واحد، اَلْخَاسِرُ

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ⑳	یقیناً وہ لوگ جو اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يُحَآدُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَآدَّ يُحَآدُّ، مصدر مُحَآدَّةٌ، مخالفت کرنا (وہ مخالفت کرتے ہیں)

اَللّٰهَ (اللہ) وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلَهٗ (رَسُوْلَ، هٗ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے رسول) اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہی)

فِي الْاَذَلِّيْنَ (فِيْ، اَلْاَذَلِّيْنَ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَذَلِّيْنَ، مجرور، ذِلَّةٌ، مصدر سے افعل التفضل کا صیغہ، زیادہ ذلیل ہونے الے، ذلیل ترین لوگ، واحد، اَلْاَذَلُّ (ذلیل ترین لوگوں میں سے)

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَ رُسُلِيْ ؕ	اللہ نے لکھ دیا ہے کہ یقیناً میں ضرور غالب رہوں گا اور میرے رسول

كَتَبَ اللّٰهُ (كَتَبَ، اَللّٰهُ) كَتَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَتَبَ يَكْتُبُ، مصدر كِتَابَةٌ، لکھنا، اس نے

لکھ دیا ہے، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے لکھ دیا ہے) لَاَغْلِبَنَّ (لَ، اَغْلِبَنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اَغْلِبَنَّ، فعل مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم غَلَبَ یَغْلِبُ، مصدر غَلَبَةٌ، غالب رہنا، میں ضرور غالب رہوں گا (یقیناً میں ضرور غالب رہوں گا) اَنَا، ضمیر واحد متکلم، فاعل (میں)

وَ، حرف عطف (اور) رُسُلِیْ (رُسُلِ، یْ) رُسُلِ، مضاف، جمع مکسر، رسولوں، واحد، رَسُوْلٌ، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے رسول)

اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿۲۱﴾	یقیناً اللہ بڑی قوت والا بڑا غالب ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم، اللہ (بے شک اللہ)

قَوِیٌّ، اللہ کا صفاتی نام، قُوَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی قوت والا)

عَزِیْزٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب)

لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ کَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِیْرَتَهُمْ ؕ	آپ اُن لوگوں کو جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں نہیں پائیں گے کہ وہ اُس سے دوستی رکھتے ہوں جس نے اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کی اور اگرچہ وہ اُن کے باپ دادا ہوں یا اُن کے بیٹے یا اُن کے بھائی یا اُن کے قریبی رشتہ دار

لَا تَجِدُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر حاضر وَجَدَ یَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا وَّ وُجُوْدٌ، پانا (آپ نہیں پائیں گے) قَوْمًا (قوم، لوگوں) یُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتے ہیں) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، بمعنی، عَلٰی، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

وَ، حرف عطف (اور) اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ (اَلْیَوْمِ، اَلْاٰخِرِ) اَلْیَوْمِ، موصوف، ظرف زمان، دن، یوم، اَلْاٰخِرِ، صفت، آخرت (آخرت کے دن، یوم آخرت) یُوَآدُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب وَدَّ یَوُدُّ، مصدر وَدٌّ وَّ مَوَدَّةٌ، چاہنا، محبت کرنا، دوستی رکھنا (وہ دوستی رکھتے ہوں)

مَنۡ، اسم موصول (اس سے جس نے) حَآدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَآدَّ یُحَآدُّ، مصدر مُحَآدَّةٌ، مخالفت کرنا (اس نے مخالفت کی) اَللّٰهَ (اللہ) وَ، حرف عطف (اور)

رَسُوۡلَهٗ (رَسُوۡلَ، هٗ) رَسُوۡلَ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) وَلَوۡ، وَ، حرف عطف، اور، لَوۡ، وصلیہ، اگرچہ (اور اگرچہ)

كَانُوۡۤا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ ہوں)

اٰبَآءَهُمۡ (اٰبَآءَ، هُمۡ) اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے باپ دادا) اَوۡ، حرف عطف (یا) اَبۡنَآءَهُمۡ (اَبۡنَآءَ، هُمۡ) اَبۡنَآءَ، مضاف، بیٹے، واحد، اِبۡنٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے بیٹے)

اَوۡ، حرف عطف (یا) اِخۡوَانَهُمۡ (اِخۡوَانَ، هُمۡ) اِخۡوَانَ، مضاف، بھائیوں، واحد، اَخٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے بھائی) اَوۡ، حرف عطف (یا)

عَشِيۡرَتَهُمۡ (عَشِيۡرَتَ، هُمۡ) عَشِيۡرَتَ، مضاف، کنبہ، قبیلہ، رشتہ دار، برادری، وہ رشتہ دار جن کے ذریعے اس سے کثرت حاصل ہو، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے قریبی رشتہ دار)

یہی لوگ ہیں کہ اُن کے دلوں میں اُس نے ایمان لکھ دیا ہے اور اُس نے انہیں اپنی طرف سے روح (نور ایمان) کے ساتھ قوت دی ہے	اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمُ الۡاِيۡمَانَ وَاَيَّدَهُمۡ بِرُوۡحٍ مِّنۡهُ ؕ

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی لوگ) كَتَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَتَبَ يَكۡتُبُ، مصدر كِتَابَةٌ، لکھنا (اس نے لکھ دیا ہے) فِىۡ قُلُوۡبِهِمُ (فِىۡ، قُلُوۡبِ، هِمُ) فِىۡ، حرف جار، میں، قُلُوۡبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلۡبٌ، هِمُ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دلوں میں)

اَلۡاِيۡمَانَ (ایمان) وَ، حرف عطف (اور) اَيَّدَهُمۡ (اَيَّدَ، هُمۡ) اَيَّدَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَيَّدَ يُؤَيِّدُ، مصدر تَاۡيِيۡدٌ، قوت دینا، اُس نے قوت دی ہے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اس نے انہیں قوت دی

ہے) بِرُوْحٍ (بِ، رُوْحٍ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، رُوْحٍ، مجرور، روح (روح کے ساتھ) مِنْهُ (مِنْ، هٗ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی طرف سے)

وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	اور وہ انہیں جنتوں میں داخل کرے گا اُن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں (وہ) اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) يُدْخِلُهُمْ (يُدْخِلُ، هُمْ) يُدْخِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدْخَلَ يُدْخِلُ، مصدر اِدْخَالٌ، داخل کرنا، وہ داخل کرے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں داخل کرے گا) جَنّٰتٍ (جنتوں، باغوں) واحد، جَنَّةٌ، تَجْرِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَرٰی يَجْرِيْ، مصدر جِرْيَانٌ، بہنا، اَلْاَنْهٰرُ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ بہتی ہیں)

مِنْ تَحْتِهَا (مِنْ، تَحْتِ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، تَحْتِ، مجرور، مضاف، نیچے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ، ہے (ان کے نیچے سے)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھادیتے ہیں، اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا تَتَّخِذُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا (تم نہ بناؤ) عَدُوِّيْ (عَدُوِّ، يْ) عَدُوِّ، مضاف، عَدُوٌّ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت، دشمن، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے دشمن) وَ، حرف عطف (اور) عَدُوَّكُمْ (عَدُوَّكُمْ) عَدُوَّ، مضاف، عَدُوٌّ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت، دشمن، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے دشمن)

اَوْلِيَآءَ (دوست، ساتھی) واحد، وَلِيٌّ، تُلْقُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَلْقٰى يُلْقِيْ، مصدر اِلْقَآءٌ، ڈالنا، پیغام بھیجنا (تم پیغام بھیجتے ہو) اِلَيْهِمْ (اِلٰى، هِمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کی طرف) بِالْمَوَدَّةِ (بِ، اَلْمَوَدَّةِ) بِ، حرف جار، کا، اَلْمَوَدَّةِ، مجرور، مصدر، محبت، دوستی (دوستی کا) وَ، حالیہ (حالانکہ) قَدْ، حرف تحقیق (یقیناً)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (اُنہوں نے انکار کیا)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)
جَآءَكُمْ (جَآءَ، كُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، وہ آیا،
كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (وہ تمہارے پاس آیا)
مِنَ الْحَقِّ (مِنْ، اَلْحَقِّ) مِنْ، حرف جار، سے اَلْحَقِّ، مجرور، حق، مراد، قرآن ہے (حق سے)

يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَ اِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ	وہ رسولؐ اور تمہیں بھی نکالتے ہیں کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان لائے ہو

يُخْرِجُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا (وہ نکالتے ہیں)
اَلرَّسُوْلَ (رسولؐ) وَ، حرف عطف (اور) اِيَّاكُمْ، ضمیر منصوب منفصل جمع مذکر حاضر (تمہیں بھی)
اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) تُؤْمِنُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (تم ایمان لائے ہو) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)
رَبِّكُمْ (رَبِّ، كُمْ) رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب)

اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۗ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۗ	اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کیلئے نکلے ہو (پھر ان سے دوستی نہ رکھو) تم ان کی طرف دوستی کے پیغام چھپا کر بھیجتے ہو

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا،
اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو) خَرَجْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر خَرَجَ يَخْرُجُ، مصدر
خُرُوْجًا، نکلنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم نکلے ہو) جِهَادًا، مصدر ہے (جہاد، جہاد کرنا، کوشش)
فِيْ سَبِيْلِيْ (فِيْ، سَبِيْلِ، يْ) فِيْ، حرف جار، میں، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری راہ میں) وَ، حرف عطف (اور) اِبْتِغَآءَ، مصدر ہے (چاہنا، تلاش کرنا)
مَرْضَاتِيْ (مَرْضَاتِ، يْ) مَرْضَاتِ، مضاف، مصدر میمی، رضا، خوشنودی، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد

متکلم، میری (میری رضا) تُسِرُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَسَرَّ یُسِرُّ، مصدر اِسْرَارٌ، چھپا کر بات کہنا، چھپا کر بھیجنا، پوشیدہ رکھنا (تم چھپا کر بھیجتے ہو) اِلَيْهِمْ (اِلٰی، هِمْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کی طرف) بِالْمَوَدَّةِ (بِ، اَلْمَوَدَّةِ) بِ، حرف جار، کے، اَلْمَوَدَّةِ، مجرور، مصدر، محبت، دوستی (دوستی کے (پیغام))

وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ	حالانکہ میں اس کو زیادہ جاننے والا ہوں جو تم نے چھپایا اور جو تم نے ظاہر کیا

وَ، حالیہ (حالانکہ) اَنَا، ضمیر واحد متکلم (میں) اَعْلَمُ، عِلْمًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا) بِمَآ (بِ، مَآ) بِ، حرف جار، کو، مَآ، مجرور، اسم موصول، جو (اُس کو جو) اَخْفَيْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَخْفٰی یُخْفِیْ، مصدر اِخْفَآءٌ، چھپانا (تم نے چھپایا) وَ، حرف عطف (اور) مَآ، موصولہ (جو) اَعْلَنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَعْلَنَ یُعْلِنُ، مصدر اِعْلَانٌ، اعلان کرنا، ظاہر کرنا (تم نے ظاہر کیا)

وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝	اور تم میں سے جو یہ (حرکت) کرے تو یقیناً وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ اسم موصول (جو) يَفْعَلْهُ (يَفْعَلْ، هٗ) يَفْعَلْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب فَعَلَ يَفْعَلُ، مصدر فِعْلًا، کرنا، وہ کرے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس یہ (وہ یہ (حرکت) کرے) مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے) فَقَدْ (فَ، قَدْ) فَ، حرف عطف، جوابِ شرط، تو، قَدْ، حرفِ تحقیق، یقیناً (تو یقیناً) ضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَلَّ يَضِلُّ، مصدر ضِلَالٌ، گمراہ ہونا، بھٹک جانا (وہ بھٹک گیا) سَوَآءَ السَّبِيْلِ (سَوَآءَ، اَلسَّبِيْلِ) سَوَآءَ، مضاف، اسم مصدر، سیدھی، اَلسَّبِيْلِ، مضاف الیہ، راہ (سیدھی راہ)

اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّ يَبْسُطُوْٓا	اگر وہ تم پر قابو پالیں وہ تمہارے دشمن ہوں گے

اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ؕ﴿۲﴾	اور وہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمہاری طرف بُرائی کے ساتھ بڑھائیں گے اور وہ چاہیں گے کاش تم کفر کرو

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) يَثْقَفُوْكُمْ (يَثْقَفُوْا، كُمْ) يَثْقَفُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب ثَقِفَ يَثْقَفُ، مصدر ثَقْفًا، پانا، قابو پالینا، وہ قابو پالیں، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (وہ تم پر قابو پالیں)

يَكُوْنُوْا، فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوں گے)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، کے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کے، تمہارے)

اَعْدَآءً (دشمنوں) واحد، عَدُوٌّ، وَّ، حرف عطف (اور)

يَبْسُطُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب بَسَطَ يَبْسُطُ، مصدر بَسْطًا، پھیلانا۔بڑھانا (وہ بڑھائیں گے)

اِلَيْكُمْ (اِلٰى، كُمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرف)

اَيْدِيَهُمْ (اَيْدِىَ، هُمْ) اَيْدِىَ، مضاف، ہاتھ، واحد، يَدٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے ہاتھ) وَ، حرف عطف (اور) اَلْسِنَتَهُمْ (اَلْسِنَتَ، هُمْ) اَلْسِنَتَ، مضاف، زبانیں، واحد، لِسَانٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی زبانیں)

بِالسُّوْٓءِ (بِ، اَلسُّوْٓءِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلسُّوْٓءِ، مجرور، سَوْءٌ، مصدر سے اسم، بُرائی، عیب، گناہ (بُرائی کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) وَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب وَدَّ يَوَدُّ، مصدر وَدٌّ وَ مَوَدَّةٌ، چاہنا، خواہش کرنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ چاہیں گے) لَوْ، تمنائی (کاش)

تَكْفُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (تم کفر کرو)

لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَ لَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ	قیامت کے دن ہرگز نہ تمہاری رشتہ داریاں تمہیں فائدہ دیں گی اور نہ تمہاری اولاد

لَنْ تَنْفَعَكُمْ (لَنْ تَنْفَعَ، كُمْ) لَنْ تَنْفَعَ، فعل مضارع منفی تاکید بہ لن واحد مؤنث غائب نَفَعَ

معانقة ۷ النماع الوقف على القيمة

يَنْفَعُ، مصدر نَفْعًا، نفع دینا، فائدہ دینا، اَرْحَامُكُمْ ، اور، اَوْلَادُكُمْ ، کی وجہ سے ترجمہ ، وہ ہر گز فائدہ نہ دیں گی، كُمْ ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں ہر گز فائدہ نہ دیں گی)

اَرْحَامُكُمْ (اَرْحَامُ، كُمْ) اَرْحَامُ ، مضاف، رحم، قرابت، رشتہ داریاں، واحد، رِحْمٌ، عورت کے پیٹ کا وہ حصہ جس میں بچہ پیدا ہوتا ہے، قرابت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے کیونکہ اہلِ قرابت ایک ہی رحم سے پیدا ہوتے ہیں، كُمْ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری رشتہ داریاں)

وَ، حرف عطف (اور) لَا ، نافیہ (نہ) اَوْلَادُكُمْ (اَوْلَادُ، كُمْ) اَوْلَادُ، مضاف، اولاد چھوٹے بڑے سب داخل ہیں، واحد، وَلَدٌ، كُمْ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری اولاد) يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

(يَوْمَ ، اَلْقِيٰمَةِ) يَوْمَ ، مضاف، ظرف زمان، دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن)

يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ؕ	وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا

يَفْصِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب فَصَلَ يَفْصِلُ، مصدر فَصْلًا ، فیصلہ کرنا (وہ فیصلہ کرے گا)

بَيْنَكُمْ (بَيْنَ، كُمْ) بَيْنَ ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، كُمْ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۳	اور اللہ اُس کو جو تم عمل کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

بِمَا(بِ، مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا ، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

بَصِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ	یقیناً تمہارے لئے ابراہیمؑ اور اُن لوگوں میں جو اُس کے ساتھ تھے بہترین نمونہ عمل ہے

قَدْ، حرف تحقیق (یقیناً) كَانَتْ، فعل ناقص ماضی واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا

(وہ ہے) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (اُسْوَةٌ، حَسَنَةٌ) اُسْوَةٌ، موصوف، اسم ہے، چال، ڈھنگ، نمونہ، نمونہ عمل، نمونہ، غیر کی پیروی اور اتباع میں انسان جس چال پر ہوتا ہے اس کا نام، اُسْوَةٌ، ہے، حَسَنَةٌ، صفت، اسم ہے، اچھا، بھلائی، بہترین، نیکی (بہترین نمونہ عمل) فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ (فِيْٓ، اِبْرٰهِيْمَ) فِيْ، حرف جار، میں، اِبْرٰهِيْمَ، مجرور، ابراہیم (علیہ السلام) (ابراہیم (علیہ السلام) میں) وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں میں جو) مَعَهٗ (مَعَ، هٗ) مَعَ، مضاف، ساتھ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد غائب، اُس کے (اُس کے ساتھ)

اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ	جب اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ بے شک ہم تم سے اور اُن سے جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو بیزار ہیں

اِذْ، ظرف زمان، ماضی کے واقعے سے پہلے آتا ہے (جب)

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

لِقَوْمِهِمْ (لِ، قَوْمِ، هِمْ) لِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، قَوْمِ، مجرور، مضاف، قوم، لوگوں، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی قوم سے) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم) بُرَءٰٓؤُا، بَرَآءَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (بیزار، لاتعلق، بری) واحد، بَرِيْٓءٌ، مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے) وَ، حرف عطف (اور) مِمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جن کی (ان سے جن کی) تَعْبُدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَبَدَ يَعْبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا، پوجا کرنا (تم پوجا کرتے ہو) مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مِنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا)

كَفَرْنَا بِكُمْ وَ بَدَا بَيْنَنَا	ہم نے تم (سب) کا انکار کیا اور ہمارے درمیان اور تمہارے

وَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗۤ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ	درمیان ہمیشہ کیلئے دشمنی اور بغض ظاہر ہو گیا یہاں تک کہ تم اس اکیلے اللہ پر ایمان لاؤ مگر ابراہیم کا اپنے باپ سے کہنا کہ بے شک میں تیرے لئے (اللہ سے) بخشش کی دعا ضرور کروں گا اور میں تیرے لئے اللہ سے کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا

كَفَرْنَا، فعل ماضی جمع متکلم كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (ہم نے انکار کیا)
بِكُمْ (بِ، كُمْ) بِ، حرف جار، کا، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم (سب) کا، تمہارا)
وَ، حرف عطف (اور) بَدَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَدَا يَبْدُوْ، مصدر بَدْوٌ وَّ بَدَاوَةٌ، ظاہر ہونا (وہ ظاہر ہو گیا) بَيْنَنَا (بَيْنَ، نَا) بَيْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے درمیان) وَ، حرف عطف (اور) بَيْنَكُمُ (بَيْنَ، كُمْ) بَيْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)
اَلْعَدَاوَةُ، اسم مصدر (عداوت، دشمنی) وَ، حرف عطف (اور)
اَلْبَغْضَآءُ، مصدر ہے (بغض، نفرت، حُبٌّ، کی ضد ہے) اَبَدًا (زمانہ مستقبل غیر محدود، ہمیشہ)
حَتّٰى، حرف غایت (یہاں تک کہ) تُؤْمِنُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (تم ایمان لاؤ) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، بمعنی، عَلٰى، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)
وَحْدَهٗۤ (وَحْدَ، هٗ) وَحْدَ، مضاف، مصدر، منصوب، اکیلا، ایک، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس ایک، اس اکیلے) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ (قَوْلَ، اِبْرٰهِيْمَ) قَوْلَ، مضاف، مصدر، کہنا، اِبْرٰهِيْمَ، مضاف الیہ، ابراہیم کا (ابراہیم کا کہنا) لِاَبِيْهِ (لِ، اَبِيْ، هِ) لِ، حرف جار، سے، اَبِيْ، مجرور، مضاف، باپ، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے باپ سے)
لَاَسْتَغْفِرَنَّ (لَ، اَسْتَغْفِرَنَّ) لَ، تاکید، بے شک، بلا شبہ، اَسْتَغْفِرَنَّ، فعل مضارع مؤکدّ بانون تاکید

ثقیلہ واحد متکلم اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش کی دعا کرنا، میں بخشش کی دُعا ضرور کروں گا (بے شک میں بخشش کی دعا ضرور کروں گا) لَكَ(لَ،كَ)لَ، حرف جار، لئے، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (تیرے لئے) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) اَمْلِكُ، فعل مضارع واحد متکلم مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مِلْكٌ وَّ مَلْكٌ، مالک ہونا، اختیار رکھنا (میں اختیار رکھتا)

لَكَ(لَ،كَ)لَ، حرف جار، لئے، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (تیرے لئے)

مِنَ اللّٰهِ(مِنْ،اَللّٰهِ)مِنْ، حرف جار، سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ سے)

مِنْ شَيْءٍ(مِنْ،شَيْءٍ)مِنْ، حرف جار، برائے عموم، شَيْءٍ، مجرور (کسی چیز کا)

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝	اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر توکل کیا اور ہم نے تیری طرف رجوع کیا اور تیری طرف لوٹنا ہے

رَبَّنَا، اصل میں، يَا رَبَّنَا، ہے (يَا،رَبَّ،نَا) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادیٰ، رَبَّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

عَلَيْكَ(عَلٰى،كَ) عَلٰى، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ پر) تَوَكَّلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ، مصدر تَوَكُّلٌ، بھروسہ کرنا، توکل کرنا (ہم نے توکل کیا) وَ، حرف عطف (اور)

اِلَيْكَ(اِلٰى،كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیری (تیری طرف)

اَنَبْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنَابَ يُنِيْبُ، مصدر اِنَابَةٌ، رجوع کرنا (ہم نے رجوع کیا) وَ، حرف عطف (اور)

اِلَيْكَ(اِلٰى،كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیری (تیری طرف)

اَلْمَصِيْرُ، اسم ظرف مکان اور مصدر، صَيْرٌ، مادہ (لوٹنے کی جگہ، ٹھکانہ، قرار گاہ، لوٹنا)

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ اغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ	اے ہمارے رب! تو ہمیں ان لوگوں کیلئے آزمائش نہ بنا جنہوں نے کفر کیا اور تو ہمیں بخش دے اے ہمارے رب!

رَبَّنَا، اصل میں، يَا رَبَّنَا، ہے (يَا،رَبَّ،نَا) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادیٰ، رَبَّ، مضاف،

رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

لَا تَجْعَلْنَا (لَا تَجْعَلْ، نَا) لَا تَجْعَلْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، تو نہ بنا، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (تو ہمیں نہ بنا) فِتْنَةً، مصدر (آزمائش کرنا، آزمائش)

لِلَّذِیْنَ (لِ، اَلَّذِیْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلَّذِیْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہوں نے (ان لوگوں کیلئے جنہوں نے) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا) وَ، حرف عطف (اور) اِغْفِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا وَّ غُفْرًا، بخشنا، معاف کرنا (تو بخش دے) لَنَا (لَ، نَا) لَ، حرف جار، کو، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم کو، ہمیں) رَبَّنَا، اصل میں، یَا رَبَّنَا، ہے (یَا، رَبَّ، نَا) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادیٰ، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝	یقیناً تو ہی بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے

اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تو (یقیناً تو)

اَنْتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تاکید کیلئے (تو ہی) اَلْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب) اَلْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے اسم فاعل صفت مشبہ (بڑی حکمت والا ہے)

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ الْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ	بلاشبہ یقیناً تمہارے لئے ان میں بہترین نمونہ عمل ہے اس کیلئے جو اللہ اور یوم آخرت کی اُمید رکھتا ہے

لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، حرفِ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

فِيْهِمْ (فِيْ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن میں)

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (اُسْوَةٌ، حَسَنَةٌ) اُسْوَةٌ، موصوف، اسم ہے، چال، ڈھنگ، نمونہ عمل، نمونہ، غیر کی پیروی

اور اتباع میں انسان جس چال پر ہوتا ہے اس کا نام،اُسْوَۃٌ،ہے،حَسَنَۃٌ،صفت،اچھا،بہترین (بہترین نمونہ عمل)لِمَنْ(لِ،مَنْ)لِ،حرف جار،کیلئے،مَنْ، مجرور،اسم موصول،جو(اس کیلئے جو)

کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا،ہونا(وہ ہے)

یَرْجُوْا، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَجَا یَرْجُوْا، مصدر رَجَآءٌ،امید رکھنا،توقع رکھنا(وہ امید رکھتا ہے)اَللّٰہَ(اللہ)وَ،حرف عطف(اور)اَلْیَوْمَ الْاٰخِرَ(اَلْیَوْمَ،اَلْاٰخِرَ)اَلْیَوْمَ، موصوف،یوم،دن،روز، اَلْاٰخِرَ،صفت،آخرت(یوم آخرت)

وَمَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۶﴾	اور جو منہ پھیرے تو یقیناً اللہ وہی بے پرواہ،بہت قابل تعریف ہے

ع

وَ،حرف عطف(اور)مَنْ،شرطیہ اسم موصول(جو)یَتَوَلَّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی، مصدر تَوَلِّیٌ،منہ پھیرنا،روگردانی کرنا(وہ منہ پھیرے)فَاِنَّ اللّٰہَ(فَ،اِنَّ،اَللّٰہَ)فَ،حرفِ عطف،جوابِ شرط،تو،اِنَّ،حرف مشبہ بالفعل،بے شک،یقیناً،اَللّٰہَ،اِنَّ،کا اسم منصوب،اللہ(تو یقیناً اللہ)

ھُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب(وہ،وہی)اَلْغَنِیُّ،اللہ کا صفاتی نام،غِنَآءٌ،مصدر سے صفت مشبہ (بے نیاز،بے پرواہ)اَلْحَمِیْدُ،اللہ کا صفاتی نام،حَمْدٌ،مصدر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول (تعریف کیا گیا،بہت قابلِ تعریف،بہت تعریف والا)

عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً ؕ	قریب ہے کہ اللہ تمہارے درمیان اور اُن لوگوں کے درمیان جن سے تم نے دشمنی کی ہے دوستی پیدا کردے

عَسَی، فعل ناقص واحد مذکر غائب اس کے فعل مضارع اور فعل امر کے صیغے نہیں آتے(امید ہے،قریب ہے)اَللّٰہُ(اللہ)اَنْ، مصدریہ ناصبہ(کہ)یَجْعَلَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا،بنانا،ڈالنا،پیدا کرنا(وہ پیدا کردے)بَیْنَکُمْ(بَیْنَ،کُمْ)بَیْنَ، مضاف،ظرف مکان،درمیان،

كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان) وَ، حرف عطف (اور)
بَيْنَ الَّذِيْنَ (بَيْنَ، اَلَّذِيْنَ) بَيْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، اَلَّذِيْنَ، مضاف الیہ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جن سے (اُن لوگوں کے درمیان جن سے) عَادَيْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَادٰى يُعَادِىْ، مصدر مُعَادَاةٌ، عداوت رکھنا، دشمنی کرنا (تم نے دشمنی کی ہے)
مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (ان سے)
مَوَدَّةً، مصدر (دوستی، محبت)

وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ	اور اللہ بہت قدرت رکھنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) قَدِيْرٌ، قُدْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، قادر، بہت قدرت رکھنے والا، حکمت کے مطابق جو چاہیے کرے، اللہ کے سوا کسی کو قدیر نہیں کہہ سکتے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞	اور اللہ بے حد بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)
غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بے حد بخشنے والا)
رَحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِى الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ	اللہ تمہیں اُن لوگوں سے منع نہیں کرتا جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور اُنہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نہیں نکالا کہ تم اُن سے نیک سلوک کرو اور تم اُن سے انصاف کرو

لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ (لَا يَنْهٰى، كُمْ، اَللّٰهُ) لَا يَنْهٰى، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْيًا، منع کرنا، روکنا، وہ منع نہیں کرتا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ تمہیں منع نہیں کرتا ہے) عَنِ الَّذِيْنَ (عَنْ، اَلَّذِيْنَ) عَنْ، حرف جار، سے، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع

مذکر، وہ لوگ جنہوں نے (اُن لوگوں سے جنہوں نے) لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ (لَمْ يُقَاتِلُوْا، كُمْ) لَمْ يُقَاتِلُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب قَاتَلَ يُقَاتِلُ، مصدر مُقَاتَلَةٌ، جنگ کرنا، لڑائی کرنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنہوں نے جنگ نہیں کی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (اُنہوں نے تم سے جنگ نہیں کی)

فِي الدِّيْنِ (فِيْ، اَلدِّيْنِ) فِيْ، حرف جار، کے بارے میں، اَلدِّيْنِ، مجرور، دین (دین کے بارے میں)

وَ، حرف عطف (اور) لَمْ يُخْرِجُوْكُمْ (لَمْ يُخْرِجُوْا، كُمْ) لَمْ يُخْرِجُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنہوں نے نہیں نکالا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اُنہوں نے تمہیں نہیں نکالا)

مِنْ دِيَارِكُمْ (مِنْ، دِيَارِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، دِيَارِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، دَارٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گھروں سے) اَنْ، مصدریہ (کہ)

تَبَرُّوْهُمْ (تَبَرُّوْا، هُمْ) تَبَرُّوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر بَرَّ يَبُرُّ، مصدر بَرًّا، نیکی کرنا، بھلائی کرنا، نیک سلوک کرنا، تم نیک سلوک کرو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (تم اُن سے نیک سلوک کرو)

وَ، حرف عطف (اور) تُقْسِطُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَقْسَطَ يُقْسِطُ، مصدر اِقْسَاطٌ، انصاف کرنا (تم انصاف کرو) اِلَيْهِمْ (اِلٰى، هِمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کی طرف، اُن سے)

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۞	یقیناً اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم ناصب، اللہ (یقیناً اللہ)

يُحِبُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحَبَّ يُحِبُّ، مصدر اِحْبَابٌ، دوست رکھنا، پسند کرنا (وہ پسند کرتا ہے) اَلْمُقْسِطِيْنَ، اِقْسَاطٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انصاف کرنے والے) واحد، اَلْمُقْسِطُ،

اِنَّمَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ اَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ	اللہ تمہیں صرف اُن لوگوں سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ کی اُنہوں نے تمہیں

دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ	تمہارے گھروں سے نکالا اور اُنہوں نے تمہارے نکالنے میں ایک دوسرے کی مدد کی کہ تم اُن سے دوستی کرو

اِنَّمَا(اِنَّ، مَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، مَا، کافہ ہے جو حصر کیلئے آتی ہے اور، اِنَّ، کو عمل لفظی سے روک دیتی ہے (بے شک، تحقیق، سوائے اس کے نہیں، صرف)

يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ(يَنْهٰى، كُمْ، اَللّٰهُ)يَنْهٰى، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْىٌ، منع کرنا، روکنا، وہ منع کرتا ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ تمہیں منع کرتا ہے)

عَنِ الَّذِيْنَ(عَنْ، اَلَّذِيْنَ)عَنْ، حرف جار، سے، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہوں نے (ان لوگوں سے جنہوں نے) قٰتَلُوْكُمْ(قٰتَلُوْا، كُمْ)قٰتَلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَاتَلَ يُقَاتِلُ، مصدر مُقَاتَلَةٌ، جنگ کرنا، لڑائی کرنا، اُنہوں نے جنگ کی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (اُنہوں نے تم سے جنگ کی) فِى الدِّيْنِ(فِىْ، اَلدِّيْنِ)فِىْ، حرف جار، کے بارے میں، اَلدِّيْنِ، مجرور، دین (دین کے بارے میں) وَ، حرف عطف (اور) اَخْرَجُوْكُمْ(اَخْرَجُوْا، كُمْ)اَخْرَجُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا، اُنہوں نے نکالا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اُنہوں نے تمہیں نکالا) مِنْ دِيَارِكُمْ(مِنْ، دِيَارِ، كُمْ)مِنْ، حرف جار، سے، دِيَارِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، دَارٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گھروں سے) وَ، حرف عطف (اور)

ظٰهَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَاهَرَ يُظَاهِرُ، مصدر مُظَاهَرَةٌ، ایک دوسرے کی مدد کرنا، معاونت کرنا، پشتیبانی کرنا (اُنہوں نے ایک دوسرے کی مدد کی) عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ(عَلٰٓى، اِخْرَاجِ، كُمْ)عَلٰٓى، حرف جار، بمعنی، فِىْ، میں، اِخْرَاجِ، مجرور، مضاف، مصدر، نکالنا، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے نکالنے میں) اَنْ، مصدریہ (کہ)

تَوَلَّوْهُمْ(تَوَلَّوْا، هُمْ)تَوَلَّوْا، اصل میں، تَتَوَلَّوْنَ، تھا، ایک تاء حذف ہو گئی، تَوَلَّوْنَ، ہو گیا، اَنْ، کے عمل سے نون اعرابی گر گیا، تَوَلَّوْا، رہ گیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر تَوَلِّىٌ، دوستی کرنا،

تم دوستی کرو، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (تم ان سے دوستی کرو)

وَمَنۡ یَّتَوَلَّهُمۡ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ۝	اور جو ان سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ ظالم ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ اسم موصول (جو) یَتَوَلَّهُمۡ (یَتَوَلَّ، هُمۡ) یَتَوَلَّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی، مصدر تَوَلِّیٌ، دوستی کرنا، وہ دوستی کرے گا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (وہ اُن سے دوستی کرے گا) فَاُولٰٓئِكَ (فَ، اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف، جوابِ شرط، تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہی لوگ (تو وہی لوگ) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

اَلظّٰلِمُوۡنَ، ظُلۡمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالم) واحد، اَلظَّالِمُ،

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا اِذَا جَآءَكُمُ الۡمُؤۡمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامۡتَحِنُوۡهُنَّ ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تمہارے پاس مؤمن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو تم ان عورتوں کو جانچ لیا کرو

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیۡنَ، اٰمَنُوۡٓا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلۡ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھادیتے ہیں، الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا، منادیٰ، اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوۡٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) جَآءَكُمُ (جَآءَ، كُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آئے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (وہ تمہارے پاس آئے) اَلۡمُؤۡمِنٰتُ، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ایمان والیاں، مؤمن عورتیں) واحد، اَلۡمُؤۡمِنَةُ، مُهٰجِرٰتٍ، مُهَاجَرَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ہجرت کرنے والیاں، ہجرت کر کے) واحد، مُهَاجِرَةٍ، فَامۡتَحِنُوۡهُنَّ (فَ، اِمۡتَحِنُوۡا، هُنَّ) فَ، حرفِ عطف، جوابِ شرط، تو، اِمۡتَحِنُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِمۡتَحَنَ یَمۡتَحِنَ، مصدر اِمۡتِحَانٌ، امتحان لینا، جانچنا، تم جانچ لیا کرو،

هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں (تو تم اُن عورتوں کو جانچ لیا کرو)

اَللّٰهُ اَعۡلَمُ بِاِیۡمَانِهِنَّ ۚ	اللہ اُن عورتوں کے ایمان کو زیادہ جاننے والا ہے

اَللّٰهُ، فاعل، خالق خائنات کا ذاتی نام (اللہ) اَعْلَمُ، عِلْمًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا)

بِاِيْمَانِهِنَّ (بِ، اِيْمَانِ، هِنَّ) بِ، حرف اجار، کو، اِيْمَانِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر، ایمان،

هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں کے (اُن عورتوں کے ایمان کو)

فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ	پھر اگر تم اُن عورتوں کو جان لو کہ وہ مومن عورتیں ہیں تو اُن عورتوں کو کافروں کی طرف واپس نہ کرو

فَاِنْ (فَ، اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (پھر اگر)

عَلِمْتُمُوْهُنَّ (عَلِمْتُمُ، وْ، هُنَّ) عَلِمْتُمُ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا،

تم جان لو، وْ، اشباعیہ، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں (تم اُن عورتوں کو جان لو)

مُؤْمِنٰتٍ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (مومن عورتیں) واحد، مُؤْمِنَةٌ،

فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ (فَ، لَا تَرْجِعُوْا، هُنَّ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، لَا تَرْجِعُوْا، فعل نہی جمع مذکر

حاضر رَجَعَ يَرْجِعُ، مصدر رَجْعٌ، لوٹانا، واپس کرنا، واپس بھیجنا، تم واپس نہ کرو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث

غائب، اُن عورتوں (تم اُن عورتوں کو واپس نہ کرو)

اِلَى الْكُفَّارِ (اِلٰى، اَلْكُفَّارِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلْكُفَّارِ، مجرور، جمع مکسر، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ،

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ	نہ وہ عوتیں اُن (کافروں) کیلئے حلال ہیں اور نہ وہ (کافر) اُن عورتوں کیلئے حلال ہوں گے

لَا، نافیہ (نہ) هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب (وہ عورتیں) حِلٌّ، مصدر ہے (حلال)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) ضمیر کا مرجع، اَلْكُفَّارِ، ہے،

يَحِلُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَلّ يَحِلُّ، مصدر حِلٌّ، حلال ہونا (وہ حلال ہوں گے)

لَهُنَّ (لَ، هُنَّ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں (اُن عورتوں کیلئے)

وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ	اور تم انہیں ادا کردو جو اُنہوں نے خرچ کیا

وَ، حرف عطف (اور) اٰتُوْهُمْ (اٰتُوْا، هُمْ) اٰتُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، ادا کرنا، تم ادا کردو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں، ضمیر کا مرجع، اَلْکُفَّارِ، ہے، (تم انہیں ادا کردو) مَا، موصولہ (جو) اَنْفَقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَنْفَقَ یُنْفِقُ، مصدر اِنْفَاقٌ، خرچ کرنا (اُنہوں نے خرچ کیا) یعنی جو مال کافروں نے بصورت مہر ان پر خرچ کیا۔

وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ اَنْ تَنْکِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ	اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اُن عورتوں سے نکاح کرلو جب تم اُن عورتوں کو اُن کا مہر ادا کردو

وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہیں) جُنَاحَ، جُنُوْحٌ، سے ماخوذ (گناہ)

عَلَیْکُمْ (عَلٰی، کُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

اَنْ، مصدریہ (کہ) تَنْکِحُوْهُنَّ (تَنْکِحُوْا، هُنَّ) تَنْکِحُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر نَکَحَ یَنْکِحُ، مصدر نِکَاحًا، نکاح کرنا، شادی کرنا، تم نکاح کرلو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (تم ان عورتوں سے نکاح کرلو) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) اٰتَیْتُمُوْهُنَّ (اٰتَیْتُمُ، وْ، هُنَّ) اٰتَیْتُمُ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، ادا کرنا، تم ادا کردو، وْ، اشباع کا، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (تم اُن عورتوں کو ادا کردو) اُجُوْرَهُنَّ (اُجُوْرَ، هُنَّ) اُجُوْرَ، مضاف، حق، مہر، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں کا (اُن عورتوں کا مہر)

وَلَا تُمْسِکُوْا بِعِصَمِ الْکَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْیَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ	اور تم کافر عورتوں کو اپنے عقد نکاح میں روک نہ رکھو اور تم طلب کرو جو تم نے خرچ کیا ہے اور چاہیے کہ وہ (کافر) مانگ لیں جو اُنہوں نے خرچ کیا ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَا تُمْسِکُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اَمْسَكَ یُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، روک رکھنا، پکڑ رکھنا (تم نہ روک رکھو) بِعِصَمِ الْکَوَافِرِ (بِ، عِصَمِ، اَلْکَوَافِرِ) بِ، حرف جار بمعنی، فِیْ،

میں، عِصَمِ، مجرور، مضاف، عقد نکاح، رسیاں، واحد، عِصۡمَةٌ، اَلۡکَوَافِرِ، مضاف الیہ، وحدانیت، نبوت، قرآن کا انکار کرنے والی عورتیں، کافر عورتیں، واحد، اَلۡکَافِرَةُ (کافر عورتوں کو عقدِ نکاح میں)

وَ، حرف عطف (اور) اِسۡئَلُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَاَلَ یَسۡئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، طلب کرنا، مانگنا (تم طلب کرو) مَا، موصولہ (جو)

اَنۡفَقۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَنۡفَقَ یُنۡفِقُ، مصدر اِنۡفَاقٌ، خرچ کرنا (تم نے خرچ کیا ہے)

وَلۡیَسۡئَلُوۡا (وَ، لۡ، یَسۡئَلُوۡا) وَ، حرف عطف، اور، لۡ، لام امر، چاہیے کہ،

یَسۡئَلُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر غائب سَاَلَ یَسۡئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، مانگنا، طلب کرنا، وہ مانگ لیں (اور چاہیے کہ وہ مانگ لیں) مَا، موصولہ (جو)

اَنۡفَقُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَنۡفَقَ یُنۡفِقُ، مصدر اِنۡفَاقٌ، خرچ کرنا (اُنہوں نے خرچ کیا)

ذٰلِکُمۡ حُکۡمُ اللّٰهِ ؕ	یہ اللہ کا فیصلہ ہے

ذٰلِکُمۡ، اسم اشارہ، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر خطاب کیلئے (یہ) حُکۡمُ اللّٰهِ (حُکۡمُ، اَللّٰهِ) حُکۡمُ، مضاف، مصدر، کسی چیز کے متعلق فیصلہ کرنے کا نام حکم ہے، فیصلہ، حکم، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا فیصلہ)

یَحۡکُمُ بَیۡنَکُمۡ ؕ	وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے

یَحۡکُمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب حَکَمَ یَحۡکُمُ، مصدر حُکۡمًا، حکم کرنا، فیصلہ کرنا (وہ فیصلہ کرتا ہے) بَیۡنَکُمۡ (بَیۡنَ، کُمۡ) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)

وَاللّٰهُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ۝	اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

حَکِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ کا صیغہ (بڑی حکمت والا)

اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی عورت تمہارے ہاتھ سے کافروں کی طرف نکل جائے پھر تم بدلہ حاصل کرو تو تم اُن لوگوں کو جن کی بیویاں چلی گئی ہیں اس قدر ادا کرو جتنا اُنہوں نے خرچ کیا	وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) فَاتَكُمْ (فَاتَ، كُمْ) فَاتَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَاتَ يَفُوْتُ، مصدر فَوْتًا، فوت ہونا، ہاتھ سے نکل جانا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ ہاتھ سے نکل جائے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (وہ تمہارے ہاتھ سے نکل جائے)

شَيْءٌ، فاعل، ہر اس چیز کیلئے آتا ہے جس کو معلوم کیا، یہاں کوئی عورت کے معنی میں آیا ہے،

مِنْ اَزْوَاجِكُمْ (مِنْ، اَزْوَاجِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، اَزْوَاجِ، مجرور، مضاف، بیویوں، واحد، زَوْجٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری بیویوں میں سے)

اِلَى الْكُفَّارِ (اِلٰى، اَلْكُفَّارِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلْكُفَّارِ، مجرور، جمع مکسر، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ،

فَعَاقَبْتُمْ (فَ، عَاقَبْتُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، عَاقَبْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَاقَبَ يُعَاقِبُ، مصدر مُعَاقَبَةٌ، نوبت آنا، سزا دینا، بدلہ حاصل کرنا، تم بدلہ حاصل کرو (پھر تم بدلہ حاصل کرو)

فَاٰتُوا (فَ، اٰتُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اٰتُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اٰتٰى يُؤْتِىْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، ادا کرنا، تم ادا کرو (تو تم ادا کردو) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کو جن کی)

ذَهَبَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب ذَهَبَ يَذْهَبُ، مصدر ذَهَابٌ، چلے جانا، چھوڑ جانا (وہ چلی گئی ہے)

اَزْوَاجُهُمْ (اَزْوَاجُ، هُمْ) اَزْوَاجُ، مضاف، بیویاں، واحد، زَوْجٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی بیویاں) مِثْلَ (مثل، مساوی، اس قدر) مَا، موصولہ (جو، جتنا)

اَنْفَقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَنْفَقَ يُنْفِقُ، مصدر اِنْفَاقٌ، خرچ کرنا (اُنہوں نے خرچ کیا)

اور تم اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھنے والے ہو	وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ⑪

وَ، حرف عطف (اور) اِتَّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرو)

اَللّٰهَ (اللہ) اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (جس) اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

مُؤْمِنُوْنَ، اِیْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان رکھنے والے) واحد، مُؤْمِنٌ،

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰٓی اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَیْئًا وَّ لَا یَسْرِقْنَ وَ لَا یَزْنِیْنَ وَ لَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ	اے نبی! جب مومن عورتیں آپ کے پاس آئیں وہ عورتیں آپ سے اس پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور وہ چوری نہیں کریں گی اور وہ زنا کا ارتکاب نہیں کریں گی اور وہ اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور وہ بہتان کو نہیں لائیں گی جسے اُنہوں نے اپنے ہاتھوں اور اپنے پاؤں کے درمیان گھڑا ہو اور وہ نیک کام میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیں اور آپ اُن عورتوں کیلئے اللہ سے بخشش مانگیں

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ (یَا، اَیُّهَا، اَلنَّبِیُّ) یَا، حرف ندا (اے) اَیُّهَا، جب منادی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلنَّبِیُّ، منادی، نبی (اے نبی)

اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) جَآءَكَ (جَآءَ، كَ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْٓءُ، مصدر مَجِیْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ آئے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (وہ آپ کے پاس آئے) اَلْمُؤْمِنٰتُ، اِیْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ایمان والیاں، مومن عورتیں) واحد، اَلْمُؤْمِنَةُ، یُبَایِعْنَكَ (یُبَایِعْنَ، كَ) یُبَایِعْنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب بَایَعَ یُبَایِعُ، مصدر مُبَایَعَةٌ، بیعت کرنا، وہ عورتیں بیعت کریں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ عورتیں آپ سے

بیعت کریں) عَلٰٓى اَنْ (عَلٰٓى، اَنْ) عَلٰٓى، حرف جار، پر، اَنْ، مصدرریہ ناصبہ، کہ (اس پر کہ)
لَا يُشْرِكْنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب اَشْرَكَ يُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكًا، شرک کرنا، شریک ٹھہرانا (وہ شریک نہیں ٹھہرائیں گی) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے ساتھ) شَيْـًٔا (کسی چیز کو) وَ، حرف عطف (اور) لَا يَسْرِقْنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب سَرَقَ يَسْرِقُ، مصدر سَرَقَةٌ، چرانا، چوری کرنا (وہ چوری نہیں کریں گی)
وَ، حرف عطف (اور) لَا يَزْنِيْنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب زَنٰى يَزْنِيْ، مصدر زِنَآءٌ، زنا کا ارتکاب کرنا (وہ زنا کا ارتکاب نہیں کریں گی) وَ، حرف عطف (اور)
لَا يَقْتُلْنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب قَتَلَ يَقْتُلُ، مصدر قَتْلًا، قتل کرنا (وہ قتل نہیں کریں گی) اَوْلَادَهُنَّ (اَوْلَادَ، هُنَّ) اَوْلَادَ، مضاف، اولاد، واحد، وَلَدٌ، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی اولاد) وَ، حرف عطف (اور) لَا يَاْتِيْنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، صلہ میں با ہے اس لئے معنی، لانا (وہ نہیں لائیں گی) بِبُهْتَانٍ (بِ، بُهْتَانٍ) بِ، حرف جار، کو، بُهْتَانٍ، مجرور، بہتان، ایسا جھوٹ جسے سن کر سننے والا حیران رہ جائے (بہتان کو)
يَفْتَرِيْنَهٗ (يَفْتَرِيْنَ، هٗ) يَفْتَرِيْنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، بہتان باندھنا، گھڑنا، اُنہوں نے گھڑا ہو، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسے (اُنہوں نے اُسے گھڑا ہو)
بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ (بَيْنَ، اَيْدِيْ، هِنَّ) بَيْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، اَيْدِيْ، مضاف الیہ، مضاف، ہاتھوں، واحد، يَدٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے ہاتھوں کے درمیان)
وَ، حرف عطف (اور) اَرْجُلِهِنَّ (اَرْجُلِ، هِنَّ) اَرْجُلِ، مضاف، پاؤں، واحد، رِجْلٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے پاؤں کے) وَ، حرف عطف (اور)
لَا يَعْصِيْنَكَ (لَا يَعْصِيْنَ، كَ) لَا يَعْصِيْنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب عَصٰى يَعْصِيْ، مصدر عِصْيَانٌ وَّ عَصْيًا، نافرمانی کرنا، وہ نافرمانی نہیں کریں گی، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی) فِيْ مَعْرُوْفٍ (فِيْ، مَعْرُوْفٍ) فِيْ، حرف جار، میں، مَعْرُوْفٍ، مجرور، عِرْفَانٌ،

مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، نیک کام، بھلائی، اچھا کام (نیک کام میں)
فَبَايِعْهُنَّ (فَ، بَايِعْ، هُنَّ) فَ، حرفِ عطف، جوابِ شرط، تو، بَايِعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَايَعَ يُبَايِعُ، مصدر مُبَايَعَةٌ، بیعت لینا، آپ بیعت لے لیں، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن (تو آپ اُن سے بیعت لے لیں) وَ، حرف عطف (اور) اِسْتَغْفِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش مانگنا (آپ بخشش مانگیں) لَهُنَّ (لَ، هُنَّ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں (اُن عورتوں کیلئے) اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾	یقیناً اللہ بے حد بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (یقیناً اللہ)
غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بے حد بخشنے والا)
رَحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اُن لوگوں کو دوست نہ بناؤ جن پر اللہ غضبناک ہوا ہے یقیناً وہ آخرت سے ناامید ہو چکے ہیں جس طرح کفار قبروں والوں (کے جی اٹھنے) سے ناامید ہو چکے ہیں

ع ۲ / النصف ۸

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا، منادی، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا تَتَوَلَّوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر تَوَلِّيٌّ، دوست بنانا، دوستی کرنا (تم دوست نہ بناؤ) قَوْمًا (اس قوم، ان لوگوں) غَضِبَ اللّٰهُ (غَضِبَ، اَللّٰهُ) غَضِبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب غَضِبَ يَغْضَبُ، مصدر غَضْبًا، ناراض ہونا، غضب ناک ہونا، وہ غضبناک ہوا ہے، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ

غضبناک ہوا ہے) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)
قَدْ، حرفِ تحقیق (یقینًا) يَئِسُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب يَئِسَ يَيْاَسُ، مصدر يَاْسٌ، ناامید ہونا (وہ
ناامید ہو چکے) مِنَ الْاٰخِرَةِ (مِنْ، اَلْاٰخِرَةِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت سے)
كَمَا (كَ، مَا) كَ، حرف تشبیہ، جیسا، طرح، مانند، مَا، موصولہ، جس (جس طرح)
يَئِسَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب يَئِسَ يَيْاَسُ، مصدر يَاْسٌ، ناامید ہونا، اَلْكُفَّارُ، فاعل ہونے کی وجہ
سے ترجمہ (وہ ناامید ہو چکے ہیں) اَلْكُفَّارُ، جمع مکسر (کافروں، کفار) واحد، اَلْكَافِرُ،
مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ (مِنْ، اَصْحٰبِ، اَلْقُبُوْرِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَصْحٰبِ، مجرور،
مضاف، والے، واحد، صَاحِبٌ، اَلْقُبُوْرِ، مضاف الیہ، قبروں، واحد، قَبْرٌ (قبروں والوں سے)

اٰيَاتُهَا: ١٤	سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا: ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ	اس (ہر چیز) نے اللہ کا پاک ہونا بیان کیا جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

سَبَّحَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَبَّحَ يُسَبِّحُ، مصدر تَسْبِيْحٌ، تسبیح کرنا، پاک ہونا بیان کرنا (اس نے پاک ہونا بیان کیا) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کا، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کا)

مَا، موصولہ ((ہر چیز) جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو)

فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①	اور وہی بڑا غالب، بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

اَلْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب)

اَلْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ②	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم کیوں (وہ بات) کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ہو

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو

ایمان لائے ہو) لِمَ (لِ، مَ) لِ، لام، تعلیل اور، مَا، استفہامیہ سے مرکب، مَا، کے الف کو ساقط کر دیا گیا ہے (کیوں، کس لئے) تَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (تم کہتے ہو) مَا، موصولہ (وہ جو) لَا تَفۡعَلُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر فَعَلَ یَفۡعَلُ، مصدر فِعۡلًا، کرنا (تم کرتے نہیں ہو)

كَبُرَ مَقۡتًا عِنۡدَ اللّٰهِ اَنۡ تَقُوۡلُوۡا مَا لَا تَفۡعَلُوۡنَ ۝	اللہ کے نزدیک بڑی سخت ناپسندیدہ بات ہے کہ تم وہ کہو جو تم کرتے نہیں ہو

كَبُرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَبُرَ يَكۡبُرُ، مصدر كِبۡرًا، بھاری ہونا، بڑا سخت ہونا (وہ بڑی سخت (بات) ہے) مَقۡتًا، مصدر (بیزار ہونا، بیزاری، ناپسندیدہ) عِنۡدَ اللّٰهِ (عِنۡدَ، اَللّٰهِ) عِنۡدَ، مضاف، ظرف، پاس، نزدیک، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نزدیک) اَنۡ، مصدریہ (کہ) تَقُوۡلُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (تم کہو) مَا، موصولہ (وہ جو) لَا تَفۡعَلُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر فَعَلَ یَفۡعَلُ، مصدر فِعۡلًا، کرنا (تم کرتے نہیں ہو)

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيۡنَ يُقَاتِلُوۡنَ فِيۡ سَبِيۡلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمۡ بُنۡيَانٌ مَّرۡصُوۡصٌ ۝	بلاشبہ اللہ اُن لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اُس کی راہ میں صف باندھ کر جنگ کرتے ہیں گویا کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہوں

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (بلاشبہ اللہ) يُحِبُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحَبَّ يُحِبُّ، مصدر اِحۡبَابٌ، محبت کرنا، پسند کرنا (وہ پسند کرتا) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کو جو) يُقَاتِلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَاتَلَ يُقَاتِلُ، مصدر مُقَاتَلَةٌ، جنگ کرنا (وہ جنگ کرتے ہیں) فِيۡ سَبِيۡلِهٖ (فِيۡ، سَبِيۡلِ، ہٖ) فِيۡ، حرف جار، میں، سَبِيۡلِ، مجرور، مضاف، راہ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کی (اُس کی راہ میں) صَفًّا، مصدر ہے (صف باندھنا، قطار، صف باندھ کر)

كَاَنَّهُمْ (كَاَنَّ، هُمْ) كَاَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، گویا کہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (گویا کہ وہ)
بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ (بُنْيَانٌ، مَرْصُوْصٌ) بُنْيَانٌ، موصوف، عمارت، مَرْصُوْصٌ، صفت، رَصٌّ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، مضبوط، سیسہ پلائی ہوئی (سیسہ پلائی ہوئی عمارت)

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَ قَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ	اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! تم مجھے کیوں تکلیف دیتے ہو حالانکہ یقیناً تم جانتے ہو کہ بلاشبہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، ظرف زمان، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)
قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)
مُوْسٰى (موسیٰ (علیہ السلام) لِقَوْمِهٖ (لِ، قَوْمِ، هٖ) لِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، قَوْمِ، مجرور، مضاف، قوم، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی قوم سے)
يٰقَوْمِ، اصل میں، يٰقَوْمِيْ، ہے (يَا، قَوْمِ، يْ) يَا، حرف ندا، اے، قَوْمِيْ، منادیٰ، قَوْمِ، مضاف، قوم، يْ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میری (اے میری قوم)
لِمَ (لِ، مَ) لِ، لام، تعلیل اور، مَا، استفہامیہ سے مرکب ہے، مَا، کے الف کو ساقط کر دیا گیا ہے (کیوں، کس لئے) تُؤْذُوْنَنِيْ (تُؤْذُوْنَ، نِ، يْ) تُؤْذُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰذٰى يُؤْذِيْ، مصدر اِيْذَآءٌ، ستانا، تکلیف دینا، تم تکلیف دیتے ہو، نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تم مجھے تکلیف دیتے ہو) وَ، حالیہ (حالانکہ) قَدْ، حرفِ تحقیق (یقیناً)
تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم جانتے ہو)
اَنِّيْ (اَنِّ، يْ) اَنِّ، اصل میں، اَنَّ، ہے، يْ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بلاشبہ میں) رَسُوْلُ اللّٰهِ (رَسُوْلُ، اَللّٰهِ) رَسُوْلُ، مضاف، رسول، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا رسول) اِلَيْكُمْ (اِلٰى، كُمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرف)

فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ	پھر جب وہ ٹیڑھے ہو گئے (تو) اللہ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا

فَلَمَّآ (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف، جب (پھر جب)

زَاغُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب زَاغَ يَزِيْغُ، مصدر زَيْغًا، ایک طرف مڑنا، ٹیڑھا ہونا (وہ ٹیڑھے ہو گئے)

اَزَاغَ اللّٰهُ (اَزَاغَ، اَللّٰهُ) اَزَاغَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَزَاغَ يُزِيْغُ، مصدر اِزَاغَةٌ، ٹیڑھا کر دینا، اس نے ٹیڑھا کر دیا، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے ٹیڑھا کر دیا) قُلُوْبَهُمْ (قُلُوْبَ، هُمْ) قُلُوْبَ، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دلوں)

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝	اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) لَا يَهْدِيْ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت نہیں دیتا) اَلْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (اَلْقَوْمَ، اَلْفٰسِقِيْنَ) اَلْقَوْمَ، موصوف، قوم، لوگ، اَلْفٰسِقِيْنَ، صفت، فِسْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، اللہ کے حکم کی بے حرمتی کرنے والے، نافرمانوں، فاسقوں، واحد، اَلْفَاسِقُ (نافرمان لوگوں کو)

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ	اور جب عیسٰی ابن مریم نے کہا اے بنی اسرائیل! یقنًا میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں اس کی تصدیق کرنے والا جو مجھ سے پہلے توریت میں ہے اور میں ایک رسول کی بشارت دینے والا ہوں وہ میرے بعد آئے گا اُس کا نام احمد ہو گا

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، ظرف زمان، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ (عِيْسٰى، اِبْنُ، مَرْيَمَ) عِيْسٰى، فاعل، عیسٰی، اِبْنُ، مضاف، بیٹے، ابن،

مَرْيَمَ، مضاف الیہ، مریمؑ کے، مریمؑ (مریم کے بیٹے عیسٰی، عیسٰی ابن مریم)

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (يَا، بَنِيْ، اِسْرَآءِيْلَ) يَا، حرف ندا، اے، بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ، منادٰی، بَنِيْ، مضاف، اصل میں، بَنِيْنَ، تھا، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، بیٹوں، بنی، اِسْرَآءِيْلَ، مضاف الیہ، حضرت یعقوب کا لقب، اسرائیل (اے اولادِ یعقوب، اے بنی اسرائیل)

اِنِّيْ (اِنَّ، يْ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، يْ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، يْ، ضمیر واحد متکلم، میں (یقیناً میں) رَسُوْلُ اللّٰهِ (رَسُوْلُ، اَللّٰهِ) رَسُوْلُ، مضاف، رسول، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا رسول) اِلَيْكُمْ (اِلٰى، كُمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرف) مُصَدِّقًا، تَصْدِيْقًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (تصدیق کرنے والا) لِمَا (لِ، مَا) لِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

بَيْنَ يَدَيَّ (بَيْنَ، يَدَيَّ) بَيْنَ، مضاف، ظرف مکان، درمیان، يَدَيَّ، مضاف الیہ (يَدَيْ، يَ) يَدَيْ، مضاف، اصل میں، يَدَيْنِ، ہے، دونوں ہاتھ، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، يَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے، میرے دونوں ہاتھوں کے (میرے دونوں ہاتھوں کے درمیان، میرے سامنے، مجھ سے پہلے) مِنَ التَّوْرٰىةِ (مِنْ، اَلتَّوْرٰىةِ) مِنْ، حرف جار، بمعنی، فِيْ، میں، اَلتَّوْرٰىةِ، مجرور، توریت (توریت میں) وَ، حرف عطف (اور) مُبَشِّرًا، تَبْشِيْرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (بشارت دینے والا) بِرَسُوْلٍ (بِ، رَسُوْلٍ) بِ، حرف جار، کی، رَسُوْلٍ، مجرور، ایک رسول (ایک رسول کی) يَّاْتِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا (وہ آئے گا)

مِنْۢ بَعْدِي (مِنْ، بَعْدِ، يْ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے بعد) اِسْمُهٗٓ (اِسْمُ، هٗ) اِسْمُ، مضاف، نام، جس سے کسی چیز کو پہچانا جائے، جمع، اَسْمَآءٌ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کا (اُس کا نام) اَحْمَدُ، رسول پاک کا نام، حَمْدٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، مبالغہ فاعل بھی ہو سکتا ہے، دوسروں سے زیادہ حمد بیان کرنے والا، اور صیغہ مبالغہ مفعول بھی یعنی، دوسروں سے زیادہ مدح کیا گیا (احمد)

فَلَمَّا جَآءَهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ قَالُوۡا هٰذَا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۝	پھر جب وہ اُن کے پاس واضح نشانیوں کے ساتھ آئے (تو) اُنہوں نے کہا یہ کھلا جادو ہے

فَلَمَّآ (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف، جب (پھر جب)

جَآءَهُمۡ (جَآءَ، هُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيۡءُ، مصدر مَجِيۡءٌ، آنا، وہ آئے،

هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آئے) بِالۡبَيِّنٰتِ (بِ، اَلۡبَيِّنٰتِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡبَيِّنٰتِ، مجرور، واضح نشانیوں، واضح دلیلوں (واضح نشانیوں کے ساتھ)

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ (سِحۡرٌ، مُبِيۡنٌ) سِحۡرٌ، موصوف، مصدر ہے، جادو کرنا، جادو، مُبِيۡنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، صریح، واضح، کھلا، ظاہر کرنے والا (کھلا جادو)

وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُوَ يُدۡعٰۤى اِلَى الۡاِسۡلَامِ ؕ	اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے حالانکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، استفہامیہ (کون) اَظۡلَمُ، ظُلۡمٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ ظالم)

مِمَّنۡ (مِنۡ، مَنۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

اِفۡتَرٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفۡتَرٰى يَفۡتَرِيۡ، مصدر اِفۡتِرَآءٌ، بہتان باندھنا، گھڑنا (وہ بہتان باندھے) عَلَى اللّٰهِ (عَلٰى، اَللّٰهِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

اَلۡكَذِبَ (جھوٹ، جھوٹی بات) وَ، حالیہ (حالانکہ) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ، وہی)

يُدۡعٰى، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب دَعَا يَدۡعُوۡ، مصدر دَعۡوَةٌ، پکارنا، بلانا، وہ بلایا جاتا ہے)

اِلَى الۡاِسۡلَامِ (اِلٰى، اَلۡاِسۡلَامِ) اِلٰى، حرف جار کی طرف، اَلۡاِسۡلَامِ، مجرور، اسلام (اسلام کی طرف)

وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ۝	اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) لَا يَهۡدِيۡ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهۡدِيۡ،

مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت نہیں دیتا)

اَلْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (اَلْقَوْمَ، اَلظّٰلِمِيْنَ) اَلْقَوْمَ، موصوف، قوم، لوگوں، اَلظّٰلِمِيْنَ، صفت، ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالموں، واحد، اَلظَّالِمُ (ظالم لوگوں)

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ	وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے مونہوں سے بجھادیں

يُرِيْدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَرَادَ يُرِيْدُ، مصدر اِرَادَةٌ، چاہنا، ارادہ کرنا (وہ چاہتے ہیں)

لِيُطْفِـُٔوْا (لِ، يُطْفِـُٔوْا) لِ، لام تعلیل، کہ، يُطْفِـُٔوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَطْفَأَ يُطْفِئُ، مصدر اِطْفَآءٌ، بجھانا، وہ بجھادیں (کہ وہ بجھادیں) نُوْرَ اللّٰهِ (نُوْرَ، اَللّٰهِ) نُوْرَ، مضاف، نور، روشنی، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نور) بِاَفْوَاهِهِمْ (بِ، اَفْوَاهِ، هِمْ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَفْوَاهِ، مجرور، مضاف، مونہوں، واحد، فَمٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے مونہوں سے)

وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝	اور اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے اور اگرچہ کافر لوگ ناپسند کریں

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) مُتِمُّ، اِتْمَامٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (پورا کرنے والا)

نُوْرِهٖ (نُوْرِ، هٖ) نُوْرِ، مضاف، نور، روشنی، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے نور)

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، وصلیہ (اگرچہ) كَرِهَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَرِهَ يَكْرَهُ، مصدر كَرْهًا وَّ كُرْهًا، ناپسند کرنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ناپسند کرے)

اَلْكٰفِرُوْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، کافر لوگ) واحد، اَلْكَافِرُ،

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝	وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ اسے تمام دینوں پر غالب کردے اور اگرچہ مشرک لوگ ناپسند کریں

ع ۹

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہی) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (جس نے)
اَرۡسَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (اس نے بھیجا)
رَسُوۡلَهٗ (رَسُوۡلَ، هٗ) رَسُوۡلَ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے رسول)
بِالۡهُدٰی (بِ، اَلۡهُدٰی) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡهُدٰی، مجرور، اسم مصدر، ہدایت (ہدایت کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) دِیۡنِ الۡحَقِّ (دِیۡنِ، اَلۡحَقِّ) دِیۡنِ، مضاف، دین، اَلۡحَقِّ، مضاف الیہ، حق، سچ، سچے (دین حق) لِیُظۡهِرَهٗ (لِ، یُظۡهِرَ، هٗ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یُظۡهِرَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَظۡهَرَ یُظۡهِرُ، مصدر اِظۡهَارٌ، غالب کرنا، وہ غالب کردے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تاکہ وہ اسے غالب کردے) عَلَی الدِّیۡنِ (عَلٰی، اَلدِّیۡنِ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَلدِّیۡنِ، مجرور، دین (دین پر)
کُلِّهٖ (کُلِّ، هٖ) کُلِّ، مضاف، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، تاکید کیلئے (تمام، سب)
وَ، حرف عطف (اور) لَوۡ، وصلیہ (اگرچہ، خواہ) کَرِهَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب کَرِهَ یَکۡرَهُ، مصدر کَرۡهًا وَّ کُرۡهًا، ناپسند کرنا (وہ ناپسند کرے) اَلۡمُشۡرِکُوۡنَ، اِشۡرَاکٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (شرک کرنے والے، مشرک لوگ) واحد، اَلۡمُشۡرِکُ،

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا هَلۡ اَدُلُّکُمۡ عَلٰی تِجَارَةٍ تُنۡجِیۡکُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ اَلِیۡمٍ ۝	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا میں تمہاری (ایسی) تجارت کی طرف رہنمائی کروں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیۡنَ، اٰمَنُوۡا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادٰی پر، اَلۡ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھادیتے ہیں، الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا، منادٰی، اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) هَلۡ، استفہامیہ (کیا) اَدُلُّکُمۡ (اَدُلُّ، فعل مضارع واحد متکلم، دَلَّ یَدُلُّ، مصدر دَلَالَةٌ، بتانا، ظاہر کرنا، رہنمائی کرنا، میں رہنمائی کروں، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (میں تمہاری رہنمائی کروں)

عَلٰى تِجَارَةٍ (عَلٰى، تِجَارَةٍ) عَلٰى، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف، تِجَارَةٍ، مجرور، تجارت (تجارت کی طرف) تُنْجِيْكُمْ (تُنْجِيْ، كُمْ) تُنْجِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَنْجٰى يُنْجِيْ، مصدر اِنْجَآءٌ، نجات دینا، بچالینا، وہ بچالے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں بچالے)

مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (مِنْ، عَذَابٍ، اَلِيْمٍ) مِنْ، حرف جار، سے، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، اَلِيْمٍ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دُکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب سے)

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ؕ	تم اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور تم اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرو

تُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (تم ایمان لاؤ)

بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) وَ، حرف عطف (اور)

رَسُوْلِهٖ (رَسُوْلِ، ہٖ) رَسُوْلِ، مضاف، رسول، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) وَ، حرف عطف (اور) تُجَاهِدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر جَاهَدَ يُجَاهِدُ، مصدر مُجَاهَدَةٌ، جہاد کرنا (تم جہاد کرو) فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (فِيْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) فِيْ، حرف جار، میں، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، جمع، سُبُلَ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ میں)

بِاَمْوَالِكُمْ (بِ، اَمْوَالِ، كُمْ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَمْوَالِ، مجرور، مضاف، مالوں، واحد، مَالٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے مالوں کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) اَنْفُسِكُمْ (اَنْفُسِ، كُمْ) اَنْفُسِ، مضاف، نفسوں، جانوں، واحد، نَفْسٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی جانوں)

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾	یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو

ذٰلِكُمْ، اسم اشارہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر خطاب کیلئے ہے (یہ، اس) خَيْرٌ، جو چیز سب کو پسند آئے

(بہتر، بھلائی) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اِنۡ، شرطیہ (اگر)

کُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

تَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (تم جانتے)

یَغۡفِرۡ لَکُمۡ ذُنُوۡبَکُمۡ وَ یُدۡخِلۡکُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ وَ مَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیۡ جَنّٰتِ عَدۡنٍ ؕ	وہ تمہیں تمہارے گناہ معاف کردے گا وہ تمہیں جنتوں میں داخل کرے گا ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور پاکیزہ رہائش گاہوں میں (ٹھہرائے گا) جو ہیشگی کی جنتوں میں ہیں

یَغۡفِرۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب غَفَرَ یَغۡفِرُ، مصدر غُفۡرَانًا وَّ مَغۡفِرَۃٌ، بخشنا، معاف کرنا (وہ معاف کردے گا) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، کو، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو، تمہیں)

ذُنُوۡبَکُمۡ (ذُنُوۡبَ، کُمۡ) ذُنُوۡبَ، مضاف، گناہوں، واحد، ذَنۡبٌ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گناہوں) وَ، حرف عطف (اور)

یُدۡخِلۡکُمۡ (یُدۡخِلۡ، کُمۡ) یُدۡخِلۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدۡخَلَ یُدۡخِلُ، مصدر اِدۡخَالٌ، داخل کرنا، وہ داخل کرے گا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں داخل کرے گا)

جَنّٰتٍ (جنتوں، باغوں) واحد، جَنَّۃٌ، تَجۡرِیۡ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَرٰی یَجۡرِیۡ، مصدر جِرۡیَانًا، بہنا، چلنا (وہ بہتی ہے) مِنۡ تَحۡتِہَا (مِنۡ، تَحۡتِ، ہَا) مِنۡ، حرف جار، سے، تَحۡتِ، مجرور، مضاف، نیچے، ہَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ، ہے (اُن کے نیچے سے) اَلۡاَنۡہٰرُ (نہریں) واحد، اَلنَّہۡرُ، وَ، حرف عطف (اور)

مَسٰکِنَ طَیِّبَۃً (مَسٰکِنَ، طَیِّبَۃً) مَسٰکِنَ، موصوف، ظرف مکان، رہنے کی جگہیں، رہائش گاہوں، مکانوں، واحد، مَسۡکَنٌ، طَیِّبَۃً، صفت، طَیۡبٌ، مصدر سے صفت مشبہ، پاکیزہ، عمدہ، ستھری، پاک (پاکیزہ رہائش گاہوں) فِیۡ جَنّٰتِ عَدۡنٍ (فِیۡ، جَنّٰتِ، عَدۡنٍ) فِیۡ، حرف جار، میں، جَنّٰتِ، مجرور، مضاف، باغوں،

جنتوں، واحد، جَنَّةٌ، عَدْنٍ، مضاف الیہ، مصدر، جنت میں ایک اعلیٰ مقام، عدن، ہیشگی کی (ہیشگی کی جنتوں میں)

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۙ﴿۱۲﴾	یہ بہت بڑی کامیابی ہے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (اَلْفَوْزُ، اَلْعَظِيْمُ) اَلْفَوْزُ، موصوف، اسم فعل، مصدر، کامیابی، فتح، کامیاب ہونا، اَلْعَظِيْمُ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑی، عظیم (بہت بڑی کامیابی)

وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ	اور ایک دوسری (چیز) جسے تم پسند کرتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اُخْرٰى، اٰخَرُ، اٰخِرُ، کی مؤنث (ایک دوسری (چیز) ایک اور (چیز)
تُحِبُّوْنَهَا (تُحِبُّوْنَ، هَا) تُحِبُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَحَبَّ يُحِبُّ، مصدر اِحْبَابٌ، پسند کرنا، تم پسند کرتے ہو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُسے (تم اُسے پسند کرتے ہو)

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ	اللہ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح ہے

نَصْرٌ، مصدر (مدد کرنا، مدد) مِنَ اللّٰهِ (مِنْ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے) وَ، حرف عطف (اور) فَتْحٌ قَرِيْبٌ (فَتْحٌ، قَرِيْبٌ) فَتْحٌ، موصوف، مصدر، فتح کرنا، فتح، قَرِيْبٌ، صفت، قُرْبٌ، مصدر سے صفت مشبہ، فوری، قریبی، نزدیکی، قریب والی (قریبی فتح)

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾	اور آپ ایمان والوں کو خوشخبری سنادیں

وَ، حرف عطف (اور) بَشِّرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرٌ، بشارت دینا، خوشخبری سنانا (آپ خوشخبری سنادیں) اَلْمُؤْمِنِيْنَ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومنوں) واحد، اَلْمُؤْمِنُ،

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اللہ کے مددگار ہو جاؤ جس طرح عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا

لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰهِ ؕ	اللہ کی طرف میرے مددگار کون ہیں

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادٰی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھادیتے ہیں، الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا، منادٰی، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) کُوْنُوْٓا، فعل ناقص امر جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (تم ہو جاؤ)

اَنْصَارَ اللّٰهِ (اَنْصَارَ، اَللّٰهِ) اَنْصَارَ، مضاف، نَصْرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، مدد کرنے والے، مددگار، واحد، نَاصِرٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے مددگار)

کَمَا (كَ، مَا) كَ، حرف تشبیہ، حرف جار، مانند، جیسا، طرح، مَا، مجرور، موصولہ، جس (جس طرح)

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ (عِیْسٰی، اِبْنُ، مَرْیَمَ) عِیْسٰی، فاعل، عیسٰی، اِبْنُ، مضاف، بدل، عِیْسٰی، بیٹا، ابن، مَرْیَمَ، مضاف الیہ، مریم کا (مریم کا بیٹا عیسٰی، عیسٰی ابنِ مریم)

لِلْحَوَارِیّٖنَ (لِ، اَلْحَوَارِیّٖنَ) لِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، اَلْحَوَارِیّٖنَ، مجرور، حواریوں، حَوَرٌ، سے مشتق جس کے معنی، خالص سفیدی کے ہیں، حضرت عیسٰی کے اصحاب سفید کپڑے پہنتے تھے، واحد، حَوَارِیٌّ (حواریوں سے) مَنْ، استفہامیہ (کون) اَنْصَارِیْٓ (اَنْصَارِ، یْٓ) اَنْصَارِ، مضاف، نَصْرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، مدد کرنے والے، مددگار، واحد، نَاصِرٌ، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے مددگار) اِلَی اللّٰهِ (اِلٰی، اَللّٰهِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَ کَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ	حواریوں نے کہا ہم اللہ کے مددگار ہیں تو بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ ایمان لے آیا اور ایک گروہ نے کفر کیا

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

اَلْحَوَارِیُّوْنَ (حواریوں) واحد، حَوَارِیٌّ، نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم)

اَنۡصَارُ اللّٰهِ (اَنۡصَارُ، اَللّٰهِ) اَنۡصَارُ، مضاف، نَصۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، مدد کرنے والے، مددگار، واحد، نَاصِرٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے مددگار)

فَاٰمَنَتۡ (فَ، اٰمَنَتۡ) فَ، حرف عطف، تو، اٰمَنَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا، وہ ایمان لے آیا (تو وہ ایمان لے آیا)

طَآئِفَةٌ، طَوۡفٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (ایک گروہ، ایک جماعت)

مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ (مِنۡ، بَنِیۡ، اِسۡرَآءِیۡلَ) مِنۡ، حرف جار، سے، بَنِیۡ، مجرور، مضاف، اصل میں، بَنِیۡنَ، تھا اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، بیٹوں، بنی، اِسۡرَآءِیۡلَ، مضاف الیہ، حضرت یعقوب کا لقب، اسرائیل (حضرت یعقوب کے بیٹوں میں سے، بنی اسرائیل میں سے) وَ، حرف عطف (اور)

کَفَرَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب کَفَرَ یَکۡفُرُ، مصدر کُفۡرًا، کفر کرنا (اس نے کفر کیا)

طَآئِفَةٌ، طَوۡفٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (ایک گروہ، ایک جماعت)

فَاَیَّدۡنَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا عَلٰی عَدُوِّهِمۡ فَاَصۡبَحُوۡا ظٰهِرِیۡنَ ﴿۱۴﴾	پھر ہم نے ان لوگوں کی جو ایمان لائے تھے اُن کے دشمنوں کے خلاف مدد کی تو وہ غالب ہو گئے

ع ۲ / ۱۰

فَاَیَّدۡنَا (فَ، اَیَّدۡنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَیَّدۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَیَّدَ یُؤَیِّدُ، مصدر تَاۡیِیۡدًا، مدد کرنا، ہم نے مدد کی (پھر ہم نے مدد کی) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کی جو)

اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے تھے)

عَلٰی عَدُوِّهِمۡ (عَلٰی، عَدُوِّ، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، بمعنی خلاف، پر، عَدُوِّ، مجرور، مضاف، دشمنوں، اس کا استعمال واحد اور جمع دونوں کیلئے ہوتا ہے، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دشمنوں کے خلاف) فَاَصۡبَحُوۡا (فَ، اَصۡبَحُوۡا) فَ، حرف عطف، تو، اَصۡبَحُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَصۡبَحَ یُصۡبِحُ، مصدر اِصۡبَاحٌ، ہونا، وہ ہو گئے (تو وہ ہو گئے)

ظٰهِرِیۡنَ، ظُهُوۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (غلبہ پانے والے، غالب) واحد، ظَاهِرٌ،

اٰيَاتُهَا: ۱۱	سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا: ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝	جو (کچھ) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتا ہے (جو) بادشاہ ہے نہایت پاک ہے، بڑا غالب ہے، بڑی حکمت والا ہے

يُسَبِّحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَبَّحَ يُسَبِّحُ، مصدر تَسْبِيْحٌ، پاک ہونا بیان کرنا، تسبیح کرنا (وہ تسبیح کرتا ہے) **لِلّٰهِ** (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کی، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی) **مَا**، موصولہ (جو) **فِي السَّمٰوٰتِ** (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) **وَ**، حرف عطف (اور) **مَا**، موصولہ (جو) **فِي الْاَرْضِ** (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) **اَلْمَلِكِ**، اللہ کا صفاتی نام، اسم معرفہ (بادشاہ) جو چاہے کرے اور اس کے فعل پر مجال اعتراض نہ ہو، **اَلْقُدُّوْسِ**، اللہ کا صفاتی نام، قُدْسٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (نہایت پاک)

اَلْعَزِيْزِ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب)

اَلْحَكِيْمِ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ق	وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں ایک رسول اُن میں سے بھیجا وہ اُن پر اُس کی آیات پڑھتا ہے اور وہ انہیں پاک کرتا ہے اور وہ انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ، وہی) **اَلَّذِيْ**، اسم موصول واحد مذکر (جس)

بَعَثَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَعَثَ یَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، بھیجنا (اس نے بھیجا)
فِی الْاُمِّیّٖنَ (فِیْ، اَلْاُمِّیّٖنَ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاُمِّیّٖنَ، مجرور، جو لکھ پڑھ نہ سکیں، ان پڑھ، اُمّی لوگ، واحد، اُمِّیٌّ (اُمّی لوگوں میں) رَسُوْلًا (ایک رسول) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن میں سے) یَتْلُوْا، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَلَا یَتْلُوْا، مصدر تِلَاوَةٌ، پڑھنا (وہ پڑھتا ہے) عَلَیْهِمْ (عَلٰی، هِمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر) اٰیٰتِهٖ (اٰیٰتِ، ہٖ) اٰیٰتِ، مضاف، آیات، واحد، اٰیَةٌ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کی (اُس کی آیات) وَ، حرف عطف (اور) یُزَکِّیْهِمْ (یُزَکِّیْ، هِمْ) یُزَکِّیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب زَکّٰی یُزَکِّیْ، مصدر تَزْکِیَةٌ، پاک کرنا، وہ پاک کرتا ہے، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں پاک کرتا ہے) وَ، حرف عطف (اور) یُعَلِّمُهُمُ (یُعَلِّمُ، هُمْ) یُعَلِّمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلَّمَ یُعَلِّمُ، مصدر تَعْلِیْمًا، تعلیم دینا، سکھانا، وہ تعلیم دیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں تعلیم دیتا ہے) اَلْکِتٰبَ (کتاب) وَ، حرف عطف (اور) اَلْحِکْمَةَ (حکمت)

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۙ	حالانکہ بلاشبہ وہ اس سے پہلے یقینًا کھلی گمراہی میں تھے

وَ، حالیہ (حالانکہ) اِنْ، مخففہ، اِنَّ، کی بجائے استعمال ہوتا ہے، اپنے سے بعد لفظ کو منصوب نہیں کرتا، البتہ تاکید اور یقین کے معنی دیتا ہے (بلاشبہ) کَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ تھے) مِنْ قَبْلُ (مِنْ، قَبْلُ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلُ، مجرور، قبل، پہلے (اس سے پہلے) لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (لَ، فِیْ، ضَلٰلٍ، مُبِیْنٍ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقینًا، فِیْ، حرف جار، میں، ضَلٰلٍ، مصدر، مجرور، موصوف، گمراہی، مُبِیْنٍ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلی، ظاہر، واضح (یقینًا کھلی گمراہی میں)

وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا	اور ان میں سے دوسرے لوگوں میں (بھی بھیجا) جو ابھی

بِهِمْ ؕ	تک اُن سے نہیں ملے

وَ، حرف عطف (اور) اٰخَرِيْنَ (دوسرے لوگ، اور لوگ) واحد، اٰخَرُ،

مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن میں سے)

لَمَّا، حرف جازم، لَمْ، کی طرح مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اُس کو جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، لَمَّا يَلْحَقُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب لَحِقَ يَلْحَقُ، مصدر لَحَاقًا وَّ لُحُوْقٌ، جالینا، پہنچنا، ملنا، لَمَّا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ابھی تک نہیں ملے) بِهِمْ (بِ، هِمْ) بِ، حرف جار، سے، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان، ضمیر کا مرجع، اَلْاُمِّيّٖنَ، ہے (اُن سے)

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝	اور وہی بڑا غالب، بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ، وہی)

اَلْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب)

اَلْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	یہ اللہ کا فضل ہے وہ اسے اُس کو دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) فَضْلُ اللّٰهِ (فَضْلُ، اَللّٰهِ) فَضْلُ، مضاف، اسم فعل، فضل، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا فضل) يُؤْتِيْهِ (يُؤْتِيْ، هِ) يُؤْتِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، وہ دیتا ہے، هِ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، ضمیر کا مرجع، فَضْلُ اللّٰهِ، ہے (وہ اسے دیتا ہے) مَنْ، اسم موصول (اُس کو جسے) يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝	اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (ذُوْ، اَلْفَضْلِ، اَلْعَظِيْمِ) ذُوْ، مضاف، اسم اسماستہ مکبّرہ، والا، صاحب، اَلْفَضْلِ، مضاف الیہ، موصوف، اسم فعل، فضل،

اَلْعَظِيْمِ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، عظیم، بہت بڑے (بہت بڑے فضل والا)

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ	اُن لوگوں کی مثال جن پر توریت (کے احکام) کا بوجھ رکھا گیا پھر اُنہوں نے اُس (کی تعمیل کے) بوجھ کو نہ اُٹھایا گدھے کی مثال کی طرح ہے جو کتابیں اُٹھائے ہوئے ہو

مَثَلُ الَّذِيْنَ (مَثَلُ، اَلَّذِيْنَ) مَثَلُ، مضاف، مثال، اَلَّذِيْنَ، مضاف الیہ، اسم موصول جمع مذکر، ان لوگوں کی جن پر (اُن لوگوں کی مثال جن پر) حُمِّلُوا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب حَمَّلَ يُحَمِّلُ، مصدر تَحْمِيْلًا، اُٹھانا، لادنا، بوجھ رکھنا (اُن پر بوجھ رکھا گیا) اَلتَّوْرٰىةَ (توریت) ثُمَّ، حرف عطف (پھر) لَمْ يَحْمِلُوْهَا (لَمْ يَحْمِلُوْا، هَا) لَمْ يَحْمِلُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب حَمَلَ يَحْمِلُ، مصدر حَمْلًا، بوجھ اُٹھانا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنہوں نے بوجھ نہ اُٹھایا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلتَّوْرٰىةَ، ہے (اُنہوں نے اُس بوجھ کو نہ اُٹھایا)

كَمَثَلِ الْحِمَارِ (كَ، مَثَلِ، اَلْحِمَارِ) كَ، حرف تشبیہ، حرف جار، مانند، طرح، مَثَلِ، مجرور، مضاف، مثال، اَلْحِمَارِ، مضاف الیہ، گدھے کی (گدھے کی مثال کی طرح) يَحْمِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب حَمَلَ يَحْمِلُ، مصدر حَمْلًا، اُٹھانا (وہ اُٹھائے ہوئے ہو) اَسْفَارًا (کتابیں، جو حقائق کو واضح کرتی ہیں) واحد، سِفْرٌ

بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ	ان لوگوں کی مثال بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلایا

بِئْسَ، فعل ذم واحد مذکر غائب، اس کی گردان نہیں آتی (وہ بُری ہے)

مَثَلُ الْقَوْمِ (مَثَلُ، اَلْقَوْمِ) مَثَلُ، مضاف، مثال، اَلْقَوْمِ، مضاف الیہ، قوم کی، لوگوں کی (لوگوں کی مثال) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کی جنہوں نے) كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (اُنہوں نے جھٹلایا) بِاٰيٰتِ اللّٰهِ (بِ، اٰيٰتِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کو، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ (اللہ کی آیات کو)

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝	اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) لَا يَهْدِي، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب هَدٰی يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت نہیں دیتا)

اَلْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (اَلْقَوْمَ، اَلظّٰلِمِيْنَ) اَلْقَوْمَ، موصوف، قوم، لوگوں، اَلظّٰلِمِيْنَ، صفت، ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالموں، واحد، اَلظَّالِمُ (ظالم لوگوں)

قُلْ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝	آپ کہہ دیجئے کہ اے وہ لوگو جو یہودی ہوئے ہو! اگر تم گمان کرتے ہو کہ بے شک تم (دوسرے) لوگوں کے سوا اللہ کے دوست ہو تو تم موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، هَادُوْٓا) يَا، حرف ندا (اے) اَيُّهَا، جب منادی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھادیتے ہیں، اَلَّذِيْنَ هَادُوْٓا، منادی، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، وہ لوگو جو، هَادُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب هَادَ يَهُوْدُ، مصدر هَوْدًا، یہودی ہونا، یہودی ہوئے ہو (اے وہ لوگو جو یہودی ہوئے ہو) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) زَعَمْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر زَعَمَ يَزْعَمُ، مصدر زَعْمًا، گمان کرنا، دعویٰ کرنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم گمان کرتے ہو)

اَنَّكُمْ (اَنَّ، كُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (کہ بے شک تم)

اَوْلِيَآءُ (دوست) واحد، وَلِيٌّ، وَلَايَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ،

لِلّٰهِ (لِ، اللّٰهِ) لِ، حرف جار، کے، اللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے)

مِنْ دُوْنِ النَّاسِ (مِنْ، دُوْنِ، اَلنَّاسِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،

دُوْنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، اَلنَّاسِ، مضاف الیہ، لوگوں کے (لوگوں کے سوا)

فَتَمَنَّوُا (فَ، تَمَنَّوا، اَلۡمَوۡتَ) فَ، حرف عطف، تو، تَمَنَّوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَمَنّٰی یَتَمَنّٰی، مصدر تَمَنِّیًا، تمنا کرنا، آرزو کرنا، تم تمنا کرو (توتم تمنا کرو، اَلۡمَوۡتَ، موت (توتم موت کی تمنا کرو)

اِنۡ، شرطیہ جازمہ (اگر) کُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

صٰدِقِیۡنَ، صِدۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سچ بولنے والے، سچے) واحد، صَادِقٌ

وَلَا یَتَمَنَّوۡنَهٗۤ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَیۡدِیۡهِمۡ ؕ	اور وہ کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے اس وجہ سے جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا

وَ، حرف عطف (اور) لَا یَتَمَنَّوۡنَهٗۤ (لَا یَتَمَنَّوۡنَ، هٗ) لَا یَتَمَنَّوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب تَمَنّٰی یَتَمَنّٰی، مصدر تَمَنِّیًا، آرزو کرنا، تمنا کرنا، وہ تمنا نہیں کریں گے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع، اَلۡمَوۡتَ، ہے (وہ اس کی تمنا نہیں کریں گے)

اَبَدًا، زمانہ مستقبل غیر محدود (کبھی بھی) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو)

قَدَّمَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب قَدَّمَ یُقَدِّمُ، مصدر تَقۡدِیۡمًا، آگے بھیجنا (اس نے آگے بھیجا)

اَیۡدِیۡهِمۡ (اَیۡدِیۡ، هِمۡ) اَیۡدِیۡ، مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے ہاتھوں)

وَاللّٰهُ عَلِیۡمٌۢ بِالظّٰلِمِیۡنَ ۝	اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

بِالظّٰلِمِیۡنَ (بِ، اَلظّٰلِمِیۡنَ) بِ، حرف جار، کو، اَلظّٰلِمِیۡنَ، مجرور، ظُلۡمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالموں، واحد، اَلظَّالِمُ (ظالموں کو)

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِیْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾	آپ کہہ دیجئے بلاشبہ وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو تو یقیناً وہ تم سے ملنے والی ہے پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر وہ تمہیں اُس سے آگاہ کر دے گا جو تم عمل کیا کرتے تھے

ع

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اِنَّ الْمَوْتَ (اِنَّ، اَلْمَوْتَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَلْمَوْتَ، اِنَّ، کا اسم، موت (بلاشبہ موت) اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس) تَفِرُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر فَرَّ یَفِرُّ، مصدر فِرَارٌ، بھاگنا، جان بچانا (تم بھاگتے ہو) مِنْهُ (مِنْ، هٗ) مِنْ، حرف جار، سے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْمَوْتَ، ہے (اس سے) فَاِنَّهٗ (فَ، اِنَّ، هٗ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، یقیناً، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (تو یقیناً وہ)

مُلٰقِیْكُمْ (مُلٰقِیْ، كُمْ) مُلٰقِیْ، مضاف، مُلَاقَاةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، مرجع، اَلْمَوْتَ، ہے، جو اردو میں مؤنث ہے اس لئے ترجمہ، ملنے والی، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے ملنے والی) ثُمَّ، حرف عطف (پھر) تُرَدُّوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر رَدَّ یَرُدُّ، مصدر رَدًّا، لوٹانا، واپس بھیجنا (تم لوٹائے جاؤ گے) اِلٰى عٰلِمِ (اِلٰى، عٰلِمِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، عٰلِمِ، مجرور، عِلْمٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، جاننے والا (جاننے والے کی طرف) اَلْغَیْبِ، مصدر، پوشیدہ ہونا، پوشیدہ، وہ باتیں جو انسان کی حسی اور عقلی رسائی سے باہر ہوں اور اُن کی رسائی انبیاء کرام کے ذریعے ہو،

وَ، حرف عطف (اور) اَلشَّهَادَةِ، مصدر (ظاہر ہونا، ظاہر)

فَیُنَبِّئُكُمْ (فَ، یُنَبِّئُ، كُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، یُنَبِّئُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَبَّاَ یُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، آگاہ کرنا، وہ آگاہ کر دے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (پھر وہ تمہیں آگاہ کر دے گا) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کیا کرتے)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب جمعہ کے دن نماز کیلئے اذان دی جائے تو تم اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور تم خرید وفروخت چھوڑ دو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْٓا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادٰی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھادیتے ہیں، الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا، منادٰی، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) نُوْدِيَ، فعل ماضی مجہول جمع متکلم نَادٰى يُنَادِيْ، مصدر مُنَادَاةً وَّنِدَآءً، بلانا، پکارنا، آواز دینا، اذان دینا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (اذان دی جائے)

لِلصَّلٰوةِ (لِ، اَلصَّلٰوةِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلصَّلٰوةِ، مجرور، نماز (نماز کیلئے)

مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ (مِنْ، يَوْمِ، اَلْجُمُعَةِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،

يَوْمِ، مجرور، مضاف، دن، اَلْجُمُعَةِ، مضاف الیہ، جمعہ کے (جمعہ کے دن)

فَاسْعَوْا (فَ، اِسْعَوْا) فَ، حرف عطف، تو، اِسْعَوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَعٰى يَسْعٰى، مصدر سَعْيًا، کوشش کرنا، دوڑنا، تم دوڑو (تو تم دوڑو) اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ (اِلٰى، ذِكْرِ، اَللّٰهِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، ذِكْرِ، مجرور، مضاف، ذکر، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے ذکر کی طرف)

وَذَرُوْا (وَ، ذَرُوْا) وَ، حرف عطف، اور، ذَرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر وَذَرَ يَذَرُ، مصدر وَذْرًا، چھوڑنا، ترک کرنا، تم چھوڑ دو (اور تم چھوڑ دو) اَلْبَيْعَ، مصدر (بیچنا، خریدنا، لین دین، خرید وفروخت)

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝	یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو

ذٰلِكُمْ، اسم اشارہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر خطاب کیلئے ہے (یہ) خَيْرٌ (بہتر، بھلائی)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا،

اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم جانتے)

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَ ابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝	پھر جب نماز پوری ہو جائے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کے فضل میں سے (حصہ) تلاش کرو اور تم اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)

قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ (قُضِيَتْ، اَلصَّلٰوةُ) قُضِيَتْ، فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب قَضٰى يَقْضِىْ، مصدر قَضَآءٌ، خاتمہ کرنا، پورا کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ پوری ہو جائے، اَلصَّلٰوةُ، نماز (نماز پوری ہو جائے) فَانْتَشِرُوْا (فَ، اِنْتَشِرُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اِنْتَشِرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِنْتَشَرَ يَنْتَشِرُ، مصدر اِنْتِشَارٌ، الگ الگ ہونا، پھیل جانا، پھیل کر اپنے اپنے کاموں میں لگ جانا، تم پھیل جاؤ (تو تم پھیل جاؤ) فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَ، حرف عطف (اور) اِبْتَغُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ، مصدر اِبْتِغَآءٌ، چاہنا، تلاش کرنا (تم تلاش کرو) مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ (مِنْ، فَضْلِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، سے،

فَضْلِ، مجرور، مضاف، اسم فعل، فضل، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے فضل میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) اُذْكُرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَكَرَ يَذْكُرُ، مصدر ذِكْرًا، یاد کرنا (تم یاد کرو)

اَللّٰهَ (اللہ) كَثِيْرًا، كَثْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت، بکثرت)

لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ، كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تُفْلِحُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَفْلَحَ يُفْلِحُ، مصدر اِفْلَاحٌ، فلاح پانا (تم فلاح پاؤ)

وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا اِنْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ	اور جب وہ کوئی تجارت یا تماشا دیکھتے ہیں تو وہ اُٹھ کر اُس کی طرف چلے جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)

رَاَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ دیکھتے ہیں)

تِجَارَةً، مصدر (کوئی تجارت، کوئی کاروبار) اَوْ، حرف عطف (یا)

لَهْوَا، اسم مصدر، سنجیدگی چھوڑ کر مزاح کی طرف جھکاؤ، لَهْوًا، کہلاتا ہے (تماشا)

اِنْفَضُّوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِنْفَضَّ یَنْفَضُّ، مصدر اِنْفِضَاضٌ، متفرق ہونا، دوڑ جانا، اُٹھ کر چلے جانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ اُٹھ کر چلے جاتے ہیں) اِلَيْهَا (اِلٰی، هَا) اِلٰی، حرف جار، کی طرف،

هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، تِجَارَةً، ہے (اس کی طرف) وَ، حرف عطف (اور)

تَرَكُوْكَ (تَرَكُوْا، كَ) تَرَكُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَرَكَ یَتْرُكُ، مصدر تَرْكًا، ترک کرنا، چھوڑ جانا،

اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ چھوڑ جاتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ کو چھوڑ جاتے ہیں)

قَآئِمًا، قِيَامٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (کھڑا ہونے والا، کھڑا)

قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ	آپ کہہ دیجئے جو اللہ کے پاس ہے وہ تماشے سے اور تجارت سے بہتر ہے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

مَا، موصولہ (جو) عِنْدَ اللّٰهِ (عِنْدَ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، ہاں،

اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے پاس) خَيْرٌ (بہتر، بھلائی) مِنَ اللَّهْوِ (مِنْ، اَللَّهْوِ) مِنَ، حرف جار، سے، اَللَّهْوِ، مجرور، اسم مصدر، تماشا (تماشے سے) وَ، حرف عطف (اور)

مِنَ التِّجَارَةِ (مِنْ، اَلتِّجَارَةِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلتِّجَارَةِ، مجرور، مصدر، تجارت (تجارت سے)

وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾	اور اللہ رزق دینے والوں میں سب سے بہتر ہے

ع ۲ ۱۲

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

خَیْرُ، مضاف، بطور وصف استعمال ہوا ہے، افعل التفضیل کے معنی ہیں (سب سے بہتر، اچھا)

اَلرّٰزِقِیْنَ، مضاف الیہ، رِزْقًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (رزق دینے والے، روزی دینے والے)

اٰيَاتُهَا: ١١	سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا: ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ	جب منافق لوگ آپ کے پاس آتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بلاشبہ آپ واقعی اللہ کے رسول ہیں

اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) جَآءَكَ (جَآءَ، كَ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْءُ، مصدر مَجِيْءٌ، آنا، اِذَا، اور، اَلْمُنٰفِقُوْنَ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ آتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (وہ آپ کے پاس آتے ہیں) اَلْمُنٰفِقُوْنَ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (منافقت کرنے والے، منافق لوگ) واحد، اَلْمُنَافِقُ،

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہتے ہیں)

نَشْهَدُ، فعل مضارع جمع متکلم شَهِدَ يَشْهَدُ، مصدر شَهَادَةٌ، گواہی دینا (ہم گواہی دیتے ہیں)

اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (بلاشبہ آپ)

لَرَسُوْلُ اللّٰهِ (لَ، رَسُوْلُ، اَللّٰهِ) لَ، لام تاکید، ضرور، واقعی، رَسُوْلُ، مضاف، رسول، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ (واقعی اللہ کے رسول)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۭ	اور اللہ جانتا ہے کہ بلاشبہ آپ واقعی اس کے رسول ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بلاشبہ، بے شک، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (بلاشبہ آپ) لَرَسُوْلُهٗ (لَ، رَسُوْلُ، هٗ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، واقعی، رَسُوْلُ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (واقعی اُس کے رسول)

وقف لازم

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ①	اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بلاشبہ منافق لوگ یقیناً جھوٹے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَشْهَدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَهِدَ يَشْهَدُ، مصدر شَهَادَةٌ، گواہی دینا (وہ گواہی دیتا ہے) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ)

اَلْمُنٰفِقِيْنَ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (منافقت کرنے والے، منافق لوگ) واحد، اَلْمُنَافِقُ، لَكٰذِبُوْنَ (لَ، كَاذِبُوْنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، كَاذِبُوْنَ، كِذْبًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹ بولنے والے، جھوٹے، واحد، اَلْكَاذِبُ (یقیناً جھوٹے)

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اُنہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنالیا ہے پھر اُنہوں نے اللہ کی راہ سے روکا

اِتَّخَذُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، پکڑنا، بنانا (اُنہوں نے بنالیا ہے)

اَيْمَانَهُمْ (اَيْمَانَ، هُمْ) اَيْمَانَ، مضاف، قسموں، واحد، يَمِيْنٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی قسموں) جُنَّةً (ڈھال) جَنٌّ، سے مشتق، جمع، جُنَنٌ،

فَصَدُّوْا (فَ، صَدُّوْا) فَ، حرف عطف، پھر، صَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صَدٌّ وَّ صُدُوْدٌ، روکنا، اُنہوں نے روکا (پھر اُنہوں نے روکا) عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (عَنْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ سے)

اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ②	یقیناً وہ جو عمل کرتے ہیں بُرا ہے

اِنَّهُمْ (اِنَّ، هُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)

سَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَآءَ يَسُوْٓءُ، مصدر سَوْءٌ، بُرا ہونا (وہ بُرا ہے)

مَا، موصولہ (جو) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہیں)

يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، کام کرنا، عمل کرنا (وہ عمل کرتے)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝	یہ اس وجہ سے کہ بے شک وہ ایمان لائے پھر اُنہوں نے کفر کیا تو اُن کے دلوں پر مہر لگا دی گئی پس وہ نہیں سمجھتے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّهُمْ (بِ، اَنَّ، هُمْ) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، اَنَّ، مجرور، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (اس وجہ سے کہ بے شک وہ) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا) فَطُبِعَ (فَ، طُبِعَ) فَ، حرف عطف، تو، طُبِعَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب طَبَعَ يَطْبَعُ، مصدر طَبْعًا، مہر لگانا، مہر گادی گئی (تو مہر لگادی گئی) عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (عَلٰى، قُلُوْبِ، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دلوں پر) فَهُمْ (فَ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پس، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (پس وہ) لَا يَفْقَهُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب فَقِهَ يَفْقَهُ، مصدر فِقْهٌ، سمجھنا (وہ نہیں سمجھتے)

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ	اور جب آپ انہیں دیکھیں آپ کو اُن کے جسم اچھے لگیں گے

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)

رَاَيْتَهُمْ (رَاَيْتَ، هُمْ) رَاَيْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، آپ دیکھیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ انہیں دیکھیں)

تُعْجِبُكَ (تُعْجِبُ، كَ) تُعْجِبُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَعْجَبَ يُعْجِبُ، مصدر اِعْجَابٌ، تعجب میں ڈالنا، اچھا لگنا، بھلا معلوم ہونا، اَجْسَامُ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ اچھے لگیں گے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ کو اچھے لگیں گے) اَجْسَامُهُمْ (اَجْسَامُ، هُمْ) اَجْسَامُ، مضاف، جسموں،

واحد، جِسْمٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے جسم)

وَاِنْ یَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ	اور اگر وہ بات کریں آپ اُن کی بات کو سنیں گے

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) یَقُوْلُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، بات کرنا (وہ بات کریں) تَسْمَعْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر حاضر سَمِعَ یَسْمَعُ، مصدر سَمْعٌ، سننا (آپ سنیں گے) لِقَوْلِهِمْ (لِ، قَوْلِ، هِمْ) لِ، حرف جار، کو، قَوْلِ، مجرور، مضاف، بات، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی بات کو)

كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ	گویا کہ وہ دیوار کے سہارے کھڑی کی ہوئی لکڑیاں ہیں

كَاَنَّهُمْ (كَاَنَّ، هُمْ) كَاَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، گویا کہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (گویا کہ وہ) خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ (خُشُبٌ، مُسَنَّدَةٌ) خُشُبٌ، موصوف، لکڑیاں، واحد، خَشَبٌ، مُسَنَّدَةٌ، صفت، تَسْنِيْدٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مؤنث، دیوار کے سہارے کھڑی کی ہوئی (دیوار کے سہارے کھڑی کی ہوئی لکڑیاں)

يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ	وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف گمان کرتے ہیں

يَحْسَبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَسِبَ يَحْسَبُ، مصدر حُسْبَانٌ، گمان کرنا، خیال کرنا (وہ گمان کرتے ہیں) كُلَّ صَيْحَةٍ (كُلَّ، صَيْحَةٍ) كُلَّ، مضاف، ہر، صَيْحَةٍ، مضاف الیہ، حاصل مصدر، چیخ، کڑک، بلند آواز (ہر بلند آواز) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، بمعنی خلاف، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے خلاف)

هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ	وہ دشمن ہیں پس آپ اُن سے بچیں

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) اَلْعَدُوُّ (دشمن) فَاحْذَرْهُمْ (فَ، اِحْذَرْ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پس، اِحْذَرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر حَذِرَ يَحْذَرُ، مصدر حَذَرًا، محتاط رہنا، ہوشیار رہنا، بچنا، آپ بچیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن سے (پس آپ اُن سے بچیں)

قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ	اللہ انہیں ہلاک کرے

قٰتَلَهُمُ (قَاتَلَ، هُمْ) قَاتَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَاتَلَ يُقَاتِلُ، مصدر مُقَاتَلَةٌ، جنگ کرنا، ہلاک کرنا، بدعائیہ جملہ، اس لئے ترجمہ، وہ ہلاک کرے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں ہلاک کرے) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝	وہ کہاں بہکائے جارہے ہیں

اَنّٰى، اسم ظرف مکان، بمعنی، اَيْنَ (کہاں) يُؤْفَكُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب، اَفَكَ يَاْفِكُ، مصدر اِفْكًا، بہتان لگانا، پھیرنا، بہکانا (وہ بہکائے جارہے ہیں)

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَ هُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝	اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم آؤ اللہ کا رسول تمہارے لئے بخشش کی دعا کرے (تو) وہ اپنے سروں کو پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھتے ہیں (کہ) وہ رک جاتے ہیں اس حال میں کہ وہ تکبر کرنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)

قِيْلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (کہا جاتا ہے)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)

تَعَالَوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَعَالٰى يَتَعَالٰى، مصدر تَعَالِيٌ بلند ہونا، آنا (تم آؤ)

يَسْتَغْفِرْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش کی دعا کرنا (وہ بخشش کی دعا کرے) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) رَسُوْلُ اللّٰهِ (رَسُوْلُ، اَللّٰهِ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا رسول) لَوَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب لَوّٰى يُلَوِّيْ، مصدر تَلْوِيَةٌ، پھیر لینا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پھیر لیتے ہیں) رُءُوْسَهُمْ (رُءُوْسَ، هُمْ) رُءُوْسَ، مضاف، سروں، واحد، رَاْسٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع

مذکر غائب، اپنے (اپنے سروں) وَ، حرف عطف (اور) رَاَيْتَهُمْ (رَاَيْتَ، هُمْ) رَاَيْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، آپ دیکھتے ہیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ انہیں دیکھتے ہیں) يَصُدُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صَدًّا، روکنا، باز رکھنا، اعراض کرنا، رک جانا (وہ رک جاتے ہیں) وَ، حالیہ (اس حال میں کہ)

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) مُسْتَكْبِرُوْنَ، اِسْتِكْبَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (تکبر کرنے والے، تکبر کرتے ہوئے) واحد، مُسْتَكْبِرًا،

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ	اُن پر برابر ہے خواہ آپ اُن کیلئے بخشش کی دعا کریں یا آپ اُن کیلئے بخشش کی دعا نہ کریں

سَوَآءٌ، اسم مصدر (برابر، یکساں) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر) اَسْتَغْفَرْتَ، اصل میں، اَاِسْتَغْفَرْتَ، تھا، اَ، ہمزہ تسویہ، برابری کیلئے استعمال ہوتا ہے، خواہ، اِسْتَغْفَرْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش کی دعا کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، آپ بخشش کی دعا کریں (خواہ آپ بخشش کی دعا کریں)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

اَمْ، حرف عطف (یا) لَمْ تَسْتَغْفِرْ، فعل مضارع مجزوم منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش کی دعا کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (آپ بخشش کی دعا نہ کریں)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ	اللہ ہرگز اُن کو معاف نہیں کرے گا

لَنْ يَّغْفِرَ، فعل مضارع منصوب منفی تاکید بہ لن واحد مذکر غائب غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا، بخشنا، معاف کرنا (وہ ہرگز معاف نہیں کرے گا) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کو، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کو)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ ۝	بے شک اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (بے شک اللہ) لَا يَهۡدِىۡ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهۡدِىۡ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت نہیں دیتا) اَلۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ (اَلۡقَوۡمَ، اَلۡفٰسِقِيۡنَ) اَلۡقَوۡمَ، موصوف، قوم، لوگ، اَلۡفٰسِقِيۡنَ، صفت، فُسُوۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نافرمانی کرنے والے، نافرمان، واحد، اَلۡفَاسِقُ (نافرمان لوگ)

هُمُ الَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ لَا تُنۡفِقُوۡا عَلٰى مَنۡ عِنۡدَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنۡفَضُّوۡا ؕ	وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ تم اُن (فُقراء) پر خرچ نہ کرو جو اللہ کے رسول کی قُربت میں ہیں یہاں تک کہ وہ منتشر ہو جائیں

هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

لَا تُنۡفِقُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اَنۡفَقَ يُنۡفِقُ، مصدر اِنۡفَاقٌ، خرچ کرنا (تم خرچ نہ کرو)

عَلٰى مَنۡ (عَلٰى، مَنۡ) عَلٰى، حرف جار، پر، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جو (اُن پر جو)

عِنۡدَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ (عِنۡدَ، رَسُوۡلِ، اَللّٰهِ) عِنۡدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، نزدیک، قربت، رَسُوۡلِ، مضاف الیہ، مضاف، رسول کی، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے رسول کی قُربت میں)

حَتّٰى، حرف غایت (یہاں تک کہ) يَنۡفَضُّوۡا، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِنۡفَضَّ يَنۡفَضُّ، مصدر اِنۡفِضَاضٌ، منتشر ہونا، چھوڑ کر چلے جانا، دوڑ جانا (وہ منتشر ہو جائیں)

وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَلٰكِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ لَا يَفۡقَهُوۡنَ ۝	حالانکہ آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں اور لیکن منافق لوگ نہیں سمجھتے

وَ، حالیہ (حالانکہ) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، برائے ملکیت، ہی کے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ ہی کے)

خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ (خَزَآئِنُ، اَلسَّمٰوٰتِ) خَزَآئِنُ، مضاف، خزانے، واحد، خِزَانَةٌ وَّ خَزِيۡنَةٌ،

اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کے، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کے خزانے) وَ، حرف عطف (اور)
اَلۡاَرۡضِ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (لیکن)
اَلۡمُنٰفِقِیۡنَ، لٰكِنَّ، کا اسم، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، منافقت کرنے والے، منافق لوگ، واحد،
اَلۡمُنَافِقُ، لَا یَفۡقَهُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب فَقِهَ یَفۡقَهُ، سمجھنا (وہ نہیں سمجھتے)

یَقُوۡلُوۡنَ لَئِنۡ رَّجَعۡنَاۤ اِلَى الۡمَدِیۡنَةِ لَیُخۡرِجَنَّ الۡاَعَزُّ مِنۡهَا الۡاَذَلَّ ؕ	وہ کہتے ہیں یقیناً اگر ہم مدینہ کی طرف لوٹ کر گئے تو بلاشبہ زیادہ عزت والا اس میں سے ذلیل تر کو ضرور باہر نکال دے گا

یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)
لَئِنۡ (لَ، اِنۡ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اِنۡ، شرطیہ جازمہ، اگر (یقیناً اگر) رَجَعۡنَاۤ، فعل ماضی جمع متکلم رَجَعَ
یَرۡجِعُ، مصدر رَجۡعٌ وَّ رُجُوۡعٌ، لوٹ کر جانا، واپس جانا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (ہم لوٹ کر گئے)
اِلَى الۡمَدِیۡنَةِ (اِلٰی، اَلۡمَدِیۡنَةِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَلۡمَدِیۡنَةِ، مجرور، مدینہ (مدینہ کی طرف)
لَیُخۡرِجَنَّ (لَ، یُخۡرِجَنَّ) لَ، لام تاکید، جواب شرط، بلاشبہ، یُخۡرِجَنَّ، فعل مضارع مؤکدّ بانون تاکید
ثقیلہ واحد مذکر غائب اَخۡرَجَ یُخۡرِجُ، مصدر اِخۡرَاجًا، باہر نکالنا، وہ ضرور باہر نکال دے گا (بلاشبہ وہ ضرور
باہر نکال دے گا) اَلۡاَعَزُّ، عِزٌّ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ عزت والا)
مِنۡهَا (مِنۡ، هَا) مِنۡ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلۡمَدِیۡنَةِ،
ہے (اس میں سے) اَلۡاَذَلَّ، ذِلَّةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ ذلیل، زیادہ کمزور، ذلیل تر)

وَلِلّٰهِ الۡعِزَّةُ وَلِرَسُوۡلِهٖ وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَلٰكِنَّ الۡمُنٰفِقِیۡنَ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ۠ ۸	حالانکہ عزت (تو) اللہ کیلئے اور اُس کے رسول کیلئے اور ایمان والوں کیلئے ہے اور لیکن منافق لوگ نہیں جانتے

ع ۸ / ۱۳

وَ، حالیہ (حالانکہ) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)
اَلۡعِزَّةُ، اسم مصدر (عزت، وقار) وَ، حرف عطف (اور) لِرَسُوۡلِهٖ (لِ، رَسُوۡلِ، هٖ) لِ، حرف جار، کیلئے،

رَسُوْلِ، مجرور، مضاف، رسول، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے،
ضمیر کا مرجع، اَللّٰہِ، ہے (اس کے رسول کیلئے) وَ، حرف عطف (اور)
لِلْمُؤْمِنِیْنَ (لِ، اَلْمُؤْمِنِیْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْمُؤْمِنِیْنَ، مجرور، اِیْمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع
مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (ایمان والوں کیلئے) وَ، حرف عطف (اور)
لٰکِنَّ، حرفِ مشبہ بالفعل (لیکن) اَلْمُنٰفِقِیْنَ، لٰکِنَّ، کا اسم، نِفَاقٌ، مصدر اسم فاعل
جمع مذکر، منافقت کرنے والے، منافق لوگ، واحد، اَلْمُنَافِقُ،
لَا یَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کردیں

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر
کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھادیتے ہیں، الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو
جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو
ایمان لائے ہو) لَا تُلْهِكُمْ (لَا تُلْهِ، كُمْ) لَا تُلْهِ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب اَلْهٰی یُلْهِیْ، مصدر
اِلْهَآءٌ، غافل کرنا، وہ غافل نہ کرے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں غافل نہ کردے)
اَمْوَالُكُمْ (اَمْوَالُ، كُمْ) اَمْوَالُ، مضاف، اموال، واحد، مَالٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر،
تمہارے (تمہارے مال) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) اَوْلَادُكُمْ (اَوْلَادُ، كُمْ) اَوْلَادُ، مضاف، اولاد،
واحد، وَلَدٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری اولاد)
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (عَنْ، ذِكْرِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، ذِكْرِ، مجرور، مضاف، ذکر، یاد،
اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کے یاد سے)

وَ مَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹	اور جو یہ کرے تو وہی لوگ ہی خسارہ اٹھانے

	والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ، اسمِ موصول (جو) یَفۡعَلۡ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب فَعَلَ یَفۡعَلُ، مصدر فِعۡلًا وَّ فَعۡلًا، کرنا (وہ کرے) ذٰلِکَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ)

فَاُولٰٓئِکَ (فَ، اُولٰٓئِکَ) فَ، حرف عطف، جوابِ شرط، تو، اُولٰٓئِکَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہی لوگ (تو وہی لوگ) هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی)

اَلۡخٰسِرُوۡنَ، خُسۡرَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خسارہ اُٹھانے والے) واحد، اَلۡخَاسِرُ۔

وَ اَنۡفِقُوۡا مِنۡ مَّا رَزَقۡنٰکُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ اَحَدَکُمُ الۡمَوۡتُ فَیَقُوۡلَ رَبِّ لَوۡ لَاۤ اَخَّرۡتَنِیۡۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیۡبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَکُنۡ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۰﴾	اور تم اس میں سے خرچ کرو جو ہم نے تمہیں رزق دیا ہے اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کو موت آئے پھر وہ کہے اے میرے رب! تو نے مجھے ایک قریب مدت تک مہلت کیوں نہیں دی کہ میں صدقہ کرتا اور میں نیک لوگوں میں سے ہوتا

وَ، حرف عطف (اور) اَنۡفِقُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَنۡفَقَ یُنۡفِقُ، مصدر اِنۡفَاقٌ، خرچ کرنا (تم خرچ کرو) مِنۡ مَّا (مِنۡ، مَا) مِنۡ، حرف جار، سے، مَا، موصولہ، مجرور، جو (اس میں سے جو)

رَزَقۡنٰکُمۡ (رَزَقۡنَا، کُمۡ) رَزَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَزَقَ یَرۡزُقُ، مصدر رِزۡقًا، رزق دینا، ہم نے رزق دیا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم نے تمہیں رزق دیا ہے)

مِنۡ قَبۡلِ (مِنۡ، قَبۡلِ) مِنۡ، حرف جار، سے، قَبۡلِ، مجرور، قبل، پہلے (اس سے پہلے)

اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) یَاۡتِیَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَتٰی یَاۡتِیۡ، مصدر اِتۡیَانٌ، آنا (وہ آئے) اَحَدَکُمۡ (اَحَدَ، کُمۡ) اَحَدَ، مضاف، کسی، ایک، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے کسی کو) اَلۡمَوۡتُ (موت) فَیَقُوۡلَ (فَ، یَقُوۡلُ) فَ، حرف عطف، پھر، یَقُوۡلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب منصوب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، وہ کہے (پھر وہ کہے) رَبِّ، اصل میں، یَارَبِّیۡ، تھا

(یَا، رَبِّ، یْ) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیْ، منادی، رَبِّ، مضاف، رب، یْ، مضاف الیہ، محذوف، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب) لَوْ لَا، برائے تحضیض (کیوں نہیں)

اَخَّرْتَنِیْٓ (اَخَّرْتَ، نِ، یْ) اَخَّرْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اَخَّرَ یُؤَخِّرُ، مصدر تَاْخِیْرٌ، دیر کرنا، مہلت دینا، تو نے مہلت دی، نِ، نون وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تو نے مجھے مہلت دی)

اِلٰٓی اَجَلٍ قَرِیْبٍ (اِلٰی، اَجَلٍ، قَرِیْبٍ) اِلٰی، حرف جار، تک، اَجَلٍ، مجرور، موصوف، مدّت، وقت، قَرِیْبٍ، صفت، قُرْبٌ، مصدر سے صفت مشبہ، فوری، قریب (ایک قریب مدت تک)

فَاَصَّدَّقَ (فَ، اَصَّدَّقَ) فَ، حرف عطف، سببیہ، کہ، اَصَّدَّقَ، اصل میں، اَتَصَدَّقَ، تھا، فعل مضارع واحد متکلم تَصَدَّقَ یَتَصَدَّقُ، مصدر تَصَدُّقٌ، صدقہ کرنا، میں صدقہ کرتا (کہ میں صدقہ کرتا)

وَ، حرف عطف (اور) اَکُنْ، فعل ناقص مضارع واحد متکلم کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (میں ہوتا)

مِنَ الصّٰلِحِیْنَ (مِنْ، اَلصّٰلِحِیْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلصّٰلِحِیْنَ، مجرور، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نیک لوگوں، واحد، اَلصَّالِحُ (نیک لوگوں میں سے)

وَ لَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ	اور اللہ کسی جان کو ہرگز مہلت نہیں دے گا جب اس کا وقت آجائے گا

وَ، حرف عطف (اور) لَنْ یُّؤَخِّرَ، فعل مضارع منصوب منفی تاکید بہ لن واحد مذکر غائب اَخَّرَ یُؤَخِّرُ، مصدر تَاْخِیْرٌ، دیر کرنا، مہلت دینا (وہ ہرگز مہلت نہیں دے گا) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

نَفْسًا (کسی نفس، کسی جان) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن معنی شرط (جب)

جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْٓءُ، مصدر مَجِیْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ ترجمہ (وہ آجائے گا)

اَجَلُهَا (اَجَلُ، هَا) اَجَلُ، مضاف، وقت، مدّت، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کا، ضمیر کا مرجع، نَفْسًا، ہے (اُس کا وقت)

وَاللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ؑ	اور اللہ اس سے خوب باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو

ع ۲ ۱۴

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) خَبِيْرٌۢ، اللہ کا صفاتی نام، خَبُرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب باخبر) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، موصولہ، مجرور، جو (اس سے جو)
تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

اٰیَاتُھَا: ۱۸	سُوۡرَۃُ التَّغَابُنِ مَدَنِیَّۃٌ	رُکُوۡعَاتُھَا: ۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ	اللہ کی تسبیح کرتا ہے جو (کچھ) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

یُسَبِّحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَبَّحَ یُسَبِّحُ، مصدر تَسۡبِیۡحٌ، پاک ہونا بیان کرنا، تسبیح کرنا (وہ تسبیح کرتا ہے) لِلّٰہِ (لِ، اَللّٰہِ) لِ، حرف جار، کی، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ کی) مَا، موصولہ (جو) فِی السَّمٰوٰتِ (فِیۡ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو) فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

لَہُ الۡمُلۡکُ وَ لَہُ الۡحَمۡدُ ۫	اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کی سب تعریف ہے

لَہُ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کی، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (اسی کی) اَلۡمُلۡکُ (بادشاہی) وَ، حرف عطف (اور) لَہُ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کی، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (اسی کی) اَلۡحَمۡدُ، مصدر (سب تعریف)

وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ①	اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) ھُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ (عَلٰی، کُلِّ، شَیۡءٍ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر) قَدِیۡرٌ، قُدۡرَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، قدرت رکھنے والا، قادر، حکمت کے مطابق جو چاہے کرے، اللہ کے علاوہ کسی مخلوق کو قدیر نہیں کہہ سکتے۔

ھُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ فَمِنۡکُمۡ کَافِرٌ	وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر تم میں سے بعض

وَّ مِنۡكُمۡ مُّؤۡمِنٌ ؕ	کافر ہیں اور تم میں سے بعض ایمان والے ہیں

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (جس نے)

خَلَقَكُمۡ (خَلَقَ، كُمۡ) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا، اس نے پیدا کیا، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں پیدا کیا)

فَمِنۡكُمۡ (فَ، مِنۡ، كُمۡ) فَ، حرف عطف، پھر، مِنۡ، حرف جار، تبعیضیہ، میں سے بعض، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (پھر تم میں سے بعض) كَافِرٌ، كُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (کفر کرنے والا، کافر)

وَ، حرف عطف (اور) مِنۡكُمۡ (مِنۡ، كُمۡ) مِنۡ، حرف جار، تبعیضیہ، میں سے بعض، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے بعض)

مُؤۡمِنٌ، اِيۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ایمان والا، مؤمن) جمع، مُؤۡمِنُوۡنَ،

وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ۝۲	اور اللہ اُس کو جو تم عمل کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، موصولہ، مجرور، جو (اُس کو جو) تَعۡمَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

بَصِيۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ وَصَوَّرَكُمۡ فَاَحۡسَنَ صُوَرَكُمۡ ۚ	اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں پھر اُس نے تمہاری صورتوں کو اچھا بنایا

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

اَلسَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضَ (زمین)

بِالۡحَقِّ (بِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) صَوَّرَكُمۡ (صَوَّرَ، كُمۡ) صَوَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب صَوَّرَ يُصَوِّرُ، مصدر

تَصْوِيْرٌ، صورت بنانا، اس نے صورتیں بنائیں، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (اُس نے تمہاری صورتیں بنائیں) فَاَحْسَنَ (فَ، اَحْسَنَ) فَ، حرف عطف، پھر، اَحْسَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحْسَنَ يُحْسِنُ، مصدر اِحْسَانٌ، اچھا کرنا، اچھا بنانا، اس نے اچھا بنایا (پھر اس نے اچھا بنایا) صُوَرَكُمْ (صُوَرَ، كُمْ) صُوَرَ، مضاف، صورتوں، واحد، صُوْرَةٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری صورتوں)

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۞	اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِلَيْهِ (اِلٰى، هِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسی، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهَ، ہے (اُسی کی طرف) اَلْمَصِيْرُ، اسم ظرف مکان و مصدر، مادہ صَيْرٌ (لوٹنے کی جگہ، ٹھکانہ، لوٹ کر جانا، لوٹنا)

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ	وہ جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو

يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، موصولہ (جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضِ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، موصولہ (جو) تُسِرُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَسَرَّ يُسِرُّ، مصدر اِسْرَارٌ، چھپانا (تم چھپاتے ہو) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو) تُعْلِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَعْلَنَ يُعْلِنُ، مصدر اِعْلَانٌ، علانیہ کرنا، ظاہر کرنا (تم ظاہر کرتے ہو)

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞	اور اللہ سینوں والی بات کو خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا) بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (بِ، ذَاتِ، اَلصُّدُوْرِ) بِ، حرف جار، کو، ذَاتِ، مجرور، مضاف،

ذُوْ، کا مؤنث، والی، اَلصُّدُوْرِ، مضاف الیہ، سینوں، واحد، صَدْرٌ (سینوں والی (بات) کو)

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۫	کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں آئی جنہوں نے اس سے پہلے کفر کیا

اَ لَمْ يَاْتِكُمْ (اَ لَمْ يَاْتِ، كُمْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ (کیا) لَمْ يَاْتِ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ نہیں آئی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (کیا وہ تمہارے پاس نہیں آئی) نَبَؤُا الَّذِيْنَ (نَبَؤُا، الَّذِيْنَ) نَبَؤُا، مضاف، خبر، اَلَّذِيْنَ، مضاف الیہ، اسم موصول جمع مذکر، اُن لوگوں کی جنہوں نے (اُن لوگوں کی خبر جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

مِنْ قَبْلُ (مِنْ، قَبْلُ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلُ، مجرور، قبل، پہلے (اس سے پہلے)

فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝	پھر اُنہوں نے اپنے کام کا وبال چکھ لیا اور اُن کیلئے دردناک عذاب ہے

فَذَاقُوْا (فَ، ذَاقُوْا) فَ، حرف عطف، پھر، ذَاقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ذَاقَ يَذُوْقُ، مصدر ذَوْقًا، چکھنا، اُنہوں نے چکھ لیا (پھر اُنہوں نے چکھ لیا) وَبَالَ اَمْرِهِمْ (وَبَالَ، اَمْرِ، هِمْ) وَبَالَ، مضاف، اسم منصوب، بداعمالی کی سخت سزا، وبال، اَمْرِ، مضاف الیہ، مضاف، کام کا، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے کام کا وبال) وَ، حرف عطف (اور) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) عَذَابٌ اَلِيْمٌ (عَذَابٌ، اَلِيْمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِيْمٌ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دُکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۫	یہ اس وجہ سے کہ بے شک حقیقت یہ ہے اُن کے پاس اُن کے رسول واضح دلیلوں کے ساتھ آتے تھے تو وہ کہتے تھے کیا بشر ہماری رہنمائی کریں گے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّهٗ(بِ، اَنَّ، هٗ) بِ، حرف جار، سببیہ، سبب سے، وجہ سے، لئے، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، ضمیر شان ہے (اس وجہ سے کہ بے شک حقیقت یہ ہے) كَانَتْ، فعل ناقص ماضی واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

تَأْتِيْهِمْ (تَأْتِيْ، هِمْ) تَأْتِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَتٰى يَأْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ آتے، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آتے) رُسُلُهُمْ (رُسُلُ، هُمْ) رُسُلُ، مضاف، جمع مکسر، رسولوں، واحد، رَسُوْلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے رسول)

بِالْبَيِّنٰتِ(بِ، اَلْبَيِّنٰتِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْبَيِّنٰتِ، مجرور، کھلی دلیلیں واضح دلیلوں، واحد، بَيِّنَةٌ (واضح دلیلوں کے ساتھ) فَقَالُوْا (فَ، قَالُوْا) فَ، حرف عطف، تو، قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اس کا عطف، كَانَتْ تَّأْتِيْهِمْ، پر ہے اس لئے ترجمہ، وہ کہتے تھے (تو وہ کہتے تھے) اَبَشَرٌ (اَ، بَشَرٌ) اَ، استفہامیہ، کیا، بَشَرٌ، بشر، انسان (کیا بشر)

يَهْدُوْنَنَا(يَهْدُوْنَ، نَا) يَهْدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، وہ رہنمائی کریں گے، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہماری (وہ ہماری رہنمائی کریں گے)

فَكَفَرُوْا وَ تَوَلَّوْا وَّ اسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ	پس اُنہوں نے انکار کیا اور اُنہوں نے منہ موڑ لیا اور اللہ نے (بھی) بے پروائی کی

فَكَفَرُوْا (فَ، كَفَرُوْا) فَ، حرف عطف، پس، كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (پس اُنہوں نے انکار کیا) وَ، حرف عطف (اور) تَوَلَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر تَوَلِّيٌ، منہ موڑنا (اُنہوں نے منہ موڑ لیا) وَ، حرف عطف (اور)

اِسْتَغْنَى اللّٰهُ (اِسْتَغْنٰى، اَللّٰهُ) اِسْتَغْنٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِسْتَغْنٰى يَسْتَغْنِيْ، مصدر اِسْتِغْنَآءٌ، بے پروائی کرنا، بے پرواہ ہونا، اس نے بے پروائی کی، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے بے پروائی کی)

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝	اور اللہ بے پرواہ نہایت قابلِ تعریف ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) غَنِیٌّ، اللہ کا صفاتی نام، غِنَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بے پروا، غنی، مالدار) حَمِیْدٌ، اللہ کا صفاتی نام، حَمْدٌ، مصدر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول (تعریف کیا گیا، نہایت قابل تعریف، بہت تعریف والا)

زَعَمَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ یُّبْعَثُوْا ؕ	اُن لوگوں نے گمان کیا جنہوں نے کفر کیا کہ وہ ہرگز (دوبارہ) نہیں اُٹھائے جائیں گے

زَعَمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب زَعَمَ یَزْعَمُ، مصدر زَعْمًا، خیال کرنا، گمان کرنا، اَلَّذِیْنَ، کی وجہ سے ترجمہ (اُنھوں نے گمان کیا) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں نے جنھوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ یَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنھوں نے کفر کیا)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) لَنْ یُّبْعَثُوْا، فعل مضارع مجہول منفی مؤکد بہ لن جمع مذکر غائب بَعَثَ یَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، اٹھانا، وہ ہرگز (دوبارہ) نہیں اٹھائے جائیں گے)

قُلْ بَلٰی وَ رَبِّیْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ	آپ کہہ دیجئے کیوں نہیں میرے رب کی قسم بلاشبہ تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر یقیناً تمہیں اُس سے ضرور آگاہ کیا جائے گا جو تم نے عمل کئے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

بَلٰی، جواب نفی ماقبل کی تردید کیلئے (کیوں نہیں) وَرَبِّیْ (وَ، رَبِّ، یْ) وَ، حرف جار، قسم کیلئے، قسم ہے، رَبِّ، مجرور، مقسم بہ، مضاف، رب، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے رب کی قسم)

لَتُبْعَثُنَّ (لَ، تُبْعَثُنَّ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، ضرور، تُبْعَثُنَّ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر بانون تاکید ثقیلہ بَعَثَ یَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، اٹھانا، تم ضرور اٹھائے جاؤ گے (بلاشبہ تم ضرور اٹھائے جاؤ گے)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) لَتُنَبَّؤُنَّ (لَ، تُنَبَّؤُنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، تُنَبَّؤُنَّ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر بانون تاکید ثقیلہ نَبَّاَ یُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، آگاہ کرنا، بتانا، تمہیں ضرور آگاہ کیا جائے گا (یقیناً

تمہیں ضرور آگاہ کیا جائے گا) بِمَا(بِ،مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو(اس سے جو)
عَمِلْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا(تم نے عمل کئے)

وَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝	اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے

وَ، حرف عطف (اور) ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) عَلَى اللّٰهِ(عَلٰى، اَللّٰهِ) عَلٰى، حرف جار، پر،
اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) يَسِيْرٌ، يُسْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت آسان)

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ النُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ	پس تم اللہ اور (اس) کے رسول اور اس نور (قرآن) پر ایمان لاؤ جو ہم نے نازل کیا ہے

فَاٰمِنُوْا(فَ، اٰمِنُوْا) فَ، حرف عطف، پس، اٰمِنُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر
اِيْمَانًا، ایمان لانا، تم ایمان لاؤ(پس تم ایمان لاؤ) بِاللّٰهِ(بِ، اَللّٰهِ)بِ، حرف جار بمعنی، عِلٰی، پر، اَللّٰهِ، مجرور،
اللہ (اللہ پر) وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلِهٖ(رَسُوْلِ، هٖ)رَسُوْلِ، مضاف، رسول، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد
مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) وَ، حرف عطف (اور) اَلنُّوْرِ، نور (قرآن)
اَلَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (جو)
اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، نازل کرنا، اتارنا (ہم نے نازل کیا)

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝	اور اللہ اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب باخبر ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)
بِمَا(بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)
تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)
خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، سے صفت مشبہ (خوب باخبر، خبردار)

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ	جس دن وہ تمہیں جمع کرنے کے دن کیلئے جمع کرے گا وہی ہار جیت کا دن ہے

يَوْمَ، ظرف زمان (جس دن) يَجْمَعُكُمْ (يَجْمَعُ، كُمْ) يَجْمَعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَمَعَ يَجْمَعُ، مصدر جَمْعًا، جمع کرنا، اکٹھا کرنا، وہ جمع کرے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں جمع کرے گا) لِيَوْمِ الْجَمْعِ (لِ، يَوْمِ، اَلْجَمْعِ) لِ، حرف جار، کیلئے، يَوْمِ، مجرور، مضاف، دن، اَلْجَمْعِ، مضاف الیہ، مصدر، جمع کرنے کے (جمع کرنے کے دن کیلئے)

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (وہی) يَوْمُ التَّغَابُنِ (يَوْمُ، اَلتَّغَابُنِ) يَوْمُ، مضاف، دن، اَلتَّغَابُنِ، مضاف الیہ، مصدر، غبن ظاہر کرنے کا، ہار جیت کا (ہار جیت کا دن)

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ	اور جو اللہ پر ایمان لاتا ہے اور وہ نیک عمل کرتا ہے وہ اُس کی بُرائیاں دور کردے گا اوہ وہ اسے جنتوں میں داخل کرے گا اُن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں ہمیشہ اُن میں رہنے والے ہیں ہمیشہ

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول، شرطیہ (جو) يُؤْمِنْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتا ہے) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) وَ، حرف عطف (اور) يَعْمَلْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کرتا ہے) صَالِحًا، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک، اچھا) يُكَفِّرْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم كَفَّرَ يُكَفِّرُ، مصدر تَكْفِيْرٌ، کفارہ دینا، دور کرنا (وہ دور کردے گا) عَنْهُ (عَنْ، هُ) عَنْ، حرف جار، سے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس سے) سَيِّاٰتِهٖ (سَيِّاٰتِ، هٖ) سَيِّاٰتِ، مضاف، بُرائیاں، واحد، سَيِّئَةٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اُس کی بُرائیاں) وَ، حرف عطف (اور) يُدْخِلْهُ (يُدْخِلْ، هُ) يُدْخِلْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم اَدْخَلَ يُدْخِلُ، مصدر اِدْخَالٌ، داخل کرنا، وہ داخل کرے گا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسے (وہ اُسے داخل کرے گا) جَنّٰتٍ (جنتوں، باغوں) واحد، جَنَّةٌ، تَجْرِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب

جَرٰى يَجْرِىْ، مصدر جِرْيَانًا، بہنا، اَلْاَنْھٰرُ، فاعل کی وجہ سے ترجمہ (وہ بہتی ہیں)

مِنْ تَحْتِهَا (مِنْ، تَحْتِ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، تَحْتِ، مجرور، مضاف، نیچے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کے، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ، ہے (اُن کے نیچے سے)

اَلْاَنْھٰرُ (نہریں) واحد، اَلنَّھْرُ، خٰلِدِيْنَ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے) واحد، خَالِدٌ، فِيْهَا (فِىْ، هَا) فِىْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ، ہے (اُن میں) اَبَدًا (ہمیشہ، زمانہ مستقبل غیر محدود)

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝	یہ بہت بڑی کامیابی ہے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ، یہی) اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (اَلْفَوْزُ، اَلْعَظِيْمُ) اَلْفَوْزُ، موصوف، مصدر، کامیاب ہونا، کامیابی، اَلْعَظِيْمُ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، عظیم، بہت بڑی (بہت بڑی کامیابی)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اُنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا وہی لوگ آگ والے ہیں اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (اُنہوں نے جھٹلایا) بِاٰيٰتِنَآ (بِ، اٰيٰتِ، نَا) بِ، حرف جار، کو، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات کو)

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہی لوگ) اَصْحٰبُ النَّارِ (اَصْحٰبُ، اَلنَّارِ) اَصْحٰبُ، مضاف، والے، واحد، صَاحِبٌ، اَلنَّارِ، مضاف الیہ، آگ، دوزخ (آگ والے)

خٰلِدِیۡنَ، خُلُوۡدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ہمیشہ رہنے والے، واحد، خَالِدٌ، فِیۡھَا(فِیۡ، ھَا)فِیۡ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلنَّارِ، ہے (اس میں)

وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۱۰﴾	اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے

وَ، حرف عطف (اور) بِئۡسَ، فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب، اس کی گردان نہیں آتی (وہ بُرا ہے)

اَلۡمَصِیۡرُ، ظرف مکان، مصدر، مادہ، صَیۡرٌ (لوٹنے کی جگہ، ٹھکانہ، لوٹ کر جانا)

مَاۤ اَصَابَ مِنۡ مُّصِیۡبَۃٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰہِ ؕ	کوئی مصیبت نہیں پہنچی مگر اللہ کے حکم سے

مَا، نافیہ (نہیں) اَصَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصَابَ یُصِیۡبُ، مصدر اِصَابَۃٌ، پہنچنا (وہ پہنچی)

مِنۡ مُّصِیۡبَۃٍ (مِنۡ، مُصِیۡبَۃٍ) مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے عموم، مُصِیۡبَۃٍ، مجرور (کوئی مصیبت)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) بِاِذۡنِ اللّٰہِ (بِ، اِذۡنِ، اَللّٰہِ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنۡ، سے، اِذۡنِ، مجرور، مضاف، حکم، اجازت، اذن، مشیت، اِذۡنِ، کا استعمال مشیت کے مفہوم کے بغیر نہیں ہوتا،

اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے حکم سے)

وَمَنۡ یُّؤۡمِنۡۢ بِاللّٰہِ یَھۡدِ قَلۡبَہٗ ؕ	اور جو اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ اُس کے دل کو ہدایت دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، اسم موصول، شرطیہ (جو) یُؤۡمِنۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتا ہے) بِاللّٰہِ (بِ، اَللّٰہِ) بِ، حرف جار، پر، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) یَھۡدِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ھَدٰی یَھۡدِیۡ، مصدر ھِدَایَۃٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت دیتا ہے) قَلۡبَہٗ (قَلۡبَ، ہٗ) قَلۡبَ، مضاف، دل، جمع، قُلُوۡبٌ، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے دل)

وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۱۱﴾	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰہُ، فاعل (اللہ) بِکُلِّ شَیۡءٍ (بِ، کُلِّ، شَیۡءٍ) بِ، حرف جار، کو، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ	اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور تم رسول کی اطاعت کرو

وَ، حرف عطف (اور) اَطِیۡعُوا اللّٰہَ (اَطِیۡعُوۡا، اَللّٰہَ) اَطِیۡعُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَطَاعَ یُطِیۡعُ، مصدر اِطَاعَۃٌ، اطاعت کرنا، تم اطاعت کرو، اَللّٰہَ، اللہ (تم اللہ کی اطاعت کرو) وَ، حرف عطف (اور)

اَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ (اَطِیۡعُوۡا، اَلرَّسُوۡلَ) اَطِیۡعُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَطَاعَ یُطِیۡعُ، مصدر اِطَاعَۃٌ، اطاعت کرنا، حکم ماننا، تم اطاعت کرو، اَلرَّسُوۡلَ، رسول کی (تم رسول کی اطاعت کرو)

فَاِنۡ تَوَلَّیۡتُمۡ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوۡلِنَا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ ﴿۱۲﴾	پھر اگر تم پھر جاؤ تو ہمارے رسول کے ذمے صرف کھلم کھلا پہنچا دینا ہے

فَاِنۡ (فَ، اِنۡ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنۡ، شرطیہ جازمہ، اگر (پھر اگر) تَوَلَّیۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی، مصدر تَوَلِّیٌ، منہ موڑنا، پھر جانا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم پھر جاؤ)

فَاِنَّمَا (فَ، اِنَّمَا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، مَا، کافہ حصر کیلئے کا مرکب ہے، بے شک، تحقیق، سوائے اس کے نہیں، صرف (تو صرف) عَلٰی رَسُوۡلِنَا (عَلٰی، رَسُوۡلِ، نَا) عَلٰی، حرف جار، پر، کے ذمے، رَسُوۡلِ، مجرور، مضاف، رسول، نَا، مضاف الیہ ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے رسول کے ذمے) اَلۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ (اَلۡبَلٰغُ، اَلۡمُبِیۡنُ) اَلۡبَلٰغُ، موصوف، مصدر، پہنچا دینا، اَلۡمُبِیۡنُ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ظاہر کرنے والا، کھلم کھلا، واضح (کھلم کھلا پہنچا دینا)

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ	اللہ (ہی ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰہُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) لَا، نافیہ (نہیں) اِلٰہَ، کوئی معبود، جمع، اٰلِھَۃٌ،

اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا) ھُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (اس کے) ضمیر کا مرجع، اَللّٰہُ، ہے

وَ عَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۳﴾	اور پس ایمان والوں کو چاہیے کہ وہ اللہ پر توکل کریں

وَ، حرف عطف (اور) عَلَی اللّٰہِ (عَلٰی، اَللّٰہِ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

فَلْيَتَوَكَّلِ(فَ،لْ،يَتَوَكَّلِ)فَ،حرف عطف،پس،لْ،لام امر جازمہ،چاہئے کہ،لازم ہے کہ، يَتَوَكَّلِ،فعل مضارع واحد غائب تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ،مصدر تَوَكُّلٌ،توکل کرنا،بھروسہ کرنا،وہ توکل کریں (پس چاہئے کہ وہ توکل کریں)اَلْمُؤْمِنُوْنَ،اِيْمَانًا،مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والوں،مومنوں)واحد،اَلْمُؤْمِنُ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے! ہو بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس تم اُن سے ہوشیار رہو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا(يَا،اَيُّهَا،الَّذِيْنَ،اٰمَنُوْٓا)يَا،حرف ندا،اے،اَيُّهَا،جب منادیٰ پر،اَلْ،داخل ہو تو مذکر کیلئے،يَا،کے ساتھ،اَيُّهَا،بڑھا دیتے ہیں،الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا،منادیٰ،اَلَّذِيْنَ،اسم موصول جمع مذکر،وہ لوگو جو،اٰمَنُوْٓا،فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ،مصدر اِيْمَانًا،ایمان لانا،ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو)اِنَّ،حرف مشبہ بالفعل(بے شک،بلاشبہ)مِنْ اَزْوَاجِكُمْ(مِنْ،اَزْوَاجِ،كُمْ)مِنْ،حرف جار تبعیضیہ،میں سے بعض،اَزْوَاجِ،مجرور،مضاف،بیویوں،واحد،زَوْجٌ،كُمْ،مضاف الیہ،ضمیر جمع مذکر حاضر،تمہاری(تمہاری بیویوں میں سے بعض)وَ،حرف عطف(اور)اَوْلَادِكُمْ(اَوْلَادِ،كُمْ)اَوْلَادِ،مضاف،اولا،واحد،وَلَدٌ،كُمْ،مضاف الیہ،ضمیر جمع مذکر حاضر،تمہاری(تمہاری اولاد)عَدُوًّا(دشمن) لَكُمْ(لَ،كُمْ)لَ،حرف جار،کے،كُمْ،مجرور،ضمیر جمع مذکر حاضر،تم(تم کے،تمہارے)

فَاحْذَرُوْهُمْ(فَ،اِحْذَرُوْا،هُمْ)فَ،حرف عطف،پس،اِحْذَرُوْا،فعل امر جمع مذکر حاضر حَذَرَ يَحْذَرُ،مصدر حَذَرًا،محتاط ہونا،بچنا،ہوشیار رہنا،تم ہوشیار رہو،هُمْ،ضمیر جمع مذکر غائب،اُن (پس تم اُن سے ہوشیار رہو)

وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾	اور اگر تم معاف کردو اور تم درگزر کرو اور تم بخش دو تو بے شک اللہ بے حد بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنۡ، شرطیہ جازمہ (اگر) تَعۡفُوۡا، اصل میں، تَعۡفُوۡنَ، تھا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَفَا یَعۡفُوۡ، مصدر عَفۡوًا، معاف کردینا (تم معاف کردو)

وَ، حرف عطف (اور) تَصۡفَحُوۡا، اصل میں، تَصۡفَحُوۡنَ، تھا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر صَفَحَ یَصۡفَحُ، مصدر صَفۡحًا، درگزر کرنا (تم درگزر کرو) وَ، حرف عطف (اور) تَغۡفِرُوۡا، اصل میں، تَغۡفِرُوۡنَ، تھا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر غَفَرَ یَغۡفِرُ، مصدر غَفۡرًا وَّ غُفۡرَانًا، بخش دینا (تم بخش دو) فَاِنَّ اللّٰہَ (فَ، اِنَّ، اَللّٰہَ) فَ، حرف عطف، شرط کا جواب، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (تو بے شک اللہ)

غَفُوۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفۡرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بے حد بخشنے والا)

رَحِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اِنَّمَآ اَمۡوَالُکُمۡ وَ اَوۡلَادُکُمۡ فِتۡنَۃٌ ؕ	تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض ایک آزمائش ہیں

اِنَّمَآ (اِنَّ، مَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، مَا، کافہ حصر کیلئے (بے شک، تحقیق، سوائے اس کے نہیں، محض) (اَمۡوَالُ، کُمۡ) اَمۡوَالُ، مضاف، مالوں، واحد، مَالٌ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے مال) وَ، حرف عطف (اور) اَوۡلَادُکُمۡ (اَوۡلَادُ، کُمۡ) اَوۡلَادُ، مضاف، اولاد، واحد، وَلَدٌ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری اولاد) فِتۡنَۃٌ، مصدر (آزمائش، آزمائش کرنا)

وَاللّٰہُ عِنۡدَہٗۤ اَجۡرٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۵﴾	اور اللہ، اُس کے پاس بہت بڑا اجر ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰہُ، فاعل (اللہ) عِنۡدَہٗۤ (عِنۡدَ، ہٗ) عِنۡدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، ہاں، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے پاس) اَجۡرٌ عَظِیۡمٌ (اَجۡرٌ، عَظِیۡمٌ) اَجۡرٌ، موصوف، بدلہ، اجر، صلہ، عَظِیۡمٌ، صفت، عَظۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا، عظیم (بہت بڑا اجر)

فَاتَّقُوا اللّٰہَ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَ اسۡمَعُوۡا وَ اَطِیۡعُوۡا وَ اَنۡفِقُوۡا خَیۡرًا لِّاَنۡفُسِکُمۡ ؕ	پس تم اللہ سے ڈرو جتنا تم سے ہو سکے اور تم (اللہ کے احکام) سنو اور تم اطاعت کرو اور تم (اللہ کی راہ میں)

	خرچ کرو (یہ) تمہاری جانوں کیلئے بہتر ہے

فَاتَّقُوا اللّٰهَ (فَ ،اِتَّقُوۡا ،اَللّٰهَ) فَ، حرف عطف، پس، اِتَّقُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِىۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تم ڈرو، اَللّٰهَ، اللہ (پس تم اللہ سے ڈرو) مَا، موصولہ (جتنا، جس قدر)
اِسۡتَطَعۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِسۡتَطَاعَ يَسۡتَطِيۡعُ، مصدر اِسۡتِطَاعَةٌ، ہو سکنا، طاقت رکھنا (تم سے ہو سکے) وَ، حرف عطف (اور) اِسۡمَعُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَمِعَ يَسۡمَعُ، مصدر سَمۡعًا، سننا (تم سنو) وَ، حرف عطف (اور) اَطِيۡعُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَطَاعَ يُطِيۡعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، حکم ماننا (تم اطاعت کرو) وَ، حرف عطف (اور) اَنۡفِقُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَنۡفَقَ يُنۡفِقُ، مصدر اِنۡفَاقٌ، خرچ کرنا (تم خرچ کرو) خَيۡرًا (بہتر، اچھا) لِاَنۡفُسِكُمۡ (لِ، اَنۡفُسِ، كُمۡ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَنۡفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، واحد، نَفۡسٌ، كُمۡ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری جانوں کیلئے)

وَمَنۡ يُّوۡقَ شُحَّ نَفۡسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۶﴾	اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچالئے جائیں تو وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، اسم موصول شرطیہ (جو) يُوۡقَ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب وَقٰى يَقِىۡ، مصدر وِقَايَةٌ، بچانا، اَلۡمُفۡلِحُوۡنَ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ بچالئے جائیں)
شُحَّ نَفۡسِهٖ (شُحَّ، نَفۡسِ، هٖ) شُحَّ، مضاف، مصدر، بخل، بخیل ہونا، نَفۡسِ، مضاف الیہ، مضاف، نفس۔ جان ذات هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے نفس کے بخل)
فَاُولٰٓئِكَ (فَ، اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہی لوگ (تو وہی لوگ) هُمۡ، تاکید کیلئے، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی)
اَلۡمُفۡلِحُوۡنَ، اِفۡلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (فلاح پانے والے) واحد، اَلۡمُفۡلِحُ،

اِنۡ تُقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا يُّضٰعِفۡهُ	اگر تم اللہ کو قرض دو گے قرض حسنہ تو وہ اُسے

لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ	تمہارے لئے کئی گنا کر دے گا اور تم کو بخش دے گا

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تُقْرِضُوْا، اصل میں، تُقْرِضُوْنَ، تھا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَقْرَضَ يُقْرِضُ، مصدر اِقْرَاضٌ قرض دینا (تم قرض دو گے) اَللّٰهَ (اللہ) قَرْضًا حَسَنًا (قَرْضًا، حَسَنًا) قَرْضًا، موصوف، مصدر، قرض، حَسَنًا، صفت، حُسْنٌ، سے صفت مشبہ کا صیغہ، اچھا، بہتر، حسنہ (اچھا قرض، قرض حسنہ)

يُضٰعِفْهُ (يُضٰعِفْ، هُ) يُضٰعِفْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم، ضَاعَفَ يُضَاعِفُ، مصدر مُضَاعَفَةٌ، بڑھا کر دینا، کئی گنا کرنا، وہ کئی گنا کر دے گا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے کئی گنا کر دے گا) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) وَ، حرف عطف (اور) يَغْفِرْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا، بخشا (وہ بخش دے گا) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، کو، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو، تمہیں)

وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۙ﴿۱۷﴾	اور اللہ بڑا قدر دان بے حد بُردبار ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) شَكُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، شُكْرًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا قدر شناس، بڑا شکر پسند، بڑا قدر دان) حَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِلْمٌ، مصدر سے صفت مشبہ کا صیغہ (بے حد بُردبار، بہت باوقار)

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۧ﴿۱۸﴾	(وہ) غیب اور ظاہر کا جاننے والا ہے بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے

عٰلِمُ الْغَيْبِ (عٰلِمُ، اَلْغَيْبِ) عٰلِمُ، مضاف، عِلْمًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، جاننے والا، اَلْغَيْبِ، مضاف الیہ، وہ چیز جس تک انسان کی حس اور عقل کی رسائی نہ ہو، غیب کا، پوشیدہ (غیب کا جاننے والا) وَ، حرف عطف (اور) اَلشَّهَادَةِ، مصدر ہے (موجود، ظاہر، حاضر)

اَلْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب، بہت زبردست)

اَلْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

اٰيَاتُهَا: ۱۲	سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا: ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ	اے نبی (ﷺ)! (مسلمانوں سے فرمادیں) جب تم عورتوں کو طلاق دو تو تم انہیں اُن کی عدّت (حالتِ طہر) میں طلاق دو اور تم عدّت کا شمار کرو

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ (يَا، اَيُّهَا، اَلنَّبِيُّ) يَا، حرف ندا (اے) اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلنَّبِيُّ، منادیٰ، نبی (اے نبی)

اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) طَلَّقْتُمُ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر طَلَّقَ يُطَلِّقُ، مصدر تَطْلِيْقٌ، طلاق دینا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم طلاق دو) اَلنِّسَآءَ (عورتوں) واحد اِمْرَاَةٌ،

فَطَلِّقُوْهُنَّ (فَ، طَلِّقُوْا، هُنَّ) فَ، حرف عطف، تو، طَلِّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر طَلَّقَ يُطَلِّقُ، مصدر تَطْلِيْقٌ، طلاق دینا، تم طلاق دو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (تو تم انہیں طلاق دو)

لِعِدَّتِهِنَّ (لِ، عِدَّتِ، هِنَّ) لِ، حرف جار، بمعنی، فِيْ، میں، عِدَّتِ، مجرور، مضاف، گنتی، عدت، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن کی (اُن کی عدّت (حالتِ طہر) میں) وَ، حرف عطف (اور)

اَحْصُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَحْصٰى يُحْصِيْ، مصدر اِحْصَآءٌ، گنتی کرنا، شمار کرنا (تم شمار کرو)

اَلْعِدَّةَ، عدت، ایسی طہر کی حالت جس میں خاوند اس کے قریب نہ گیا ہو،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ	اور تم اپنے رب اللہ سے ڈرو

وَ، حرف عطف (اور) اِتَّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرو)

اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) رَبَّكُمْ (رَبَّ، كُمْ) رَبَّ، مضاف، رب،

كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب)

لَا تُخۡرِجُوۡهُنَّ مِنۡ بُيُوۡتِهِنَّ وَلَا يَخۡرُجۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ يَّاۡتِيۡنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ	تم اُن عورتوں کو ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ عورتیں باہر نکلیں مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کو (عمل میں) لائیں

لَا تُخۡرِجُوۡهُنَّ (لَا تُخۡرِجُوۡا، هُنَّ) لَا تُخۡرِجُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اَخۡرَجَ يُخۡرِجُ، مصدر اِخۡرَاجًا، نکالنا، تم نہ نکالو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں کو (تم اُن عورتوں کو نہ نکالو)

مِنۡ بُيُوۡتِهِنَّ (مِنۡ، بُيُوۡتِ، هِنَّ) مِنۡ، حرف جار، سے، بُيُوۡتِ، مجرور مضاف، گھروں، واحد، بَيۡتٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن کے (اُن کے گھروں سے)

وَ، حرف عطف (اور) لَا يَخۡرُجۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب خَرَجَ يَخۡرُجُ، مصدر خُرُوۡجًا، باہر نکلنا (نہ وہ عورتیں باہر نکلیں) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (یہ کہ) يَاۡتِيۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب اَتٰى يَاۡتِيۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، آنا، صلہ میں باء ہے ترجمہ، لانا (وہ لائیں)

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ (بِ، فَاحِشَةٍ، مُبَيِّنَةٍ) بِ، حرف جار، کو، فَاحِشَةٍ، مجرور، موصوف، اسم مصدر، بے حیائی، بدکاری، مُبَيِّنَةٍ، تَبۡيِيۡنٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، کھلی، واضح (کھلی بے حیائی کو)

وَتِلۡكَ حُدُوۡدُ اللّٰهِ ؕ	اور یہ اللہ کی حدیں ہیں

وَ، حرف عطف (اور) تِلۡكَ، اسم اشارہ واحد مؤنث بعید (یہ)

حُدُوۡدُ اللّٰهِ (حُدُوۡدُ، اَللّٰهِ) حُدُوۡدُ، مضاف، حدیں، واحد، حَدٌّ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی حدیں)

وَمَنۡ يَّتَعَدَّ حُدُوۡدَ اللّٰهِ فَقَدۡ ظَلَمَ نَفۡسَهٗ ؕ	اور جو اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا تو یقیناً وہ اپنی جان پر ظلم کرے گا

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ اسم موصول (جو) يَتَعَدَّ، اصل میں، يَتَعَدّٰى، تھا، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَعَدّٰى يَتَعَدّٰى، مصدر تَعَدِّيٌ، تجاوز کرنا، حد سے نکل جانا (وہ تجاوز کرے گا)

حُدُوْدَ اللّٰهِ (حُدُوْدَ، اَللّٰهِ) حُدُوْدَ، مضاف، حدوں، واحد، حَدٌّ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی حدوں) فَقَدْ (فَ، قَدْ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (تو یقیناً) ظَلَمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا، مَنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ ظلم کرے گا) نَفْسَهٗ (نَفْسَ، هٗ) نَفْسَ، مضاف، نفس، جان، جمع، اَنْفُسٍ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی جان)

لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝	(اے طلاق دینے والے) تو نہیں جانتا شاید اللہ اس کے بعد (رجوع کی) کوئی سبیل پیدا کر دے

لَا تَدْرِیْ، فعل مضارع منفی واحد مذکر حاضر دَرٰی يَدْرِیْ، دِرَايَةٌ، معلوم ہونا، جاننا (تو نہیں جانتا) لَعَلَّ اللّٰهَ (لَعَلَّ، اَللّٰهَ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، شاید کہ، اَللّٰهَ، لَعَلَّ، کا اسم، اللہ (شاید اللہ) يُحْدِثُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحْدَثَ يُحْدِثُ، مصدر اِحْدَاثٌ، ایجاد کرنا، نئی بات پیدا کرنا (وہ پیدا کر دے) بَعْدَ ذٰلِكَ (بَعْدَ ذٰلِكَ) بَعْدَ، مضاف، بعد، ذٰلِكَ، مضاف الیہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس کے بعد) اَمْرًا، مصدر، مفعول (کوئی بات، کوئی سبیل)

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّ اَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَ اَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ	پھر جب وہ عورتیں اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو تم اُن عورتوں کو دستور کے مطابق روک لو یا تم اُن عورتوں سے دستور کے مطابق جدا ہو جاؤ اور تم اپنے میں سے دو صاحب عدل گواہ بنالو اور تم شہادت اللہ کیلئے قائم کرو

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب) بَلَغْنَ، فعل ماضی جمع مؤنث غائب بَلَغَ يَبْلُغُ، مصدر بُلُوْغًا، پہنچنا (وہ عورتیں پہنچ جائیں) اَجَلَهُنَّ (اَجَلَ، هُنَّ) اَجَلَ، مضاف، مدت، میعاد، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی میعاد) فَاَمْسِكُوْهُنَّ (فَاَمْسِكُوْهُنَّ) فَ، حرف عطف، تو، اَمْسِكُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَمْسَكَ يُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، روکنا، تم روک لو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کو (تو تم ان عورتوں کو

روک لو) بِمَعْرُوْفٍ(بِ،مَعْرُوْفٍ)بِ، حرف جار، کے مطابق،مَعْرُوْفٍ، مجرور،عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، ہر اچھی بات جس کا مستحسن ہونا عقل سلیم سے جانا گیا ہو، نیکی، بھلائی، اچھے طریقے، دستور (دستور کے مطابق) اَوْ، حرف عطف (یا)

فَارِقُوْهُنَّ(فَارِقُوْا،هُنَّ)فَارِقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر فَارَقَ يُفَارِقُ، مصدر مُفَارَقَةٌ،جدا ہونا،الگ ہونا، تم جدا ہو جاؤ،هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب،ان عورتوں سے (تم ان عورتوں سے جدا ہو جاؤ)

بِمَعْرُوْفٍ(بِ،مَعْرُوْفٍ)بِ، حرف جار، کے مطابق،مَعْرُوْفٍ، مجرور،عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، دستور، اچھے طریقے، نیکی، بھلائی (دستور کے مطابق) وَ، حرف عطف (اور)

اَشْهِدُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَشْهَدَ يُشْهِدُ، مصدر اِشْهَادٌ، گواہ کرنا، گواہ بنانا (تم گواہ بنالو)

ذَوَىْ عَدْلٍ(ذَوَىْ،عَدْلٍ)ذَوَىْ، مضاف،ذُوْ، کا تثنیہ،دووالے،دو صاحب،عَدْلٍ، مضاف الیہ، مصدر، عدل کرنا، عدل (دو صاحب عدل) مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ)مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے میں سے) وَ، حرف عطف (اور)

اَقِيْمُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا (تم قائم کرو)

اَلشَّهَادَةَ، مصدر (گواہی دینا، گواہی، شہادت) لِلّٰهِ(لِ،اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے،اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)

ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬	یہ (حکم) ہے اس سے اُس کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے

ذٰلِكُمْ ،اسم اشارہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر خطاب کیلئے (یہ) يُوْعَظُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب وَعَظَ يَعِظُ، مصدر وَعْظًا، نصیحت کرنا (اُس کو نصیحت کی جاتی ہے) بِهٖ(بِ،هٖ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے،هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس سے) مَنْ،اسم موصول (جو)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

يُؤْمِنُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتا)

بِاللّٰهِ(بِ،اَللّٰهِ)بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) وَ، حرف عطف (اور)

اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ(اَلْیَوْمِ،اَلْاٰخِرِ)اَلْیَوْمِ، موصوف، دن، یوم، اَلْاٰخِرِ، صفت، آخر، آخرت (یومِ آخرت)

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾	اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کیلئے نکلنے کا راستہ بنادیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ موصولہ (جو) یَتَّقِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم اِتَّقٰی یَتَّقِیْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (وہ ڈرتا ہے) اَللّٰهَ (اللہ) یَجْعَلْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، پیدا کرنا (وہ بنا دیتا ہے) لَهٗ(لَ،هٗ)لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) مَخْرَجًا، خُرُوْجًا، مصدر سے اسم ظرف (نکلنے کا راستہ)

وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ	اور وہ اُسے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ گمان نہیں کرتا

وَّ، حرف عطف (اور) یَرْزُقْهُ(یَرْزُقْ،هُ)یَرْزُقْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَزَقَ یَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا، وہ رزق دیتا ہے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسے (وہ اُسے رزق دیتا ہے)

مِنْ حَیْثُ(مِنْ، حَیْثُ)مِنْ، حرف جار، سے، حَیْثُ، مجرور، ظرف مکان، جہاں، جس جگہ (جہاں سے)

لَا یَحْتَسِبُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اِحْتَسَبَ یَحْتَسِبُ، مصدر اِحْتِسَابٌ، گمان کرنا (وہ گمان نہیں کرتا)

وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ	اور جو اللہ پر توکل کرے گا تو وہ اسے کافی ہو گا

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ موصولہ (جو) یَتَوَکَّلْ، فعل مضارع واحد غائب تَوَکَّلَ یَتَوَکَّلُ، مصدر تَوَکُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا (وہ توکل کرے گا)

عَلَى اللّٰهِ(عَلٰی،اَللّٰهِ)عَلٰی، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

فَهُوَ(فَ،هُوَ)فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (تو وہ) حَسْبُهٗ(حَسْبُ،هٗ) حَسْبُ، مضاف، مصدر، بمعنی، کافی، کفایت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (اسے کافی ہو گا)

اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ؕ	بے شک اللہ اپنے کام پورے کرنے والا ہے

اِنَّ اللّٰہَ (اِنَّ، اَللّٰہَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (بے شک اللہ)

بَالِغُ، بُلُوۡغٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (پہنچنے والا، پورا کرنے والا)

اَمۡرِہٖ (اَمۡرِ، ہٖ) اَمۡرِ، مضاف، کام، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے کام)

قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ﴿۳﴾	یقیناً اللہ نے ہر چیز کیلئے ایک اندازہ مقرر کیا ہے

قَدۡ، حرف تحقیق (یقیناً) جَعَلَ اللّٰہُ (جَعَلَ، اَللّٰہُ) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، مقرر کرنا، اس نے مقرر کیا ہے، اَللّٰہُ، فاعل، اللہ (اللہ نے مقرر کیا ہے)

لِکُلِّ شَیۡءٍ (لِ، کُلِّ، شَیۡءٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کیلئے) قَدۡرًا، مصدر (اندازہ کرنا، ایک اندازہ، ناپ)

وَ الّٰٓیِٴۡ یَئِسۡنَ مِنَ الۡمَحِیۡضِ مِنۡ نِّسَآئِکُمۡ اِنِ ارۡتَبۡتُمۡ فَعِدَّتُہُنَّ ثَلٰثَۃُ اَشۡہُرٍ ۙ وَّ الّٰٓیِٴۡ لَمۡ یَحِضۡنَ ؕ	اور تمہاری عورتوں میں سے وہ عورتیں جو حیض سے ناامید ہو چکی ہیں اگر تمہیں شک ہو تو اُن عورتوں کی عدّت تین مہینے ہے اور اُن عورتوں کی جنہیں (ابھی) حیض نہیں آیا

وَ، حرف عطف (اور) اَلّٰٓیِٴۡ، اسم موصول جمع مؤنث (وہ عورتیں جو) واحد، اَلَّتِیۡ، یَئِسۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب یَئِسَ یَیۡئَسُ، مصدر یَاۡسٌ، ناامید ہونا، مایوس ہونا (وہ ناامید ہو چکی ہیں)

مِنَ الۡمَحِیۡضِ (مِنۡ، اَلۡمَحِیۡضِ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡمَحِیۡضِ، مجرور، حَیۡضٌ، سے مصدر میمی، حیض (حیض سے) مِنۡ نِّسَآئِکُمۡ (مِنۡ، نِسَآءِ، کُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، نِسَآءِ، مجرور، مضاف، عورتوں، واحد، اِمۡرَاَۃٌ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری عورتوں میں سے)

اِنِ، اصل میں، اِنۡ، ہے زیر اگلے لفظ کو ملانے کیلئے دی گئی ہے، شرطیہ (اگر)

اِرۡتَبۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِرۡتَابَ یَرۡتَابُ، مصدر اِرۡتِیَابٌ، شک ہونا، شک میں پڑنا،

اِنِ، کی وجہ سے ترجمہ (تمہیں شک ہو) فَعِدَّتُهُنَّ (فَ، عِدَّتُ، هُنَّ) فَ، حرف عطف، تو، عِدَّتُ، مضاف، عدت، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کی (تو ان عورتوں کی عدت) ثَلٰثَةُ اَشۡهُرٍ (ثَلٰثَةُ، اَشۡهُرٍ) ثَلٰثَةُ، مضاف، اسم عدد، تین، اَشۡهُرٍ، مضاف الیہ، مہینے، واحد، شَهۡرٌ (تین مہینے) وَ، حرف عطف (اور) الّٰٓـِٔيۡ، اسم موصول جمع مؤنث (اُن عورتوں کی جنہیں) واحد، اَلَّتِيۡ، لَمۡ يَحِضۡنَ، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مؤنث غائب حَاضَ يَحِيۡضُ، مصدر حَيۡضًا، حیض آنا (انہیں حیض نہیں آیا)

وَ اُولَاتُ الۡاَحۡمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنۡ يَّضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّ ؕ	اور حمل والیاں اُن عورتوں کی عدّت ہے کہ وہ اپنے حمل وضع کریں

وَ، حرف عطف (اور) اُولَاتُ الۡاَحۡمَالِ (اُولَاتُ، اَلۡاَحۡمَالِ) اُولَاتُ، مضاف، اُولُوۡ، کی مؤنث، والیاں، اَلۡاَحۡمَالِ، مضاف الیہ (بہت سے) حمل، واحد، حَمۡلٌ (حمل والیاں)

اَجَلُهُنَّ (اَجَلُ، هُنَّ) اَجَلُ، مضاف، مدت مقرر، عدت، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کی (اں عورتوں کی عدت) اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) يَضَعۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب وَضَعَ يَضَعُ، مصدر وَضۡعًا، جننا، حمل وضع کرنا (وہ عورتیں وضع کریں)

حَمۡلَهُنَّ (حَمۡلَ، هُنَّ) حَمۡلَ، مضاف، حمل، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے حمل)

وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ اَمۡرِهٖ يُسۡرًا ۝	اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس کیلئے اس کے کام میں آسانی پیدا کردے گا

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ موصولہ (جو) يَتَّقِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِتَّقٰى يَتَّقِيۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (وہ ڈرے گا) اَللّٰهَ (اللہ) يَجۡعَلۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، پیدا کرنا (وہ پیدا کردے گا) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) مِنۡ اَمۡرِهٖ (مِنۡ، اَمۡرِ، هٖ) مِنۡ، حرف جار، بمعنی، فِيۡ، میں، اَمۡرِ، مجرور، مضاف، کام،

ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے کام میں) یُسْرًا، اسم نکرہ (آسانی، آسان)

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ؕ	یہ اللہ کا حکم ہے اس نے اس کو تمہاری طرف نازل کیا ہے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) اَمْرُ اللّٰهِ(اَمْرُ، اَللّٰهِ) اَمْرُ، مضاف، اسم مصدر، حکم، فیصلہ،
اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا حکم) اَنْزَلَهٗٓ(اَنْزَلَ، ہٗ) اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ،
مصدر اِنْزَالًا، نازل کرنا، اس نے نازل کیا ہے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس
(اس نے اس کو نازل کیا ہے)

اِلَيْكُمْ (اِلٰی، كُمْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرف)

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ يُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝	اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس سے اُس کی بُرائیاں دور کر دے گا اور اُس کیلئے اجر بڑا کر دے گا

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ موصولہ (جو) يَتَّقِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر
اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (وہ ڈرے گا) اَللّٰهَ (اللہ) يُكَفِّرْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم كَفَّرَ يُكَفِّرُ، مصدر
تَكْفِيْرٌ، دور کرنا (وہ دور کر دے گا) عَنْهُ(عَنْ، ہُ) عَنْ، حرف جار، سے، ہُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر
غائب، اس (اس سے) سَيِّاٰتِهٖ(سَيِّاٰتِ، ہٖ) سَيِّاٰتِ، مضاف، بُرائیاں، واحد، سَيِّئَةٌ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر
واحد مذکر غائب، اس کی (اُس کی بُرائیاں) وَ، حرف عطف (اور)

يُعْظِمْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم اَعْظَمَ يُعْظِمُ، مصدر اِعْظَامٌ، بڑا کرنا (وہ بڑا کر دے گا)
لَهٗٓ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) اَجْرًا (اجر، بدلہ، صلہ)

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ	تم انہیں رہائش دو جہاں تم اپنی استطاعت کے مطابق رہائش رکھتے ہو اور تم اُن عورتوں کو تکلیف نہ پہنچاؤ کہ تم اُن پر (رہنے کا ٹھکانہ) تنگ کرو

اَسْكِنُوْهُنَّ(اَسْكِنُوْا، هُنَّ) اَسْكِنُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَسْكَنَ يُسْكِنُ، مصدر اِسْكَانٌ، رہائش

دینا، تم رہائش دو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (تم انہیں رہائش دو)

مِنْ حَيْثُ (مِنْ، حَيْثُ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، حَيْثُ، مجرور، ظرف مکان (جہاں، جس جگہ) سَكَنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر سَكَنَ يَسْكُنُ، مصدر سُكُوْنٌ وَّ سَكَنًا، خاموش ہونا، رہائش رکھنا (تم رہائش رکھتے ہو) مِنْ وُّجْدِكُمْ (مِنْ، وُجْدِكُمْ) مِنْ، حرف جار، کے مطابق، وُجْدِ، اسم مجرور، مضاف، وسعت، طاقت، استطاعت، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی استطاعت کے مطابق) وَ، حرف عطف (اور) لَا تُضَآرُّوْهُنَّ (لَا تُضَآرُّوْا، هُنَّ) لَا تُضَآرُّوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر ضَآرَّ يُضَآرُّ، مصدر مُضَآرَّةٌ، تکلیف پہنچانا، تم تکلیف نہ پہنچاؤ، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن عورتوں کو (تم اُن عورتوں کو تکلیف نہ پہنچاؤ) لِتُضَيِّقُوْا (لِ، تُضَيِّقُوْا) لِ، لام تعلیل، کہ، تُضَيِّقُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر ضَيَّقَ يُضَيِّقُ، مصدر تَضْيِيْقٌ، تنگ کرنا، تم تنگ کرو (کہ تم تنگ کرو)

عَلَيْهِنَّ (عَلٰى، هِنَّ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (ان عورتوں پر)

وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ	اور اگر وہ حمل والیاں ہوں تو تم ان عورتوں پر خرچ کرو یہاں تک کہ وہ اپنے حمل وضع کرلیں

